★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15
پیر 27 جمادی الثانی 1446ھ 30 دسمبر 2024ء 12 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے)
شمارہ نمبر 74

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

جنوبی کوریا میں مسافر طیارے کو حادثہ 151 افراد ہلاک 2 کو بچالیا گیا

جنوبی کوریا کے موان ہوائی اڈے پر بوئنگ طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، طیارے میں 175 مسافر اور عملے کے 6 افراد سوار تھے، مسافر طیارہ بنکاک سے موان پہنچا تھا

طیارے کو حادثہ لینڈنگ گیئر میں خرابی کے سبب پیش آیا، طیارہ رن وے سے اتر کر رن وے کے گرد لگی باڑ سے جا ٹکرایا جس سے طیارے میں آگ بھڑک اٹھی

سیول (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی کوریا میں لینڈنگ کے دوران طیارے میں آگ لگ گئی جس سے 151 افراد ہلاک ہوگئے، 2 کو بچالیا گیا جبکہ ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی کوریا کے موان ہوائی اڈے پر بوئنگ طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، طیارے میں 175 مسافر اور عملے کے 6 افراد سوار تھے، مسافر طیارہ بنکاک سے موان پہنچا تھا۔ رپورٹس میں بتایا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر1

جنوبی کوریا کے موان ہوائی اڈے پر حادثے کا شکار بوئنگ طیارہ میں آگ لگی ہوئی ہے

ایبسلوٹلی ناٹ والے اقتدار کیلئے امریکا کے پاؤں میں پڑے ہیں، حنیف عباسی

پاکستان کے اندر معاشی استحکام آیا ہے تو سول نافرمانی کی باتیں کی جارہی ہیں، لیگی رہنما کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما حنیف عباسی نے کہا ہے کہ امریکی غلامی نامنظور اور ایبسلوٹلی ناٹ کا نعرہ لگانے والے آج اقتدار کیلئے امریکا کے پاؤں پڑے ہوئے ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران حنیف عباسی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر2

حکومت معیشت کی بحالی کیلئے سخت محنت کررہی ہے، انجینئر امیر مقام

ٹریڈ شو سے مقامی تاجروں کو کاروبار میں مزید وسعت دینے کے حوالے سے مواقع فراہم ہونگے، وفاقی وزیر

سوات (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سیفران و امور کشمیر و گلگت بلتستان اور پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ حکومت وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں معیشت کی بحالی کے لیے سخت محنت کررہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر3

اوورسیز نے 11 ماہ میں 31 فیصد زائد رقم بھیج کر سول نافرمانی کال مسترد کردی، مریم اورنگزیب

نومئی کے مجرموں سے ملک کی ترقی، مستحکم معیشت عوام کی خوشحالی ہضم نہیں ہورہی جسے چار سال میں تباہ و برباد کرکے گئے تھے

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 11 ماہ میں 31 فیصد زیادہ پیسے بھیج کر سول نافرمانی کی کال مسترد کردی ہے۔ سال 2024 کے پہلے 11 ماہ میں ترسیلات زر میں مزید 31 فیصد اضافے کا خیر مقدم کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ اب بیرون ملک مقیم پاکستانی جھوٹ فریب اور فراڈیوں کے جھانسے میں آنے والے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مار دو، جلا دو، گالی گلوچ، غنڈہ گردی، جھوٹ فراڈ سول نافرمانی کی کالز سے عوام کا پیٹ نہیں بھرتا، نومئی کے مجرموں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر4

ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق صدر کے دستخطوں کے ساتھ ہی بل قانون بن گیا، قومی اسمبلی جلد گزٹ نوٹیفیکیشن جاری کرے گی

دینی مدارس کی رجسٹریشن
صدر نے سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 2024 پر دستخط کردیئے

ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق قانون کے تحت دینی مدارس کی رجسٹریشن سوسائٹی ایکٹ کے مطابق ہوگی، یہ معاملہ افہام وتفہیم سے حل کرلیا گیا ہے

آصف علی زرداری نے مدارس بل کے معاملے پر مولانا فضل الرحمٰن کے تحفظات دور کرنے اور معاملہ جلد از جلد حل کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی

اسلام آباد (این این آئی) دینی مدارس کی رجسٹریشن کا معاملہ، صدر آصف زرداری نے سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 2024 پر دستخط کردیئے۔ ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق صدر کے دستخطوں کے ساتھ ہی بل قانون بن گیا، قومی اسمبلی جلد گزٹ نوٹیفیکیشن جاری کرے گی۔ ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق قانون کے تحت دینی مدارس کی رجسٹریشن سوسائٹی ایکٹ کے مطابق ہوگی، یہ معاملہ افہام وتفہیم سے حل کرلیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز جمعیت علمائے اسلام (ف) سندھ کے جنرل سیکریٹری مولانا راشد سومرو نے لاڑکانہ میں صدر آصف زرداری سے ملاقات کی تھی، اس موقع پر چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری بھی موجود تھے۔ پیپلز پارٹی کی قیادت اور جمعیت علمائے اسلام سندھ کے رہنماؤں کے درمیان سیاسی صورت حال کے علاوہ مدارس رجسٹریشن بل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ آصف علی زرداری نے مدارس بل کے معاملے پر مولانا فضل الرحمٰن کے تحفظات دور کرنے اور معاملہ جلد از جلد حل کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ 20 اکتوبر 2024 کو مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے ایک بل سینیٹ میں پیش کیا گیا جس میں ذیل میں درج شقیں شامل کی گئی ہیں۔ بل کو سوسائٹیز رجسٹریشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا نام دیا گیا ہے۔ بل میں متعدد شقیں شامل ہیں۔ بل میں 1860 کے ایکٹ کی شق 21 کو تبدیل کرکے دینی مدارس کی رجسٹریشن کے نام سے ایک نئی شق شامل کی گئی ہے۔ اس شق میں کہا گیا ہے کہ ہر دینی مدرسہ چاہے اسے جس نام سے پکارا جائے اس کی رجسٹریشن لازم ہوگی، رجسٹریشن کے بغیر مدرسہ بند کردیا جائیگا۔ شق 21 اے میں کہا گیا کہ وہ دینی مدارس جو سوسائٹیز رجسٹریشن ترمیمی ایکٹ 2024 کے نافذ ہونے سے قبل قائم کیے گئے ہیں، اگر رجسٹرڈ نہیں تو انہیں 6 ماہ کے اندر اپنی رجسٹریشن کرانی ہوگی۔ شق بی میں کہا گیا کہ وہ مدارس جو اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر8

رواں برس کامیاب آپریشنز میں خارجیوں سمیت 925 دہشت گرد واصل جہنم

پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف ایک طویل جنگ لڑی، اس جنگ میں افواج پاکستان نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں، رپورٹس

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے رواں برس کامیاب آپریشنز کے دوران خارجیوں سمیت 925 دہشت گردوں کو واصل جہنم کیا گیا اور سیکڑوں افراد گرفتار بھی کیے گئے۔ پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف ایک طویل جنگ لڑی ہے، اس جنگ میں افواج پاکستان نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق سال 2024 کے دوران مجموعی طور پر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشتگردوں اور ان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر5

وزیراعظم شہباز شریف کا جنوبی کوریا میں طیارہ حادثے پر اظہار افسوس

غم کی اس گھڑی میں جنوبی کوریا کے عوام اور حکومت کے ساتھ ہیں، تعزیتی پیغام جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی کوریا میں طیارہ حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ موان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر طیارہ حادثے کا سن کر بہت دکھ ہوا، طیارہ حادثے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر افسوس ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ غم کی اس گھڑی میں جنوبی کوریا کے عوام اور حکومت کے ساتھ ہیں۔ خیال رہے کہ جنوبی کوریا میں لینڈنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر6

کرم معاملے پر گرینڈ جرگہ دوبارہ شروع، راستے کھلوانے پر ڈیڈلاک برقرار

ایک فریق کے معاہدے پر دستخط، دوسرے کا اسلحہ واپسی اور مورچے ختم ہونے تک دستخط سے انکار

ڈیرہ اسماعیل خان، کراچی (این این آئی) کرم میں قیام امن کیلئے گرینڈ جرگے میں فریقین کے درمیان سڑکوں اور راستوں کو کھلوانے پر ڈیڈلاک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر7

لاہور، وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

پنجاب کی دیہی خواتین کیلئے ایم پنجاب لائیوسٹاک کارڈ کا اجرا

ملتان، خانیوال، لودھراں، وہاڑی، بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یارخان میں دیہی خواتین کیلئے چیف منسٹر لائیوسٹاک پراجیکٹ جاری

ڈیرہ غازی خان، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور اور کوٹ ادو کے دیہات میں خواتین کو پالنے کیلئے مفت گائے اور بھینسیں ملیں گی

لاہور (صبیحہ فیاض) پنجاب حکومت کی جانب سے دیہی خواتین کیلئے 2 ارب روپے کا پیکیج، سی ایم پنجاب لائیو سٹاک کارڈ کا اجرا کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کی دیہی رانیوں کیلئے باعزت روزگار کے دروازے کھول دیے، معاشی خودمختاری کیلئے 12 اضلاع کی 11 ہزار دیہی خواتین کیلئے 2 ارب روپے کا ریکارڈ پیکیج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر9



راولپنڈی، رہنما ن لیگ حنیف عباسی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ملک کو درپیش بحرانوں کا حل صرف عمران خان کے پاس ہے، مسرت جمشید چیمہ

عوام جعلی حکمرانوں کی کارکردگی پر نظر رکھے ہوئے ہیں، موقع میسر آنے پر کڑا محاسبہ کرینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عوام جعلی حکمرانوں کی کارکردگی پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور انہیں انتخابات کی صورت میں جب بھی موقع میسر آیا وہ ان کا کڑا محاسبہ کریں گے۔ پی ٹی آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر13

قیصر احمد شیخ نے سلامیہ ہسپتال میں میڈیکل کیمپ کا افتتاح کردیا

جنوری میں چنیوٹ جی سی یونیورسٹی کا افتتاح ہوگا، وفاقی وزیر بحری امور کی گفتگو

چنیوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ نے اتوار کے روز اسلامیہ ہسپتال میں میڈیکل کیمپ کا افتتاح کیا جس میں ہزاروں افراد مستفید ہوئے مختلف اقسام کے فری میڈیکل ٹیسٹ بھی کیے گیے اور مریضوں کو مفت ادویات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر12

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر مزید 31 فیصد بڑھ گئیں

سمندر پار پاکستانیوں نے جنوری سے نومبر 2024 تک 21 ارب 5 کروڑ ڈالر پاکستان بھیجے

اسلام آباد (این این آئی) بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر 2024 میں 31 فیصد مزید بڑھ گئیں۔ سمندر پار پاکستانیوں نے جنوری سے نومبر 2024 تک 21 ارب 5 کروڑ ڈالر پاکستان بھیجے، سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر11

حکومت مذاکرات پر وکٹ کے دونوں طرف نہ کھیلے، شوکت یوسفزئی

بانی پی ٹی آئی نے کوئی این آر او نہیں مانگا، خواجہ آصف اور گورنر فیصل کریم کنڈی کے بیانات سمجھ سے بالاتر ہیں، بیان

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت مذاکرات پر وکٹ کے دونوں طرف نہ کھیلے۔ انہوں نے ویڈیو بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو مذاکرات کرنے ہیں تو کھلے دل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر10

شرح سود کم ہوکر سنگل ڈیجیٹ تک آجائے گی

وفاقی وزیر خزانہ

معیشت کا پہیہ چلنا شروع ہوگیا ہے، ملک کی خاطر چارٹر آف اکانومی پر اکٹھے ہوجائیں، کسی کے سہارے نہیں خود ترقی کرکے آگے آئے ہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد میں دربار نہیں لگائیں گے، بجٹ تجاویز کے لیے لوگوں کے پاس جائیں گے، جو باتیں کہیں وہ پوری کرکے دکھائی ہیں، بجلی کی قیمتوں کو بھی کم کریں گے، میڈیا سے گفتگو

کمالیہ (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ شرح سود کم ہوکر سنگل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر14

کراچی، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی شازیہ مری پریس کانفرنس کررہی ہیں

امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ ڈویژنل تربیت گاہ سے خطاب کررہے ہیں

وفاقی کابینہ میں توسیع کا فیصلہ، مشاورتی تکمیل، نئے وزیروں کی آن ائے مکمل

طارق فضل چوہدری، حنیف عباسی اور طلال چوہدری کو وفاقی وزیر بنانے کا فیصلہ ہوگیا، آج حلف برداری متوقع

تینوں وزراء اور مشیر کی پیر کے روز حلف برداری ہونے کا امکان ہے، وفاقی کابینہ فی الوقت 18 ارکان پر مشتمل ہے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے وفاقی کابینہ میں توسیع کا فیصلہ کرلیا اور اس سلسلے میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر34

نارووال، وفاقی وزیر احسن اقبال قاطو سڑک کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

معیشت اور سیاسی استحکام کے لئے آگے بڑھ رہے ہیں، احسن افضل کھوکھر

پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، سیاسی دہشت گردی نہیں چلنے دیں گے، رہنما مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کے دور حکومت میں ہمیشہ ملک میں ترقی ہوئی ہے، اب بھی ہم ڈیفالٹ سے ہٹ کر ترقی کی طرف جا رہے ہیں، معیشت ترقی کررہی ہے، مذاکرات کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر15

پنجاب، خیبر پختونخواہ میں دھند کے باعث ٹریفک حادثات، 40 افراد زخمی

شدید دھند کی وجہ سے کئی گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، حد نگاہ صفر ہونے کی وجہ سے موٹروے کو کئی مقامات سے بند رکھا گیا

لاہور، سرگودھا، ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں دھند کے باعث مختلف ٹریفک حادثات میں 40 افراد زخمی ہوگئے جن میں سے متعدد کی حالت تشویشناک ہے، شدید دھند کی وجہ سے موٹروے کو کئی مقامات سے بند رکھا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر33

لاہور پولیس کے 240 اہلکاروں کو پنجاب کانسٹیبلری میں بھجوادیا گیا

پنجاب کانسٹیبلری میں تبادلہ ہونے والے اہلکاروں میں فلائنگ سکواڈ، اینٹی رائیٹ یونٹ شامل ہے

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے 240 اہلکاروں کو ڈیڑھ سال کیلئے پنجاب کانسٹیبلری میں بھجوادیا گیا۔ پنجاب کانسٹیبلری میں تبادلہ ہونے والے اہلکاروں میں فلائنگ سکواڈ، اینٹی رائیٹ یونٹ شامل ہے۔ ایس ایس پی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر18

صدر مملکت کا جنوبی کوریا میں ایئرپورٹ پر مسافر طیارے کے حادثے پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی کوریا میں ایئرپورٹ پر مسافر طیارے کے حادثے میں قیمتی جانی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر پریس ونگ سے اتوار کو جاری تعزیتی بیان میں صدر مملکت نے جنوبی کوریا کی حکومت اور عوام کے ساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر17

ملک کے تین صوبوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس ٹائپ ون کی نشاندہی

ٹیکنیکل رپورٹ وزارت صحت کو موصول، 3 صوبوں کے 26 اضلاع کی سیوریج میں وائرس کی تصدیق کی گئی

لاہور (این این آئی) ملک کے تین صوبوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس ٹائپ ون (ڈبلیو پی وی ون) کی نشاندہی ہوئی ہے۔ پولیو پازیٹو سیوریج سیمپلز کی ٹیکنیکل رپورٹ وزارت صحت کو موصول ہوگئی جس میں ملک 3 صوبوں کے 26

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر16

ملک بھر کے پہلے سے متاثرہ 26 اضلاع میں پولیو وائرس کی نشاندہی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے پہلے سے متاثرہ 26 اضلاع سے لیے گئے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس ٹائپ ون (ڈبلیو پی وی ون) کی نشاندہی ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق متاثرہ اضلاع سے لیے گئے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی نشاندہی ان اضلاع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر32

ملک کو آگے لے جانے کیلئے آئین وقانون کے راستے پر چلنا ہوگا، رانا جاوید عمر

حکمرانوں کے سامنے سوال اٹھانے کا شعور دینا عمران خان کی بڑی کامیابی ہے، رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ ملک کو آگے لے جانے کیلئے آئین وقانون کے راستے پر چلنا ہوگا حکمرانوں کے سامنے سوال اٹھانے کا شعور دینا عمران خان کی بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر31

جمہوریت میں اپوزیشن، حکومت گاڑی کے 2 پہیے ہیں، طارق گل

پی ٹی آئی سن لے، مذاکرات سے قبل مطالبات تسلیم نہیں کیے جاسکتے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی طارق مسیح گل نے کہا ہے کہ پارلیمانی جمہوری سسٹم میں اپوزیشن اور حکومت گاڑی کے 2 پہیے ہیں، جمہوری نظام میں فیصلے سڑکوں پر فیصلہ کبھی نہیں ہوتا، 190 ملین پاؤنڈ کیس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر30

ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو کو شہید کرنیوالے غلط فہمی پر تھے، شازیہ مری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی مرکزی ترجمان شازیہ مری کا کہنا ہے کہ جنہوں نے ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو کو شہید کیا وہ غلط فہمی پر تھے۔ بلاول ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو کمزور اور غریب کی آواز تھیں۔ انہوں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر29

پی ٹی آئی سول نافرمانی کا شوق بھی پورا کرلے، حاجی امداد

حکومت سے مذاکرات نہ کرنے کا کہنے والے اب مذاکرات کیلئے منتیں کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے سابق صدر حاجی امداد حسین نے پی ٹی آئی رہنماؤں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کل تک حکومت سے مذاکرات نہ کرنے کا کہنے والے اب مذاکرات کیلئے منتیں کررہے ہیں، وزیراعظم ایوان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر28

پاک بھارت جوہری تنصیبات کی فہرستوں کا تبادلہ یکم جنوری کو ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت یکم جنوری 2025 کو اپنی جوہری تنصیبات کی فہرستوں کا تبادلہ کرینگے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 31 دسمبر 2024 تک دونوں ملکوں کے متعلقہ ادارے اپنی جوہری تنصیبات سہولیات کی تازہ ترین فہرست تیار کرنے میں مصروف ہیں ایسا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر20

پنجاب میں دھند کا راج، موٹرویز مختلف مقامات سے بند

ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن اور ایم تھری ایم 4 پنڈی بھٹیاں سے عبدالحکیم اور ملتان سے فیصل آباد، ایم 5 ملتان سے سکھر تک بند

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں دھند کا راج، حد نگاہ کم ہونے کے باعث موٹرویز متعدد مقامات سے بند ہیں۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن تک اور ایم تھری کو لاہور سے درخانہ تک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر19

اسلام آباد، 17 سال سے ریڈ بک کا انتہائی مطلوب انسانی اسمگلر گرفتار

ملزم انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ کے گھناؤنے جرم میں ملوث ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) 17 سال سے ریڈ بک کے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلر کو اسلام آباد ایئرپورٹ سے گرفتار کرلیا گیا، ملزم انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ کے گھناؤنے جرم میں ملوث ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاق تحقیقاتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر21

مدینہ منورہ، سینیٹر پروفیسر ساجد میر روضہ رسولؐ پر حاضری دے رہے ہیں

فیصل کریم کنڈی کا فتنہ الخوارج کے خلاف سیکورٹی فورسز کے کردار کو خراج تحسین

وطن عزیز کی خاطر جانیں قربان کرنے والے قومی محسن ہیں، پاکستانی عوام ہر محاذ پر اپنے عسکری جوانوں کے شانہ بشانہ ہیں، بیان

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دفاع وطن کی خاطر جانیں قربان کرنے والے قومی محسن ہیں، پاکستانی عوام ہر محاذ پر اپنے عسکری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر22

عوام سے ٹیکس وصول کرکے انکو دے رہے ہیں جو بجلی پیدا ہی نہیں کرتے، حافظ نعیم الرحمٰن

جب ہم نے آئی پی پیز کا مسئلہ اٹھایا تو لوگوں کو پتہ بھی نہیں تھا کہ آئی پی پیز کیا چیز ہیں

اتنی رقم دی جارہی ہے جس سے نرسری سے یونیورسٹی لیول تک تعلیم مفت دی جاسکتی ہے، امیر جماعت اسلامی

لوئر دیر (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستانی تنخواہ دار طبقے کی تنخواہ سے ٹیکس وصول کرکے ان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر23



امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن غزہ ملین مارچ سے خطاب کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی ملنا چاہیں گے تو بھی سوچ کر فیصلہ کروں گا

فضل الرحمان

انتخابات 2024ء میں ہمیں لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں دی گئی، انتخابات میں کچھ لوگ استعمال ہوئے، ہم نے انکار کیا

پی ٹی آئی سے وفاق میں ورکنگ ریلیشن ہے، صوبائی معاملات پر ہمارا اپنا موقف ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن جماعت جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی ملنا چاہیں گے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر27

لاہور، پریس کلب کے سالانہ انتخابات کے موقع پر پولیس اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

گرینڈ امن جرگہ کرم میں قبائل کے درمیان امن معاہدہ کرانے میں ناکام

ایک فریق کے مشران نے امن معاہدے پر تاحال دستخط نہیں کیے، 100 سے زائد علاقوں کا ملک سے زمینی رابطہ منقطع

کرم (این این آئی) گرینڈ امن جرگہ ضلع کرم میں قبائل کے درمیان امن معاہدہ کرانے میں تاحال ناکام ہے، حکومتی اور جرگہ ممبران کے دعووں کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر24

شہریوں کو لیبیا سے اٹلی بھجوانے میں ملوث انسانی اسمگلر گرفتار

ملزمان نے متاثرہ شہریوں کو پہلے عمرے ویزے پر سعودی عرب بھجوایا اور پھر وہاں سے لیبیا بھجوایا

فیصل آباد (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے یونان کشتی حادثے میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر26

کرم میں راستوں کی بندش کے خلاف کراچی میں 12 مقامات پر دھرنے جاری

مذہبی جماعت نے نمائش چورنگی، ملیر 15، شارع فیصل، انچولی سمیت دیگر مقامات پر دھرنے دیے ہیں

کراچی (این این آئی) پاراچنار اور کرم کے راستوں کی بندش کے خلاف کراچی میں 12 مقامات پر مذہبی جماعت کے دھرنے جاری ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر25

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

وفاقی حکومت متنازع کینال منصوبے سے فوری دستبرداری کا اعلان کرے، نثار کھوڑو کا مطالبہ

پیپلز پارٹی، وفاقی حکومت کو سندھ کے پانی، گیس اور این ایف سی کے حصے میں کسی صورت کٹوتی نہیں کرنے دے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر متنازع کینال منصوبے سے دستبرداری کا اعلان کرے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی، وفاقی حکومت کو سندھ کے پانی، گیس اور این ایف سی کے حصے میں کسی صورت کٹوتی نہیں کرنے دے گی، وفاقی حکومت مسلسل آئین کی خلاف ورزیاں کر رہی ہے، اس لیے وفاقی حکومت آئین کی خلاف ورزیوں سے باز رہے۔ نثار کھوڑو نے سندھ میں گیس کی شدید لوڈشیڈنگ اور گیس کے کم پریشر کو آئین کے آرٹیکل 158 کی خلاف ورزی قرار دیا اور کہا کہ وفاقی حکومت سے مطالبہ ہے کہ آئین کے تحت سندھ کو اپنے حصے کی گیس فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 158 کے تحت یہ لازمی ہے کہ جس صوبے سے گیس نکلتا ہو، پہلے اس صوبے کی ضرورت کو پورا کیا جائے، سندھ 65 فیصد 21 سو ایم ایم سی ایف ڈی گیس پیدا کرنے والا صوبہ ہے مگر سندھ کو اپنے حصے کی گیس فراہم نہیں کی جا رہی۔

مدارس ایکٹ کی منظوری، جے یو آئی کا شکرانہ، قوم کے نام عظیم کامیابی کا پیغام

جے یو آئی کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں دینی اداروں کو ایک نیا اور مضبوط قانونی تحفظ ملے گا، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی کے ترجمان اسلم غوری نے مدارس ایکٹ کے نوٹیفیکیشن کے اجرا کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اس اہم کامیابی پر قوم، کارکنان اور اتحاد تنظیمات مدارس کے اکابر کو دلی مبارکباد پیش کی۔ اپنے بیان میں اسلم غوری نے کہا کہ آج کا دن ہماری محنت اور جدوجہد کا ثمر ثابت ہوا ہے، اللہ کی مدد سے ہم نے دینی مدارس کے تحفظ کی راہ ہموار کی ہے اور یہ سرخرو ہونے کا لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں دینی اداروں کو ایک نیا اور مضبوط قانونی تحفظ ملے گا۔ انہوں نے اس کامیابی کو پورے ملک کے علما اور دینی اداروں کے اتحاد کی مرہون منت قرار دیا جس نے مدارس کے تحفظ کے لیے ایک سنگ میل قائم کیا۔ انہوں نے کہا کہ مدارس دینیہ نہ صرف اسلام کے قلعے ہیں بلکہ پاکستان کے نظریاتی جغرافیے کے محافظ بھی ہیں، ان کی اہمیت کا اعتراف کرنا ہم سب پر فرض ہے۔ اسلم غوری نے عزم کا اظہار کیا کہ جے یو آئی ہر قیمت پر دینی مدارس کی خودمختاری کی حفاظت کرے گی اور ان کے خلاف ہونے والی کسی بھی سازش کو کامیاب ہونے نہیں دے گی۔

مہمان خصوصی
خصوصی شرکت: غلام حسین ساجد، شعیب بن عزیز

بزم انمول انٹرنیشنل کی جانب سے کتاب خیر الانام کی منعقدہ تقریب میں شنگا گو سے آئے عابد رشید دیگر مہمان سٹیج پر بیٹھے ہیں

بزم انمول انٹرنیشنل کی جانب سے عابد رشید کی کتاب خیر الانام کی تقریب کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) بزم انمول انٹرنیشنل کی جانب سے پنڈ ریسٹورنٹ لاہور میں شکاگو سے تشریف لائے ہوئے عابد رشید کی کتاب خیر الانام کی تقریب پذیرائی ہوئی یہ کتاب حمد، نعت اور منقبت پر مشتمل ہے۔ تقریب کی صدارت معروف شاعر سعد اللہ شاہ نے کی جبکہ بعد ازاں پروفیسر ریاض مجید، سید محمود رضا اور ڈاکٹر طاہر بھی فیصل آباد سے تشریف لائے اور عابد رشید کو مبارکباد پیش کی، تقریب کے مہمانان خصوصی میں انیس احمد شیخ ہارون ناصر اسلم کمال، باصو توقیر شریفی، غلام حسین ساجد، ریٹائرڈ بریگیڈیئر ڈاکٹر وحید الزمان طارق اور لاہور کے مشہور اسکالر پیر طارق شریف زادہ نے شرکت کی اور عابد رشید کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے خیر الانام پر گفتگو کی، تقریب کا انعقاد شاندار طریقے سے ہوا ندیم حسن گوہر نے محبتوں سے لبریز پھولوں کا گلدستہ عابد رشید کو پیش کیا اور انیس احمد، اسمٰعیل ارشاد خان و وحید ناز توقیر شریفی شیخ ہارون ناصر شبنم مرزا و لائبہ احمد فاروقی نے عابد رشید کے بارے میں انتہائی خوبصورت گفتگو کی جبکہ بزم انمول انٹرنیشنل کی بانی و چیئرپرسن محترمہ انمول گوہر علی نے نظامت کے فرائض بھی ادا کیے اور عابد رشید کو ایک پھولوں کی باسکٹ دو پھولوں کے بوکے پیش کیے انمول گوہر علی نے عابد رشید کو انمول ادبی ایوارڈ سے بھی نوازا تقریب میں ڈاکٹر رفیق احمد خان و دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی اور عابد رشید کو خیر الانام کی اشاعت پر مبارکباد پیش کی۔ ملک کے مشہور گائیک شیخوپورہ سے اسلم کمال باصو نے ترنم کے ساتھ عابد رشید کا کلام پیش کر کے تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ عابد رشید نے اپنا خوبصورت کلام حمد نعت منقبت پر مبنی سنا کر محفل کے دل جیت لئے۔

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران لاہور پریس کلب کے انتخابات کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران کی ہدایت پر لاہور پریس کلب کے انتخابات کے موقع پر سکیورٹی کے بھرپور انتظامات کئے گئے

لاہور پریس کلب کے طرف آنے والے راستوں پر سخت چیکنگ عمل میں لائی گئی

ڈی آئی جی کی پریس کلب انتظامیہ سے بھی ملاقات اور سکیورٹی بارے استفسار کیا، متعلقہ افسران کو حکم، الیکشن کا عمل مکمل ہونے تک سکیورٹی جاری رکھی جائے

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران کی ہدایت پر لاہور پریس کلب کے انتخابات کے موقع پر سکیورٹی کے بھرپور انتظامات کئے گئے۔ لاہور پریس کلب کے طرف آنے والے راستوں پر سخت چیکنگ عمل میں لائی گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے لاہور پریس کلب کا وزٹ کیا اور انٹری گیٹس سمیت گردونواح کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے ڈی آئی جی آپریشنز کو سکیورٹی انتظامات بارے بریفنگ دی۔ ایس ڈی پی او مزنگ سرکل اور متعلقہ ایس ایچ او بھی ہمراہ موجود تھے۔ انہوں نے پریس کلب انتظامیہ سے بھی ملاقات اور سکیورٹی بارے استفسار کیا۔ پریس کلب انتظامیہ نے سکیورٹی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں سے گفتگو کی اور انہیں الرٹ رہنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو حکم دیا کہ الیکشن کا عمل مکمل ہونے تک سکیورٹی جاری رکھی جائے۔

اتوار دعائیہ تقریبات، گرجا گھروں کی سکیورٹی الرٹ

لاہور پولیس ہر موقع، تہوار پر بلاتفریق مکمل جذبے سے اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے

لاہور (خبر نگار) لاہور پولیس صوبائی دارالحکومت میں اقلیتوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے۔ مسیحی برادری اور امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے کینٹ اور ماڈل ٹاؤن سمیت شہر کے مختلف گرجا گھروں کا سرپرائز دورہ کیا۔ انہوں نے سلویشن چرچ آرمی ہیڈ کوارٹرز، ڈان باسکو چرچ کا بھی دورہ کیا۔ محمد فیصل کامران نے سینٹ میری چرچ اناکلی اور کیتھیڈرل چرچ پر بھی سکیورٹی کے انتظامات چیک کئے۔ انہوں نے کہا کہ 622 گرجا گھروں پر 2 ہزار سے زائد جوان سکیورٹی پر تعینات کیے گئے ہیں۔ گرجا گھروں میں واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹرز کے استعمال سے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ یقینی بنائی گئی۔ محمد فیصل کامران نے چرچ منتظمین سے ملاقات بھی کی۔ ڈولفن سکواڈ، پی آر یو و دیگر پٹرولنگ ٹیمیں گرجا گھروں اور مسیحی کالونیوں کے اطراف موثر گشت یقینی بنائی گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران سمیت تمام ڈویژنل ایس پیز سکیورٹی چیکنگ کے لیے خود فیلڈ میں موجود رہے۔ ڈیوٹی پر موجود جوانوں کو چیک کیا اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا گیا۔

پنجاب بھر میں 1149 ٹریفک حادثات میں 10 افراد جاں بحق 1255 زخمی ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1149 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 541 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔

صرف بیوروکریسی کے ذریعے اصلاحات کا عمل مکمل نہیں کیا جا سکتا، لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن

ایف بی آر کے محکمے کی کڑی مانیٹرنگ کی ضرورت ہے، خانہ پری کیلئے نوٹسز کی بھرمار کی جاتی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر کی حالیہ پریس کانفرنس سے ٹیکسیشن نظام کے حوالے سے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو گیا ہے، جب تک ایف بی آر کے نظام میں موجود سقم دور نہیں کئے جاتے بگاڑ درست نہیں ہو سکتا، اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ صرف بیوروکریسی کے ذریعے اصلاحات کا عمل مکمل کر لیا جائے گا تو یہ اس کی بہت بڑی بھول ہے۔ صدر شہباز صدیق، نائب صدر میاں محمد زاہد، جنرل سیکرٹری انیب اختر انصاری، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ حکومتی ذمہ داران اور چیئرمین ایف بی آر جب یہ کہہ رہے ہوتے ہیں کہ فلاں طبقہ کھربوں روپے ٹیکس کی ادائیگی نہیں کر رہا تو وہ یہ تسلیم کر رہے ہیں ہوتے ہیں کہ حکومتی مشینری ناکام ہے۔ یوٹیلٹی بلوں کی صورت میں تو پسے ہوئے طبقات سے درجنوں ٹیکسز وصول کر لئے جاتے ہیں کیا وجہ ہے کہ جو مختلف کاروباروں کے ذریعے ماہانہ کروڑوں، اربوں روپے کما رہے ہیں ان سے ٹیکس کی مکمل وصولی نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے محکمے کی کڑی مانیٹرنگ کی ضرورت ہے۔ پالیسیاں ترتیب دیتے وقت متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے تجاویز لی جائیں ٹیکس کے معاملے پر ایف بی آر ہی اسیسمنٹ کر کے نوٹسز جاری کرتا ہے اور وصولی کی ذمہ داری بھی ایف بی آر کے افسران کی ہے ہے، مطالبہ ہے کہ ان شعبوں کو بالکل الگ الگ کیا جائے تا کہ خانہ پری کیلئے جو نوٹسز کی بھرمار ہوتی ہے اس کا سلسلہ رک سکے اور جو حقیقی نوٹسز جاری کئے جاتے ہیں انہیں ٹیکس وصولی کی صورت میں منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے۔

خانہ بدوش خاندان کے بچے ریلوے ٹریک پر کھیل کود میں مصروف ہیں جو چھوٹی سی غفلت کی وجہ سے کسی بڑے ناخوشگوار حادثے کا شکار ہو سکتے ہیں

فرسٹ وادو ریو ریکنگ کرانے چیمپئن شپ میں شریک کھلاڑیوں کا والدین اور چیف آرگنائزر محمد انور کے ہمراہ گروپ فوٹو

قرآن پاک کے نادر نسخوں، اللہ محمد گیلری، گندھارا آرٹ اور اسلامی خطاطی و فن پاروں کا نجی میوزیم

اسلامی تہذیب کا ایک جگہ یکجا کرنا خوش آئند، وفاقی وزیر و صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں قرآن پاک کے نادر نسخوں، اللہ محمد گیلری، اسلامی خطاطی کے نمونوں اور اسلام کی تاریخ پر مبنی ایسا مرکز ہے جہاں کسی سرکاری سرپرستی کے بغیر ذاتی کاوشوں سے مذہبی، معاشرتی اور تاریخی ایسی اشیاء اکٹھی کی گئی ہیں جو نئی نسل کے لئے انتہائی دلچسپی کی حامل ہیں۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے صوبیہ محل کے نام سے منسوب اس نجی میوزیم کا دورہ کرتے ہوئے وہاں انڈس ویلی، تاریخی نوادرات اور جدید آرٹ کے مجموعوں کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے میوزیم کے سرپرستی ... والی زاہد پرویز بٹ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں یہاں آ کر قدیم اور جدید دونوں تہذیبوں کے امتزاج کو دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ اسلامی تہذیب سے منسلک اتنی بڑی تعداد میں مختلف اشیاء کو ایک ہی جگہ یکجا کرنا اہم کارنامہ ہے جس سے نئی نسل کو اپنے اسلاف و تاریخ سے آگاہ ہونے میں خاطر خواہ مدد ملے گی اور یہ کسی ملی و دینی خدمت سے کم نہیں۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے صوبیہ محل میں موجود اسلامی خطاطی اور آرٹ کے نمونہ جات دیکھے اور ان کے معیار و حفاظت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ مزید ایسے اسلامی مراکز کا قیام ہونا چاہیے جس سے ہماری ذہنی صلاحیتوں اور مذہبی رجحان کو جلا بخشی جا سکے۔

ایس ایم ایز دوست بینکاری پالیسیوں کے ذریعے قرضوں کے حصول کو آسان بنایا جائے، خادم حسین

چھوٹے کاروبار کیلئے این او سیز کی رکاوٹوں کو ختم، یوٹیلٹی بلز میں خصوصی رعایت دی جائے، ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی، سینئر نائب صدر فیروز پور بورڈ اور سابقہ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ ایس ایم ایز دوست بینکاری پالیسیوں کے ذریعے قرضوں کے حصول کو آسان اور یقینی بنایا جائے، ریگولیٹری فریم ورک کو سادہ بنایا جائے اور اس شعبے کے لیے ٹیکس مراعات میں بہتری لائی جائے، حکومت ایس ایم ایز کو انوویشن کے ذریعے برآمدی انڈسٹری میں تبدیل کرنے کیلئے سرپرستی اور مالی معاونت کرے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ایس ایم ایز پر اس طرح توجہ نہیں دی گئی جس کی ضرورت تھی، حالانکہ یہ افرادی قوت اور حقیقی معیشت کی مدد کرنے میں اہم ترین ٹول ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے ممالک ایسے ہیں جو ایس ایم ایز سے اتنی برآمدات کر رہے ہیں جن کا حجم ہماری مجموعی برآمدات سے کئی گنا زیادہ ہے۔ خادم حسین نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں چھوٹے کاروبار کرنے والوں کی سرپرستی اور مالی معاونت کریں، ان کے لئے این او سیز کی رکاوٹوں کو سرے سے ختم کیا جائے، یوٹیلٹی بلز میں خصوصی رعایت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز کے ذریعے جہاں بیروزگاری کا خاتمہ ہوگا وہیں ہماری معیشت کو بھی ترقی ملے گی۔ موجودہ حکومت کی جانب سے ایس ایم ایز کے لئے آسانیاں پیدا کی گئی ہیں۔

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا جنوبی کوریا میں طیارہ حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، سیدال خان نے جنوبی کوریا میں طیارہ حادثے کے نتیجے میں 176 قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ جنوبی کوریا کے عوام اور حکومت کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ اس سانحے نے پوری دنیا کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام متاثرین کے خاندانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں۔ پاکستان کے عوام اس المناک حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر افسردہ ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ہماری دعائیں اور ہمدردیاں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، پاکستان دکھ کی اس گھڑی میں جنوبی کوریا کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

مدارس رجسٹریشن پر صدارتی آرڈیننس کے بعد مسئلہ حل ہو گیا، حافظ طاہر محمود

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان علما کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن پر صدارتی آرڈیننس کے بعد مسئلہ حل ہو گیا۔ اپنے بیان میں طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ اختلاف کی صورت حال ختم ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس وزارت تعلیم اور سوسائٹیز ایکٹ دونوں میں رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ حکومت نے مدارس کی آزادی اور خودمختاری میں کوئی مداخلت نہیں کی۔

والڈ سٹی اتھارٹی کے زیر اہتمام گائیڈڈ ٹور "لاہور کا چسکا" کے شرکاء بھاٹی گیٹ کے تاریخی مقامات کی سیر کیلئے رنگیلا رکشے پر سوار ہیں

پسماندہ کمیونٹیز کو بااختیار بنانے کیلئے جامع منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے، رانا مشہود احمد خان

حکومت جامع تعلیم اور روزگار کے مواقع کو فروغ دینے کیلئے بھی فعال اقدامات کر رہی ہے، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے پاکستان میں شمولیتی ترقی اور سماجی مساوات کو فروغ دینے کیلئے خواتین، خواجہ سراؤں اور معذور افراد کی بہتری کے لیے بہت سے اقدامات پر مشتمل جامع منصوبہ تشکیل دیا ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف ملک میں پسماندہ کمیونٹیز بشمول خواتین، خواجہ سرا اور معذور افراد کو معاشرے میں مساوی مواقع فراہم کرنے میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے مختلف اقدامات اور پالیسیوں کے ذریعے پسماندہ برادریوں بالخصوص خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے اپنے عزم کا مسلسل مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم یوتھ پروگرام نے اپنے پہلے ڈیجیٹل ایوارڈز کی میزبانی کر کے خواتین، ٹرانس جینڈر افراد اور معذور خواتین کی نمایاں کامیابیوں کا جشن منانے کی جانب ایک یادگار قدم اٹھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام نے ان افراد کی ناقابل یقین شراکت کو اجاگر کیا، یہ پروگرام معذور خواتین کی کامیابیوں کو تسلیم کر رہا ہے، جنہیں اکثر اپنی جنس اور معذوری کی وجہ سے دوہرے امتیاز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی کاوشوں کا یہ اعتراف رکاوٹوں کو توڑنے اور شمولیت کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ڈیجیٹل ایوارڈز ایک طاقتور یاد دہانی کے طور پر کام کرتے ہیں، قطع نظر صنف، جنسی رجحان یا صلاحیتوں کے ہر کوئی یکساں حقوق اور مواقع کا مستحق ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ اس سال یوتھ لون پروگرام کے تحت مختلف سہولتی مراکز قائم کیے جائیں گے جن میں خواتین اور معذور افراد کو بااختیار بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور پر پروگرام کے اہداف کا کم از کم 25 فیصد خواتین کے لیے مختص کیا جائے گا۔

Anti Encroachment Squad
Metropolitan Corporation Lahore

ضلعی حکومت کا عملہ تہ بازاری ایمپرس روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کر رہا ہے

آزاد کشمیر میں آنے والا وقت انقلاب کی دستک دے چکا ہے، طاہر کھوکھر

یہ انقلاب ریاست کی تقدیر بدل دے گا اور آزاد کشمیر ایک خوشحال اور ماڈل ریاست کے طور پر ابھرے گی، سابق وزیر سیاحت

مظفر آباد (این این آئی) سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں آنے والا وقت انقلاب کی دستک دے چکا ہے یہ انقلاب ریاست کی تقدیر کو بدل دے گا اور آزاد کشمیر ایک خوشحال اور ماڈل ریاست کے طور پر ابھرے گی، عوام کو اب اپنی تقدیر خود لکھنی ہوگی یہ وقت مایوسی کا نہیں بلکہ عمل کا ہے، اور ترقی کے نئے دور کا آغاز جلد ہونے والا ہے، عوامی طاقت اور اتحاد کے ذریعے آزاد کشمیر کو ایک مثالی خطہ بنایا جا سکتا ہے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ کشمیری عوام کو اپنی ریاست کی تقدیر خود بدلنی ہوگی آزاد کشمیر کو ایک ماڈل اور خوشحال ریاست بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آزاد کشمیر کو ترقی کے نئے دور میں داخل کرنے کے لیے سیاحتی صنعت کو فروغ دینا ہوگا، جس کے ذریعے نہ صرف اقتصادی استحکام حاصل ہوگا بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ریاست کو نمایاں کیا جا سکے گا آزاد کشمیر کو انڈسٹریل حب میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ اپنے حقوق کے لیے متحد ہو کر آگے بڑھیں اور اس خطے کو ایک خوشحال، ماڈل ریاست کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کریں یہ صرف عوام کی طاقت اور ان کی محنت سے ممکن ہوگا۔ آزاد کشمیر کے روشن مستقبل کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے عوام کو اپنے لیے سخت فیصلے کرنے ہوں گے جہاں صرف میرٹ اور قابل لائق ریاست کی تقدیر بدلنے والے نوجوان جو گراس روٹ لیول سے عوام کے مسائل کو سمجھتے ہوں جن کو عوام کی مشکلات کا پتہ ہو جو ریاست کے مسائل کو سمجھتے ہوں اور ریاست کو ترقی یافتہ بنانے میں اپنی توانائیاں لگانے والے قابل لوگوں کی ریاست کو ضرورت ہے، ہم کل بھی عوام کے ساتھ تھے آج بھی عوام کے ساتھ ہیں، انہوں نے کہا کہ میں پوری کشمیری قوم سے اپیل کرتا ہوں اس ریاست کے لیے سب ایک ہو جائیں ریاست ترقی یافتہ خوشحال ہوگی تو یہ خوشحالی عوام میں آئے گی۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

جوڈیشل کمیشن اجلاس میں اتفاق رائے سے ہونے والے فیصلے کی تائید کرتے ہیں، چوہدری بابر وحید

کسی کو بھی اپنی منفی سیاست کیلئے معتبر پلیٹ فارم کی ساکھ پر انگلی نہیں اٹھانی چاہیے، وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری بابر وحید نے کہا ہے کہ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس کے تمام فیصلوں کی مکمل تائید کرتے ہیں، جوڈیشل کمیشن میں عدلیہ، مقننہ سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مساوی نمائندگی ہے اس لئے نام نہاد لائرز ایکشن کمیٹی کے الزامات بلا جواز اور قابل مذمت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کے لئے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی راؤ افضل الرحمن عابد، سابق وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل فرحان شہزاد، کامران بشیر مغل، امجد اقبال خان، عدیل ہاشمی ایڈووکیٹ اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چوہدری بابر وحید نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان ایک معتبر پلیٹ فارم ہے، 21 دسمبر کو ہونے والے طویل اجلاس میں اتفاق رائے سے فیصلے کئے گئے جس کی بھرپور تائید کرتے ہیں اور اس امید کا اظہار بھی کرتے ہیں کہ اس سے آئینی و قانونی معاملات مزید بہتری کی جانب بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم منظور ہونے سے عدلیہ کی آزادی محفوظ ہوئی ہے، آئینی بنچوں کے قیام سے اعلیٰ عدلیہ میں مقدمات نمٹانے میں ہونے والی تاخیر میں بھی کمی ہوئی ہے جس سے عوام کو اعلیٰ عدلیہ پر اعتماد بڑھ رہا ہے، جو انتہائی خوش آئند ہے۔

بادشاہی مسجد لاہور میں سینئر اینکر عثمان محبوب گورائیہ کے بھائی ذیشان محبوب گورائیہ کے نکاح میں مولانا عبدالخبیر آزاد، مولانا محمد عاصم مخدوم، چوہدری مجیب عالم اور دیگر شریک مہمانوں کا گروپ فوٹو

برائلر گوشت کی قیمت میں 4 روپے فی کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 4 روپے اضافے سے 595 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 3 روپے اضافے سے 411 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 329 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

روٹری کلب آف چکوال کی سالانہ جنرل میٹنگ، خرم عباسی ٹونی کو صدر منتخب کر لیا گیا

چکوال (این این آئی) روٹری کلب آف چکوال کی سالانہ جنرل میٹنگ میں سال 2025-26 کیلئے خرم عباسی ٹونی کو صدر منتخب جبکہ سیکرٹری جنرل کیلئے خواجہ بابر سلیم محمود اور سیکرٹری فنانس کیلئے ریحانہ بانو کو متفقہ طور پر منتخب کیا گیا۔ اس میٹنگ میں تمام ممبران نے متفقہ طور پر انکی نامزدگی کی توثیق کی۔ اجلاس صدر خواجہ بابر سلیم محمود کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں روٹری چیئرز قاضی محمد اکبر، پروفیسر شاہد آزاد، عبدالخالق درویش، مسز ریحانہ بانو، ڈاکٹر بلوشہ سعد اور مسز شیریں ہاشمی موجود تھیں جبکہ ویڈیو لنک پر صدر الیکٹ 2025 خرم عباسی ٹونی، نائب صدر بدر منیر، عبدالرافع، پروفیسر عمران حیدر، سیکرٹری جنرل ظفر عباس منہاس، انجینئر سعد اعجاز، خواجہ دانش تنویر، پروفیسر ایم کے مغل موجود تھے۔ جبکہ کلب ایڈوائزر سلیم احمد خان نے ویڈیو لنک پر بتایا کہ روٹری کلب آف چکوال اپنے ترقیاتی منصوبوں کو حتمی شکل دے کہ اس نے آنے والے سال میں کونسے ترقیاتی پروگرام جو کہ عام آدمی بھلائی کیلئے ہوں ترتیب دینے ہیں۔

وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمان کا فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ پر زور

وزیر خزانہ نے قطر اسلامک سکول کی انتظامیہ کو رسمی تعلیم کے ساتھ معیاری اسلامی تعلیم کی فراہمی پر خراج تحسین پیش کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر خزانہ پنجاب، میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان نے قطر اسلامک سکول لاہور کی پہلی سالانہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے بچوں کی غیر نصابی سرگرمیوں میں عمدہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے قطر اسلامک سکول کی انتظامیہ کو رسمی تعلیم کے ساتھ معیاری اسلامی تعلیم کی فراہمی پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ بچوں کی دینی و دنیاوی تربیت کے ذریعے عظیم خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے سکول کے طلبہ کی جانب سے کشمیر اور فلسطین کے مسائل کو اجاگر کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی قومی و بین الاقوامی مسائل سے آگاہی سکول انتظامیہ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی تعلیم و تربیت پر کی گئی سرمایہ کاری ملک کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے قطر اسلامک سکول کے قیام میں تعاون کرنے والے مخیر حضرات کا شکریہ ادا کیا اور شمالی لاہور میں عوامی خدمت کے اس عظیم مشن کو سراہا۔ انہوں نے شمالی لاہور کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پچھلے چھ سالوں میں اس علاقے میں کوئی قابل ذکر کام نہیں ہوا۔ جب ہم نے اقتدار سنبھالا تو شمالی لاہور اس حالت میں تھا کہ سڑکوں کے اطراف کوڑے کے اونچے ڈھیر لگے ہوئے تھے۔ ہم سے پہلے جنہیں حکومت دی گئی، وہ شہری صفائی تک کو برقرار رکھنے کے قابل نہ تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام نے ایک بار پھر ہمیں پانچ سال کے لیے منتخب کیا ہے۔ ہم آئندہ تین سالوں میں ایسی تبدیلی لائیں گے جو صوبے کے ہر شہر، گلی اور محلے میں نظر آئے گی۔ شمالی لاہور کو مثالی لاہور بنایا جائے گا اور صوبے میں ایسی پائیدار ترقی کے لیے کام کیا جائے گا جسے کوئی بگاڑ نہ سکے۔

لڑکیاں اسکوٹی پر سوار ہو کر اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

تجاوزات کیخلاف آپریشن شروع کیا جا رہا ہے، اکرام اللہ سندھو چیف آفیسر

ریڑھی بازار قائم ہونے سے شہریوں ایک جگہ پر تمام اقسام کی سبزیاں، فروٹ و دیگر اشیاء میسر ہونے کے ساتھ ریڑھی بانوں کو ایک اچھا کاروباری مرکز مل جائے گا، عوامی حلقے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) شہر میں تجاوزات کے حوالے سے آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے شہروں سے تجاوزات کو ختم کرنے کے احکامات دیے ہیں جس کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر حافظ آباد، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی کے زیر نگرانی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی، ایم او آر میونسپل کمیٹی نے آپریشن کا آغاز کر دیا ہے عوامی حلقوں کی جانب سے اس اقدام کو سراہا جا رہا ہے ریڑھی بازار قائم ہونے سے شہریوں ایک جگہ پر تمام اقسام کی سبزیاں، فروٹ و دیگر اشیاء میسر ہونے کے ساتھ ریڑھی بانوں کو ایک اچھا کاروباری مرکز مل جائے گا تجاوزات ہٹانے کے لیے آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے مختلف بازاروں میں آپریشن کیا گیا، فیصل بازار میں تجاوزات ہٹانے پر دوکانداروں کی جانب سے شدید مزاحمت کی گی جس پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حافظ آباد اکرام اللہ سندھو موقع پر پہنچے، خاتون آفیسر ایم او آر فرا ویسٹ جو موقع پر موجود تھیں تجاوزات ہٹوا رہی تھیں کو تجاوزات قائم کرنے والے دوکانداروں کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا تھا اور شٹر ڈاؤن کی دھمکیاں دی جا رہی تھیں قائم تجاوزات کو موقع سے ہٹا دیا گیا یاد رہے دوکاندار اپنی دوکانات کے باہر کرایہ پر چڑھا کر تجاوزات قائم کرواتے ہیں جس سے شہریوں کو پیدل چلنے میں دشواری کے ساتھ ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوتی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر بھر سے ریڑھیوں کو مخصوص جگہ گوجرانوالہ روڈ پر الاٹ کی جا رہی ہے جہاں پر شہر بھر کے ریڑھی بانوں کو میونسپل کمیٹی خوبصوت کیبن بنا کر دے گی، اس حوالے سے آگاہی مہم بھی چلائی گی ہے ریڑھی بانوں کو چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حافظ آباد اکرام اللہ سندھو نے بلا کر ان کو آگاہ کیا کہ اگر آپ وہاں چلے جاتے ہیں تو آپ کو ہر طرح تحفظ دیا جائے گا، تمام ریڑھی بان ایک جگہ پر منتقل ہو جائیں

میرٹ کو فروغ دینے کی پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہیں، رانا سکندر حیات

جامع میکنزم کے تحت قابل ایجوکیشن مینیجرز کے تقرر سے ایجوکیشن سیکٹر میں میرٹ کا بول بالا ہو سکے گا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ ڈویژن کے مختلف اضلاع میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی انتظامی پوسٹوں پر تعیناتی کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کمشنر آفس میں ہوئے، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی سربراہی میں ایڈیشنل سیکرٹری ایجوکیشن محمد فرحت، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈی نیشن محمد شفیق، اے ڈی سی ریونیو شبیر حسین بٹ، ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن محمد افضل شاہد، ڈاکٹر مختار احمد، سی ای او ایجوکیشن گوجرانوالہ سلطان احمد پینل میں شامل تھے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران کے انٹرویو کے لیے تحریری امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والے گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، حافظ آباد، منڈی بہاوالدین نارووال، وزیر آباد سے 30 امیدوار شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بعد ازاں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت ایجوکیشن سیکٹر میں بہتری کے لیے میرٹ کو فروغ دینے کی پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہیں، جامع میکنزم کے تحت قابل ایجوکیشن مینیجرز کے تقرر سے ایجوکیشن سیکٹر میں میرٹ کا بول بالا ہو سکے گا۔ صوبائی وزیر تعلیم نے کہا کہ حکومت پنجاب سکولوں میں سہولیات کو بہتر بنانے، انرولمنٹ میں اضافہ کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، سکول کونسل کے ذریعے فنڈز میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ میرٹ پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ افسران، ڈسٹرکٹ افسران کے تقرر سے سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

غیر قانونی گیس سلنڈرز کیخلاف آپریشن: 10 ملزمان گرفتار، متعدد مقدمات کا اندراج

سلنڈرز کی انسٹالیشن کے دوران قیمتی انسانی زندگیوں کو داؤ پر لگانے والے ملزمان کے خلاف سرگرم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پیٹرولنگ پولیس ان ایکشن دوران سفر جان لیوا ٹریفک حادثات کا سبب بننے والی آتش گیر، غیر قانونی گیس سلنڈرز سے لیس پبلک ٹرانسپورٹ ڈیکلز کیخلاف بلا تفریق میگا آپریشن جاری۔ 10 ملزمان گرفتار متعدد مقدمات کا اندراج تفصیلات کے مطابق پیٹرولنگ پولیس ڈسٹرکٹ اوکاڑا انچارج آفیسر ایس۔ پی فتح احمد کی زیر کمانڈ پبلک ٹرانسپورٹ میں غیر قانونی/ممنوعہ گیس سلنڈرز کی انسٹالیشن کے دوران قیمتی انسانی زندگیوں کو داؤ پر لگانے والے ملزمان کے خلاف سرگرم۔ دوران گشت پیٹرولنگ پولیس چوکیات بھومن شاہ، قلعہ سوندھا سنگھ، سکھ پورے سے گشت آفیسران نے بطور مستغیث ملزمان 1۔فیاض احمد 2۔محمد اسلم 3۔اقبال 4۔رشید احمد 5۔عرفان مسیح 6۔تنویر اقبال 7۔محمد احمد کیخلاف تھانہ جات سٹی، صدر دیپالپور، حویلی لکھا، حجرہ شاہ مقیم میں آتش گیر گیس سلنڈر کے استعمال کی دفعات کے تحت مقدمات درج کروا کر ملزمان کو پابند سلاسل جبکہ گاڑیوں کو بند تھانہ کروادیا۔ دوران کریک ڈاؤن پیٹرولنگ پولیس چوکیات چکنمبر 48 ٹو ایل اور میراں شاہ سے پیٹرولنگ آفیسرز نے ملزمان 8۔محمد اقبال 09۔شہزاد احمد 10۔محمد آفتاب کیخلاف استغاثہ دیگر تھانہ جات صدر اوکاڑہ اور صدر گوگیرہ میں مقدمات درج رجسٹر کروا دیے۔

شہداء ہمارا فخر ہیں ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، چوہدری احسن اقبال

شہداء کے والدین اور عزیزوں کا ملک وقوم کے لیے جذبہ حب الوطنی قابل تعریف اور بے مثال ہے۔ شہداء کی قربانیوں کی وجہ سے آج ہم چین کی نیند سو رہے ہیں، وفاقی وزیر کی شہید میجر اویس کے اہلخانہ سے گفتگو

شکرگڑھ (عمران عارف سے) وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ چوہدری احسن اقبال کی شمالی وزیرستان کے علاقہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان میجر محمد اویس شہید کے گھر آمد اور ورثاء سے تعزیت کی۔ انہوں نے شہید کی بلندی درجات کے لیے دعا کی۔ بعد ازاں انہوں نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میجر محمد اویس شہید نے دفاع وطن کا فریضہ ادا کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ شہداء ہمارا فخر ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ شہیدوں نے اپنے خون سے ملک کی حفاظت یقینی بنائی ہے۔ وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے کہا کہ ملک کی حفاظت کے لیے جان قربان کرنا اعزاز کی بات ہے۔ ملک آج شہداء کی قربانیوں کی بدولت قائم ہے۔ شہداء کے والدین اور عزیزوں کا ملک وقوم کے لیے جذبہ حب الوطنی قابل تعریف اور بے مثال ہے۔ شہداء کی قربانیوں کی وجہ سے آج ہم چین کی نیند سو رہے ہیں۔

فارم 47 کی جعلی بنیاد پر جب سے یہ حکومت برسر اقتدار ہے کسانوں کو زمین کے ساتھ لگایا جا رہا ہے، ناصر محمود کلیر

کسان کی 6 ماہ کی محنت کے بعد ان کی پیداوار اور اجناس کے نرخ بھی وہی اور مڈل مین کو نوازنے کے روایتی طریقے بھی بدستور قائم ہیں

وزیرآباد (نامہ نگار) جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ناصر محمود کلیر نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کسانوں کا استحصال کر رہی ہے فارم 47 کی جعلی بنیاد پر جب سے یہ حکومت برسر اقتدار ہے کسانوں کو زمین کے ساتھ لگایا جا رہا ہے وہ صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے اس موقع پر صابر حسین بٹ، جاوید مغل، ارسلان بٹ، رانا عقیل اور سید تحسین زیدی بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ملک میں ایک طرف بجلی گیس اور پٹرول کی قیمتیں بے قابو ہیں کھادوں اور زرعی ادویہ کے ریٹ آسمانوں پر پہنچ چکے ہیں جبکہ مہنگائی کی وجہ سے زمین کے ٹھیکے بھی زمینداروں نے بڑھا دیئے گئے لیکن کسان کی 6 ماہ کی محنت کے بعد ان کی پیداوار اور اجناس کے نرخ بھی وہی اور مڈل مین کو نوازنے کے روایتی طریقے بھی بدستور قائم ہیں۔

میونسپل کمیٹی کی سی بی اے یونین کے چیئرمین کی زیر صدارت ہنگامی اجلاس

شہر کے اکثر علاقے جوہڑوں اور ندی نالوں میں تبدیل ہونے لگے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کی سی بی اے یونین کے چیئرمین اسحق کھوکھر کی زیر صدارت ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں شرکاء اجلاس نے کہا کہ شہر بھر میں سیوریج کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے لیکن میونسپل کمیٹی کے پاس سیوریج کی صفائی ستھرائی کے لئے سینٹری ورکرز اور عملہ نہ ہونے کے برابر ہے جس کی وجہ سے شہر کے اکثر علاقے جوہڑوں اور ندی نالوں میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ پہلے میونسپل کمیٹی کے پاس پہلے 50 ڈیلی ویجز ملازمین بھی سیوریج کی صفائی ستھرائی کے لئے تھے جن کو اب فارغ کیا جا چکا ہے جس کے بعد کمیٹی کے پاس نہایت ہی قلیل ملازمین کے لئے سیوریج اور گٹروں کی صفائی ستھرائی کرنا ناممکن ہو چکا ہے۔ انہوں نے کمشنر گوجرانوالہ ڈپٹی کمشنر اور وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ حافظ آباد شہر میں سیوریج گٹروں، پارکوں اور گندے کنوئیں کی صفائی ستھرائی کے لئے مزید پچاس سینٹری ورکرز میونسپل کمیٹی میں بھرتی کئے جائیں تاکہ شہر کو جوہڑ میں تبدیل ہونے سے بچایا جا سکے۔

سیالکوٹ جامعہ لاثانیہ نقشبندیہ کھنور شریف میں دستار بندی

متعدد طلبہ وطالبات نے حفظ القرآن مکمل کر لئے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) مدرسہ جامع لاثانیہ نقشبندیہ کھنور میں فارغ التحصیل حفاظ کرام کی دستار بندی کے سلسلے میں ایک سادہ اور پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں حفاظ کرام اور انکے والدین سمیت علماء اکرام نے شرکت کی۔ اس تقریب میں آستانہ عالیہ علی پورسیداں شریف پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید محمد ظفر اقبال عابد شاہ کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا۔ مہتمم مدرسہ جامع لاثانیہ نقشبندیہ کھنور حضرت علامہ مولانا قاری صداقت علی نقشبندی کھنوروی کے مطابق رواں سال مدرسہ ہذا سے متعدد طلبہ و طالبات نے شعبہ حفظ کی فضیلت حاصل کی، تحصیل پسرور کے ورکنگ باؤنڈری کے پسماندہ علاقے کی یہ واحد دینی درسگاہ ہے۔ جہاں سالانہ بہت سے طلباء وطالبات دینی تعلیم مکمل کرنے کیساتھ ساتھ دنیاوی تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں۔ علاقہ سلہری کی معتبر شخصیات نے علامہ مولانا قاری صداقت علی نقشبندی کھنوروی کے اس نیک کام کو سہراتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ دستار بندی کے اس شاندار پروگرام کے اختتام پر پیر طریقت رہبر شریعت حضرت پیر سید محمد ظفر اقبال عابد شاہ نے خصوصی دعا فرمائی۔ اور فارغ التحصیل حفاظ کرام کو دستار بندی اور اسناد سے نوازا۔ اور علاقہ بھر سے آئے ہوئے معزز مہمانوں کی تواضع لنگر شریف سے کی گی۔۔

تجاوزات کو مسمار کی بجائے ڈرامہ رچایا جا رہا ہے، رانا خالد محمود

شہر سے ناجائز تعمیرات مسمار کرنے کے لئے کئی بار سرخ نشانات لگائے گئے لیکن عملدرآمد نہیں کروایا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کے عملہ کی جانب سے بااثر افراد کی جانب سے عرصہ دراز سے قائم تجاوزات کو مسمار نہیں کیا جا رہا بلکہ چھوٹے چھوٹے غریب دوکانداروں اور ریڑھی بانوں کے خلاف ایکشن لیکر تجاوزات دور کرنے کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے جبکہ وہ بااثر لوگ جنھوں نے عرصہ دراز سے شہر میں غیر قانونی تعمیرات کر کے رکاوٹیں پیدا کر رکھی ہیں۔ افسران انکے سامنے بے بس دیکھائی دے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار رانا خالد محمود کی زیر صدارت عوامی محاذ کے ہنگامی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ شہر سے ناجائز تعمیرات مسمار کرنے کے لئے کئی بار سرخ نشانات لگائے گئے لیکن آج تک اس پر عمل نہیں ہو سکا اور اب جب وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے پنجاب بھر میں تجاوزات کو مسمار کرنے کی مہم جاری ہے۔ حافظ آباد شہر میں اصل تجاوزات کو مسمار کرنے کی جانب کوئی توجہ نہیں دی جا رہی جس سے شہر نہ صرف تنگ و تاریک ہو رہا ہے بلکہ جگہ جگہ رکاوٹوں کے باعث ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ غریب ریڑھی بانوں کو تنگ کرنے کی بجائے ان بااثر افراد کی ناجائز تعمیر کردہ عمارات کو مسمار کیا جائے جو تجاوزات کا موجب بن رہے ہیں

ضلع بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی ہے، محمد راشد ہدایت

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کے احکامات کے تحت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی بیخ کنی کیلئے ضلع بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی ہے، ناکہ بندی پوائنٹس پر مشکوک افراد اور مشکوک وہیکلز کی چیکنگ بذریعہ ای پولیس پوسٹ جاری ہے۔ کرائم پاکٹس اور اہم شاہراہوں کو محفوظ بنانے کے لیے موثر گشت کی جا رہی ہے۔ شہریوں سے درخواست ہے کہ پولیس کیساتھ تعاون کریں، جرائم پیشہ عناصر کی فوری اطلاع ریسکیو 15 یا اپنے متعلقہ پولیس اسٹیشن میں دیں۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا چنیوٹ فیصل آباد ون وے روڈ کا دورہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا ترقیاتی سکیموں کے جائزہ کے لیے مختلف روڈز کا وزٹ ایکسین ہائی وے محمد احمد، کنٹریکٹرز و دیگر بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے چنیوٹ فیصل آباد ون وے روڈ جھمرہ فیصل آباد روڈ بائی پاس کا تفصیلی دورہ کیا اور سڑکوں کی تعمیر کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایکسین ہائی وے کو تمام سڑکوں کے کام میں مزید تیزی کیلئے ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ ان مین سڑکوں پر ہیوی ٹریفک 24 گھنٹے ہوتی ہے اس لیے فوری طور پر تمام سڑکوں کو ہموار کر کے کام کو تیزی کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے چنیوٹ فیصل آباد ون وے روڈ پر جاری کاموں کو بھی چیک کیا۔

سیف اللہ میموریل کونسل کے زیر اہتمام 20 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب

شادی کے بندھن میں بندھنے والے جوڑوں کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی گاؤں کولو تارڑ میں سیف اللہ میموریل کونسل کے زیر اہتمام 20 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت کونسل کی چیئرپرسن میڈم عالیہ عثمان تارڑ نے کی۔ اس موقع پر انہوں نے شادی کے بندھن میں بندھنے والے جوڑوں کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب میں دولہنوں اور دولہاؤں نے بہت خوبصورت لباس زیب تن کیے ہوئے تھے۔ ان کے میک بھی کونسل کے ورکرز نے کیے۔ تقریب میں جہاں دولہاؤں کو گفٹ دیے گئے وہاں پر دلہنوں کو سلامیاں دینے کے ساتھ ساتھ انہیں انگوٹھیاں گجرے اور سوٹ بھی پہنائے گئے اور جہیز کا سامان بھی دیا گیا۔ اس موقع پر تمام مہمانوں کے لئے پرتکلف کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جبکہ شادیوں کی تقریب کو چار چاند لگانے کے لئے میوزک شو کا بھی انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں بینڈ باجوں کے ساتھ مہمانوں کا استقبال کیا جاتا رہا جبکہ باراتی دولہناؤں پر نوٹ نچھاور کرتے رہے۔ آخر پر قرآن کریم کے سائے میں دولہنوں کو رخصت کیا گیا۔

بخیلی کو اللہ پاک نے ناپسند فرمایا ہے، ڈاکٹر رشید احمد رضا

قرآن پاک اللہ تعالیٰ انسانوں کے درجات میں سخی کا درجہ بہت بلند رکھا ہے



حافظ آباد (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) تحریک منہاج القرآن حافظ آباد کے زیر اہتمام ضلعی صدر ڈاکٹر رشید احمد رضا کی صدارت میں ماہانہ درس قرآن کا انعقاد نجی میرج ہال حافظ آباد میں کیا گیا درس قرآن میں مرکزی ناظم دعوت وتربیت سنٹرل پنجاب علامہ محمد بشیر فیاض قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن پاک اللہ تعالیٰ انسانوں کے درجات میں سخی کا درجہ بہت بلند رکھا ہے جبکہ بخیلی کو اللہ پاک نے ناپسند فرمایا ہے اور فرمایا کہ سخی اللہ دوست ہے سخاوت کرنے کیلئے کسی مذہب یا فرقے کی پابندی نہیں انسان کو ہر حال میں اللہ کو راضی کرنے کیلئے سخاوت کرنا چاہیے بہترین انسان وہ ہے جو اللہ کی خوشنودی کیلئے سچے دل سے سخاوت کرے جبکہ پیسے کی کمی بیشی کوئی معنی نہیں رکھتی اللہ پاک انسان کی نیت کو دیکھتا ہے اسلامی اسٹیٹ میں یتیم کا کوئی تصور نہیں ہے معاشرے میں اصلاح، اخلاقیات، مساوات اور عدل وانصاف کی فراوانی ہی اسلامی معاشرہ ہے آپ نے درس قرآن کے موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی جبکہ اس موقع پر ڈاکٹر رشید احمد رضا نے خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے حاضرین تحریک منہاج القرآن کی رفاقت کیلئے دعوت دی اور کہا کہ تحریک منہاج القرآن اصلاح معاشرہ اور مصطفوی معاشرے کے قیام کیلئے سرگرم عمل ہے اور یہ کہ دروس قرآن اس سلسلے کی ایک کڑی ہے آخر میں سید ضمیر الحسنین شاہ نے ماہانہ درس قرآن کے شرکاء کو تحریک منہاج القرآن کا تعارف بہت اچھے انداز میں پیش کیا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چوہدری کا سمبڑیال بار کا دورہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سی ای او ہیلتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری نے بار ایسوسی ایشن میں تحصیل سمبڑیال کا دورہ کیا اس دوران سمبڑیال بار ایسوسی ایشن دورہ کے دوران سمبڑیال بار میں قائم ڈسپنسری کا معائنہ کیا۔ اس دوران بار عہدیداران انکے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر معروف فوجداری وکلاء حکیم اویس عادل قریشی و مسز عاصمہ اویس قریشی نے کہا کہ دوبارہ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کو ہم سی ای او ہیلتھ سیالکوٹ تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہیں اور انکو یہ باور کراتے ہیں کہ انکی ٹرانسفر سے دوبارہ تعیناتی کے دوران عرصہ میں سمبڑیال بار ڈسپنسری کی ادویات وطبی سہولیات کی فراہمی شاذ و نادر ہونے کیوجہ سے ڈسپنسری کی حالت ناگفتہ بہہ ہو چکی تھی۔

محمد عمران سنی کمبوہ مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ (وزیر آباد) کے آرگنائزر مقرر

مسلم لیگ لیبر ونگ کو منظم انداز میں آرگنائزڈ اور متحرک کرینگے، رہنما مسلم لیگ

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگی راہنما محمد عمران سنی کمبوہ آرگنائزر مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ ضلع وزیر آباد مقرر، نوٹیفیکیشن جاری جنرل سیکرٹری لیبر ونگ پاکستان سردار خالد ملک اور ایم پی اے و چیئرمین قائمہ کمیٹی لیبر اینڈ یونین ریسورس پنجاب اسمبلی سے چوہدری امجد علی جاوید سے محمد عمران سنی کمبوہ نے مسلم لیگ (ن) ضلع وزیر آباد کے آرگنائزر کا نوٹیفکیشن وصول کرلیا۔ اس موقع پر سردار خالد ملک اور چوہدری امجد علی جاوید نے کہا کہ محمد عمران سنی کمبوہ کی پاکستان مسلم لیگ (ن) سے غیر متزلزل وابستگی اور ذمہ دارا لیبر نمائندہ ہونے پر مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ ضلع وزیر آباد کا آرگنائزر مقرر کیا گیا ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ محمد عمران سنی کمبوہ مسلم لیگ لیبر ونگ کو منظم انداز میں آرگنائزڈ اور متحرک کرینگے اور لیبر کے حقوق کے لئے ان کو درپیش مسائل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے اور مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کی فکر انگیز قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں اپنا قومی نظریاتی اور تنظیمی کردار بھرپور انداز میں ادا کرینگے۔ محمد عمران سنی کمبوہ کو مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ ضلع وزیر آباد کا آرگنائزر مقرر ہونے پر سیاسی وسماجی شخصیات نے مبارکباد پیش کی۔

سیکرٹری جنرل شاہین میڈیا آصف خان کو ادائیگی عمرہ مبارک، چیئرمین محمد اسلم نوشاہی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سنیئر صحافی آصف خان سیکرٹری جنرل شاہین میڈیا ایسوسی ایشن آجکل نجی دورہ پر سعودی عربیہ مقیم میں انہوں نے عمرہ ادائیگی کرلی ہے جس پر شاہین میڈیا گروپ و پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ کے عہدیداران وجملہ ممبران اور معزز وکلاء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کیجانب سے مبارکباد پیش کی گئی۔ سرپرست اعلیٰ عدیل خان چیئرمین شاہین میڈیا اسلم نوشاہی، صدر ڈاکٹر شہزاد نسیم شاہین میڈیا عہدیداران وممبران اور پاکستان میڈیا کونسل کے صدر عثمان بٹ، جنرل سیکرٹری میڈم منور سلطانہ و پاکستان میڈیا کونسل کے تمام عہدیداران وممبران کا کہنا ہے کہ ہم اپنے ہر دو میڈیا گروپس لیڈر آصف خان کی کمی شدت سے محسوس کر رہے ہیں۔

مصطفی آباد کے قابل فخر ہیروز کو ایوارڈ دینے کی تقریب اختتام پذیر

سپورٹس، خدمت، بزنس، صحافتی، ادبی، مذہبی شخصیات، تنظیموں، طلبہ وطالبات، شہدا کی فیملیوں کو ایوارڈ دیئے گئے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد کے قابل فخر ہیروز کو ایوارڈ دینے کی تقریب اختتام پذیر، سپورٹس، خدمت، بزنس، صحافتی، ادبی، مذہبی شخصیات، تنظیموں، طلبہ و طالبات، شہدا کی فیملیوں کو ایوارڈ دیئے گئے، کامیاب تقریب کرنے پر عوامی حلقوں کا خراج تحسین، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد کے قابل فخر ہیروز کو ایوارڈ دینے کے حوالے سے شاندار تقریب کا اہتمام مقامی میرج ہال میں کیا گیا، تقریب میں سپورٹس مینوں، خدمت خلق کرنے والی شخصیات، صحافتی شخصیات، ادبی و مذہبی شخصیات، ڈاکٹرز، آرٹس، قلم کار، اساتذہ، شہدا، بزنس مینوں سمیت دیگر نمائندہ شخصیات کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ دیئے گئے، تقریب میں محمد اقبال خاں منج، سید امتیاز کوکب، علی عمران شاہین چیئرمین پاک سول سوسائٹی، پروفیسر محمد ایوب، محمد کاشف، محمد ریاض میو، آمنہ اقبال، جمیل ناصر، شاہزیب کھوکھر، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد، پروفیسر سرفراز میو، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق، سردار ہمایوں اقبال، سردار راشد ڈوگر سمیت دیگر نمائندہ شخصیات نے شرکت کی اور اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تقریب اپنی مثال آپ ہے۔

پی آر او ملک اشرف کی زوجہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے پی آر او ملک محمد اشرف آف چمن فوڈز کی زوجہ محترمہ کی نماز جنازہ ادا سینکڑوں سوگواروں کی شرکت میں ادا کردی گی۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید پکھور کی زیر قیادت ایڈیشنل چیف وارڈن چوہدری شاہنواز چیمہ، ڈپٹی چیف وارڈن ملک شاہد، ڈویژن وارڈن 1 محمد اسلام میر، ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ، گروپ وارڈنز فیصل عمران، شیخ نوید احمد محمد ندیم، منصور اے رضا سمیت رضا کاران و شہر اقبال سیالکوٹ کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عمائدین نے کثیر تعداد میں جنازے میں شرکت کی۔ اس موقع پر چیف وارڈن طاہر مجید پکھور نے ایگزیکٹوز و والنٹیئرز کے ہمراہ ملک محمد اشرف کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی اہلیہ محترمہ کی وفات پر افسوس ہے اللہ تعالیٰ آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ دکھ کی اس گھڑی میں تمام تنظیم آپ کے ساتھ کھڑی ہے۔

لائیو سٹاک فارمرز کارڈ کا اجرا 5 دسمبر سے شروع ہو چکا ہے، ڈاکٹر حسن رضا*

منچن آباد (تحصیل رپورٹر چوہدری محمد مقصود) منچن آباد ال ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر حسن رضا نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سکیم لائیو سٹاک فارمرز کارڈ کا اجراء باقاعدہ پانچ دسمبر سے ہو چکا ہے اس سکیم سے بھرپور فائدہ اٹھانے والے فارمرز کو لائیو سٹاک کارڈ تقسیم ہو چکے ہیں اس سکیم کے تحت ونڈا سائلج مرچنٹس کا چناؤ میرٹ پر کیا گیا ہے لائیو سٹاک کارڈ ہولڈر فارمرز اپنے کٹوں اور بچھڑوں کے لیے مقرر کردہ مرچنٹس سے حکومت کے مقررہ نرخ کے مطابق ونڈا منرل مکسچر سائلج حاصل کریں ڈپٹی ڈائریکٹر لائف سٹاک تحصیل منچن آباد نے کہا کہ اگر کوئی بھی مرچنٹ/ دکاندار سائلج منرل مکسچر یا ونڈا لائیو سٹاک ہولڈر فارمرز کو غیر معیاری یا مقرر کردہ نرخ سے مہنگے داموں فروخت کرے گا تو اس کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

خلیفۃ الرسول امیر المومنین حضرت سیدنا ابو بکر صدیقؓ کی ہمہ جہتی خدمات تادم قیامت ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، صاحبزادہ ظہیر احمد نقشبندی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تحریک منہاج القرآن کے مرکزی راہنما صاحبزادہ ظہیر احمد نقشبندی نے کہا کہ خلیفۃ الرسول امیر المومنین حضرت سیدنا ابو بکر صدیقؓ کی ہمہ جہتی خدمات تادم قیامت ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ وہ یہاں درس قرآن کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کے اعلان نبوت پر سب مردوں سے پہلے لبیک کہتے ہوئے امت کے پہلے مسلمان ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ رسول اللہ ﷺ کی رفاقت ومعیت کا ایسا حق ادا کیا کہ تمام صحابہؓ آپ پر رشک کرتے تھے۔ آپؓ نے اپنا مال جان اولاد تک سبھی کچھ ذات مصطفے ﷺ پر قربان کر دیا۔

اوکاڑہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 17 ویں برسی کے موقع پر انکے ایصال ثواب کیلیے قرآن خوانی کا اہتمام

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ بینظیر انکم سپورٹ کے ضلعی آفس میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 17 ویں برسی کے موقع پر انکے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر انچارج میڈم فضیلت نعیم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد عباس، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ناصر عباس، ثاقب اخلاق چوہدری و دیگر سٹاف کے علاوہ خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ محسن انسانیت شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی اور انکے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے خصوصی دعا کی گئی اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر میڈم فضیلت نعیم نے کہا کہ شہید محترمہ بینظر بھٹو کی 17 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کرتی ہوں۔

قومی مقابلہ حسن قرات اور حفظ 30 اور 31 دسمبر کو منعقد ہو گا

گوجرانوالہ 29 دسمبر (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ضلعی انتظامیہ، محکمہ اوقاف اور محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام ضلعی سطح پر قومی مقابلہ حسن قرات اور حفظ 30 اور 31 دسمبر بروز سوموار منگل بمقام مرکز اقصی جی ٹی روڈ گوجرانوالہ میں منعقد ہو گا جس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد مہمان خصوصی ہونگے جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فیصل سلطان اور زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف گوجرانوالہ بابر سلطان گوندل شرکت کریں گے۔ اس مقابلہ حسن قرات وحفظ میں دس مختلف کیٹیگریز کے مقابلے ہونگے جن میں کامیاب طلبا کو انعامات دیئے جائیں گے۔

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساہیوال بشیر احمد نے سنٹرل جیل ساہیوال کا دورہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساہیوال بشیر احمد نے سنٹرل جیل ساہیوال کا دورہ کیا جہاں سپرنٹنڈنٹ جیل نوید اشرف نے انکا استقبال کیا۔ سول جج ساہیوال مشتاق احمد جنجوعہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے خواتین وارڈ، جیل ہسپتال، نوعمر وارڈ اور منشیات بحالی وارڈ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کچن اسیران کو بھی دورہ کیا اور کھانے کے معیار کو چیک کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن بشیر احمد نے معمولی جرائم میں ملوث 14 نفر اسیران کو فوری رہا کرنے کے احکامات جاری کئے۔

سرحدی علاقہ چک امرو میں جنگلی حیات پر زمین تنگ

نایاب جانوروں کا گوشت بازاروں میں باآسانی دستیاب ہے جس کی قیمت پانچ ہزار روپے فی کلو ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) تفصیلات کے مطابق شکرگڑھ کے سرحدی علاقوں میں غیر قانونی شکار کا سلسلہ جاری ہے محکمہ وائلڈ لائف خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگا ذرائع کے مطابق ہرن اور بارہ سنگھا کا شکار دھڑلے سے جاری جبکہ ان نایاب جانوروں کا گوشت بازاروں میں باآسانی دستیاب ہے جس کی قیمت پانچ ہزار روپے فی کلو ہے گزشتہ شب چک امرو کے علاقہ مکینوں نے میڈیا کو بتایا کہ چک امرو میں گاہے بگاہے جنگل میں فائرنگ کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ جبکہ جانور صبح کو زخمی پائے جاتے ہیں جانوروں کی فوٹیج سوشل پر گردش کرنے کے بعد اہل علاقہ نے اعلیٰ افسران سے کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کا شکرگڑھ کا دورہ

تفریحی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تحصیل انتظامیہ کی طرف کیے جانے والے اقدامات کو سراہا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کا شکرگڑھ کا دورہ، ڈپٹی کمشنر نارووال نے اپنے دورہ کے دوران تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سمیت نعمت اسٹیڈیم، پبلک پارک، درمان روڈ اور میونسپل کمیٹی آفس کا تفصیلی وزٹ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ طارق محمود، ایم ایس محمد ریاض سی ای او میونسپل کمیٹی نصیر احمد، وقار احمد ناگرہ کے علاوہ ڈی آئی او احسان الحق چوہدری و دیگر افسران اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے پبلک پارک میں آنے والے شہریوں بالخصوص بچوں کے لیے تفریحی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تحصیل انتظامیہ کی طرف کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نارووال نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں مختلف وارڈز کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں سے ان کے علاج معالجے اور ٹی ایچ کیو ہسپتال کی جانب سے دی جانے والی سہولیات بارے پوچھ گچھ کی۔ دورہ کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نارووال نے میونسپل کمیٹی آفس میں تحصیل شکرگڑھ میں ستھرا پنجاب کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کی جس میں اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ نے انہیں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ہونے والے اقدامات کے بارے بریف کیا۔

ایکو گارڈین فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تحفظ ماحولیات سیمینار

سرگودھا یونیورسٹی کے سٹوڈنٹس، پروفیسرز کے علاوہ علاقہ کی سماجی شخصیات نے شرکت کی

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ایکو گارڈین فاؤنڈیشن (سرگودھا یونیورسٹی) کے زیر اہتمام، پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی کے تعاون سے ای-لائبریری سرگودھا میں تحفظ ماحولیات پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں سرگودھا یونیورسٹی کے سٹوڈنٹس، پروفیسرز کے علاوہ علاقہ کی سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل آف این جی اوز سرگودھا عبدالمنان چوہدری، میڈم زیبش شاہ اور پریزیڈنٹ ایکو گارڈین فاؤنڈیشن حافظ فرمان اللہ کا کہنا تھا کہ ہمارا ماحول، بڑھتی ہوئی آبادی، پانی کی قلت، درختوں کی کمی اور آلودہ فضا ایسے چیلنجز ہیں جن سے نمٹنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے پانی کی حفاظت اور استعمال کی احتیاط پر زور دیتے ہوئے مزید کہا کہ اسلام بھی پانی کو اعتدال کے ساتھ استعمال کرنے کا حکم دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئیے زمین کو اس کا حق لوٹائیں تاکہ آنے والی نسلیں ہمیں محفوظ زمین پر ہمیں یاد رکھ سکیں۔ اس کے علاوہ وائس پریزیڈنٹ ایکو گارڈین فاؤنڈیشن عاصمہ خداداد، فنانس سیکرٹری وجاہد علی شاہ، جنرل سیکرٹری سعدیہ یوسف و دیگر نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پانی کی حفاظت اور شجرکاری سے ماحول کو صاف کرنے پر زور دیا۔

کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر دعائیہ تقریب کا اہتمام

مدارس کے سربراہان اور علماء کرام کی بڑی تعداد کی شرکت

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر دعائیہ تقریب کا اہتمام ہوا جس میں مدارس کے سربراہان اور علماء کرام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ کسی بھی کام کی شروعات اللہ کے بابرکت نام سے ہونی چاہیے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے احکامات کی بجا آوری کی جائے ہر مومن پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے کاموں کو شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز کرے تو برکات اور فضائل کا نزول جاری وساری رہے گا تقریب کے دوران گفتگو کرتے ہوئے علماء کرام نے کہا کہ محمد خالد وسیم، سجاول علی وسیم، اسامہ وسیم، حسن وسیم اور وسیم فیملی کے لیے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو ہمیشہ اپنی پناہ میں رکھے اور وہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرتے جائیں اس موقع پر انہوں نے خصوصی طور پر سجاول علی وسیم کی شادی کے انتظامات کے حوالے سے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمام انتظامات میں اپنی برکات کا نزول جاری رکھے اور تمام انتظامات میں کسی قسم کی کوئی بھی کمی نہ آنے پائے علماء نے دعا کرتے ہوئے کہا کہ یہ خوش آئند عمل ہے کہ وسیم فیملی کے سربراہان ہمیشہ اپنی اپنے کاموں کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی عبادت سے شروع کرتے ہیں جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنی رحمت کے دروازے کھولے رکھتا ہے اس موقع پر معروف نعت خوانان نے اپنے مخصوص انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا

تابندہ سلیم کی کتاب ” لفظ بولتے ہیں “ کی تقریب رونمائی

مہمان خصوصی ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے بھی شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن تابندہ سلیم کی کتاب ” لفظ بولتے ہیں “ کی تقریب رونمائی راجا مجاہد افسر کی خصوصی شرکت، پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی میں ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن تابندہ سلیم کی کتاب ” لفظ بولتے ہیں “ کی تقریب رونمائی مہمان خصوصی ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان موجود تھی※ ضلع چکوال کی عظیم سماجی شخصیت ممتاز بزنس مین راجہ مجاہد افسر خان ڈڈوت نے کی۔ اس موقع پر یہ طے ہوا کہ کتاب لفظ بولتے ہیں کی ایک تقریب رونمائی چکوال میں کی جائے گی جس کے میزبانی کے فرائض راجہ مجاہد افسر خان ڈڈوت کریں گے جبکہ کتاب کی تیسری رونمائی الحمرا ہال یا گورنر ہاؤس لاہور میں منعقد کی جائے گی۔ راجہ مجاہد افسر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالات حاضرہ اور مختلف واقعات پر لکھی گی یہ کتاب ایک دستاویز ہے۔

شہید محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ کی 17 ویں برسی

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) شہید محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ کی 17 ویں برسی کے موقع پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام تحصیل آفس چوآسیدن شاہ میں شہید بی بی کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی گئی اور روح کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی اس موقع پر چوہدری احسان آڑہ انچارج تحصیل آفس چوآسیدن شاہ اور دیگر عملہ قرآن خوانی میں شریک ہوئے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ترجمان پاک فوج کی چشم کشا پریس کانفرنس

پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ 9 مئی کے منصوبہ سازوں کو کیفر کردار تک پہنچانے تک فوجی عدالتوں کی جانب سے انصاف کی فراہمی کا عمل جاری رہے گا۔ سیاسی جماعتوں کے مابین مذاکرات خوش آئند ہیں۔ سول حکومتوں کی ناقص کارکردگی کا خلا جوانوں کی شہادتوں کے ذریعے پورا کر رہے ہیں۔ گزشتہ روز جی ایچ کیو راولپنڈی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ ملٹری کورٹس کو عالمی عدالت کی تائید حاصل ہے۔ پاکستانی قوم 9 مئی جیسے کسی سانحہ اور ایسی انتشاری سیاست کی اجازت نہیں دے سکتی۔ پاکستان میں ایسی سیاست نہیں چل سکتی۔ انہوں نے کہا کہ وہ نوجوان بچے جنہیں زہریلا پراپیگنڈہ کرکے ریاست اور اسکے اداروں کیخلاف کھڑا کیا گیا' انکے والدین کو دیکھنا چاہیے کہ انکے بچوں کو مخصوص سیاسی ایجنڈے کیلئے کس طرح استعمال کرکے سیاست کی بھینٹ چڑھایا گیا۔

ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر نے باور کرایا کہ 9 مئی افواج پاکستان کا نہیں' عوام کا مقدمہ ہے اور 9 مئی کے بارے میں افواج پاکستان کا یہ نکتہ نظر واضح' غیرمبہم اور مستقل ہے۔ اگر کوئی گروہ مسلح اور پرتشدد گروہ اس طریقے سے اپنی مرضی اور سوچ معاشرے پر مسلط کرنا چاہے اور اس طرزعمل کو آئین وقانون کے مطابق نہ روکا جائے تو معاشرے کو ہم کس طرف لے کر جائیں گے؟ ان کا کہنا تھا کہ مروجہ قانون کے تحت ثبوت اور شواہد کے مطابق تمام قانونی تقاضے پورے کرکے 9 مئی کی ہنگامہ آرائی میں ملوث لوگوں کو قانون کے مطابق فوج کی تحویل میں دیا گیا جنہیں سزائیں سنانے کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ ان سزاؤں سے یہ واضح پیغام جاتا ہے کہ اس طرح کے معاملات میں کوئی گنجائش نہیں ہے اور مستقبل میں بھی کوئی اس قسم کے معاملات میں ملوث ہوگا تو اسے آئین وقانون کے مطابق ہر صورت سزا ملے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ فوجی عدالتوں کے حوالے سے سویلین بالادستی اور شفافیت کے فقدان کا جو بیانیہ بنایا جا رہا ہے اسکے بارے میں یہ جاننا ضروری ہے کہ پاکستان میں ملٹری کورٹس آئین وقانون کے مطابق دہائیوں سے قائم ہیں اور یہ انصاف کے تمام تقاضے بخوبی پوری کرتی ہیں۔ عالمی عدالت انصاف نے بھی اس عمل کی تائید کی ہے۔ فوجی عدالتوں سے سزا یافتہ مجرمان کو نہ صرف کورٹ اپیل میں آرمی چیف بلکہ ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ میں بھی اپیل دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملٹری کورٹ کے فیصلے بھی سپریم کورٹ کا حکم آنے کے بعد سنائے گئے۔ آج ملٹری کورٹس پر بات کرنے والے کل اسکے سب سے بڑے داعی تھے۔

ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل یہ بیانیہ بنایا جا رہا تھا کہ احتجاجی انتشاری لوگ ایجنسیوں کے پلانٹ کردہ ہیں اور فوج نے گہری سازش کے تحت خود یہ حملے کرائے ہیں۔ پھر اگر ہم نے اپنی ایجنسیوں کے بندوں کو اپنے قانون کے تحت سزائیں دے دی ہیں تو انتشاریوں کو تو اس پر خوش ہونا چاہیے۔ انکے بقول اب یہ لوگ اس لئے پریشان ہیں کہ اپنے اقتدار کی ہوس میں وہ منافقت اور فریب کی آخری حدیں عبور کر چکے ہیں۔ انہوں نے اس امر کا تقاضا کیا کہ انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں 9 مئی کے واقعات سے متعلق جتنے بھی مقدمات چل رہے ہیں ان سب کو انجام تک پہنچایا جانا چاہیے۔ انہوں نے بجا طور پر باور کرایا کہ حالیہ دنوں لندن میں جھوٹی سوشل میڈیا پوسٹوں پر جو فسادات ہوئے ان میں سرعت کے ساتھ نہ صرف بالغوں بلکہ نابالغوں کو بھی سزائیں ہوئی ہیں۔ اسی طرح 2020ء میں امریکہ میں کیپٹل ہل پر حملہ کیا گیا تو اس میں ملوث افراد کو فوری طور پر سزائیں دی گئیں۔ اس سے قبل 2011ء میں لندن میں 1200 سے زائد ملزمان کو تیزی سے سزائیں دی گئیں اور 2013ء میں فرانس کے فسادات میں 700 سے زائد لوگوں کو دنوں میں سزائیں سنا دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں سیاسی انتشاریوں کو کہیں جگہ نہیں دی جاتی۔ پاک فوج کسی بھی سیاسی جماعت کی مخالف ہے نہ کسی مخصوص جماعت کی حمایت کرتی ہے۔ کوئی بھی افسر جو سیاست کے حوالے سے ملک کا مفاد پس پشت ڈالے گا اسے قانون کے مطابق جواب دینا ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ مخصوص سیاسی جماعت کی جانب سے 26 نومبر کو بھی سازش رچائی گئی جس کے پیچھے سیاسی دہشتگردی کی سوچ کارفرما ہے۔ انکے بقول جتھی سیاست کا سلسلہ 2014ء میں پارلیمنٹ پر حملے سے شروع ہوا تھا اور سانحہ 9 مئی میں بھی یہی تشدد دکھائی دیا تاہم عوام کے شعور کی وجہ سے سازش ناکام ہوئی۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان کی آزادی' خودمختاری اور سلامتی کا تحفظ ریاست پاکستان کے سکیورٹی اداروں کے ساتھ ساتھ عدلیہ اور مقننہ سمیت دوسرے تمام اداروں کی بھی اولین ترجیح ہے جس پر کسی قسم کی مفاہمت ہو سکتی ہے نہ ریاستی اتھارٹی کو چیلنج کرتے ہوئے کسی کو ملک کی سلامتی کیخلاف کھل کھیلنے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ ملک کی سلامتی کے تحفظ کا یہ اصول ملک کے باہر سے کسی جارحیت یا فتنہ پروری کے تدارک کیلئے کارفرما ہوتا ہے تو ملک کے اندر سے اپنے سیاسی مفادات یا کسی بیرونی ایجنڈے کے تحت ملک کی سلامتی وخودمختاری کو چیلنج کرنے کی بھی کیونکر اجازت دی جا سکتی ہے۔ ان معاملات میں انصاف کی عملداری اسکی روح اور مفہوم کے مطابق قائم ہوگی تو کسی کو ملک کی سلامتی کیخلاف اپنی ساختہ یا بیرونی ایجنڈے کے تحت کوئی سازش پروان چڑھانے کی جرات نہیں ہوگی۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ ملک کے اندر سے کسی سازش کے تحت ملک کے دفاع میں کسی کمزوری کا تاثر دینے کی کوشش کی جائے تو اس سے ملک کے بیرونی دشمنوں کو ملک کی سلامتی کیخلاف اپنی سازشیں عملی قالب میں ڈھالنے کا نادر موقع مل جاتا ہے چنانچہ کوئی سیاسی جماعت' گروہ یا تنظیم ایسے کسی ایجنڈے کی بنیاد پر ملک میں انتشار اور اودھم مچانے کے راستے پر گامزن ہو تو ملک کی سلامتی کے تقاضے کے تحت وہ بھی اسی سلوک کی مستوجب ہوگی جو کسی دشمن ملک اور اسکے آلہ کار عناصر کے ساتھ روا رکھا جانا ضروری ہوتا ہے۔

صدمہ، سکتہ، مراقبہ۔۔ مرشد نامہ

یورپی یونین نے حسن طلب کیا، پاکستان نے فرمائش پوری کر دی۔ چند روز پہلے 9 مئی سانحہ کے 25 مجرموں کو فوجی عدالتوں نے سزائیں سنائیں تو یورپی یونین نے ایک بیان میں اظہار عدم اطمینان کیا۔ عدم اعتماد کا بادی النظر میں یہی مطلب سمجھ میں آیا کہ بس 25؟، اتنے سے کیا ہوگا۔ گویا حل من مزید کا حسن طلب تھا۔ ریاست نے کل، کہا، 25 کم ہیں؟ اچھا تو، یہ لو مزید اور 60 مزید مجرموں کو سزائیں سنا دیں۔ دیکھئے، یورپی یونین کی طرف سے اظہار تشکر کب آتا ہے۔

مرشد کو جیل میں اطلاع دی گئی کہ مزید 60 کو سزا ہو گئی ہے۔ مرشد نے کسی خاص ردعمل کا اظہار نہیں کیا۔ لیکن جب مرشد کو یہ بتایا گیا کہ پاکستانی فوج نے سرحد پر ٹی ٹی پی کے دہشت گردی کے چار کیمپ اڑا دیئے ہیں اور 50 کے قریب دہشت گرد مارے گئے ہیں تو مرشد کو سخت صدمہ ہوا اور وہ کچھ دیر کیلئے سکتے میں آ گئے اور پھر جب انہیں بتایا گیا کہ مرنے والوں میں کئی جلیل القدر دہشت گرد بھی شامل ہیں جن میں سے کچھ تو نہایت جید قسم کے خودکش تھے تو مرشد کو مزید صدمہ ہوا اور وہ مزید سکتے میں آ گئے۔

بہرحال، سکتہ عارضی تھا، جلد باہر نکل آئے۔ اظہار درد و الم کرنے کیلئے الفاظ نہیں مل رہے تھے، بس اتنا فرمایا کہ بہت افسوسناک بات ہے، سخت افسوس ہوا۔ یہ کہنے کے بعد ایک بار پھر عارضی سکتے میں چلے گئے۔ ملاقاتیوں نے اسے مراقبے پر محمول کیا۔ ملاقاتیوں کے ذریعے جو خبریں چھن چھن کر ہم حامیوں تک پہنچتی ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ عرصے سے مرشد بہت زیادہ مراقبے میں جانے لگے ہیں۔ یعنی مدارج میں ترقی ہو رہی ہے۔ خیر، مراقبے سے باہر آئے تو فرمایا کہ پاکستان کا امن تباہ ہو جائے گا، یعنی یہ جو واقعہ بارڈر پر سانحہ عظیم کی صورت میں پیش آیا ہے، اس کے نتیجے میں۔

کیا مرشد نے دھمکی دی ہے؟۔ اہل نظر حضرات کا جواب نفی میں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ناسازگار حالات اور ناگفتہ بہ عوارض کی وجہ سے مرشد اب دھمکی دینے کی پوزیشن میں نہیں رہے۔ پھر مرشد نے جو کہا پاکستان کا امن تباہ ہو جائے گا تو اس کا مطلب کیا ہے، کیا یہ پیش گوئی ہے؟۔ اہل نظر اس کا جواب بھی نفی میں دیتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مرشد کی سینکڑوں پیش گوئیوں میں سے آج تک ایک بھی پوری نہیں ہوئی اس لئے مرشد نے پیش گوئیاں کرنے سے ہاتھ اٹھا لیا ہے، تو پھر مرشد نے یہ کیوں کہا کہ پاکستان کا امن تباہ ہو جائے گا؟۔

اہل نظر نے بتایا کہ دراصل مرشد نے پاکستان کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے، یعنی شبھ کامنائیں بتائی ہیں۔ مرشد ہمیشہ پاکستان کیلئے دعا گو رہتے ہیں، یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، اہل نظر نے مزید بتایا......!

صدمہ سکتے میں بدل جاتا ہے اور سکتہ مراقبہ بن جاتا ہے، روحانیاتی سائنس کا پرانا فارمولا ہے اور جب بھی مراقبہ براستہ صدمہ و سکتہ طاری ہو تو صاحب مراقبہ کی زبان صدق بیاں بن جاتی ہے۔ کل مرشد کے ساتھ، بھی ایسا ہی ہوا۔ روحانیاتی سائنس کے فارمولے کبھی غلط ثابت نہیں ہوئے۔



تو حالت مراقبہ میں کل مرشد نے بتایا کہ پاکستان کی معیشت سنبھل گئی ہے۔ ایک صحافی کے سوال پر انہوں نے تسلیم کیا کہ حکومت نے معیشت کو سنبھال لیا ہے۔ انہوں نے ناقابل بیان صدمے کی کیفیت میں اطلاع دی کہ ملک دیوالیہ ہونے سے بچ نکلا ہے۔

اس سے پہلے کہ یہ صدمہ، سکتہ سوئم اور پھر مراقبہ چہارم میں بدل جاتا کسی اور صحافی نے کوئی اور سوال کر دیا، یوں مرشد کی توجہ اس طرف سے ہٹ گئی۔

اس موقع پر بعض صحافیوں کو مرشد کی وہ پیش گوئی یاد آ گئی جو وہ دو سال کے دوران بار بار کرتے رہے کہ، لکھ لو، پاکستان دیوالیہ ہو کر رہے گا۔ لکھ لو والی اس شبھ کامنا میں سری لنکا، سقوط ڈھاکہ کے تکرار ہونے کی بھی مرشد نے پیش گوئی کی۔ ٹی وی پر تشریف فرما باجرڈ دور میں تو تند ہونے والے اینکر پرسن اور تجزیہ نگار ایک ایک گھنٹے کے شو کرتے اور عوام کو بتاتے کہ ملک کا دیوالیہ ہونا عرش پر لکھا جا چکا ہے، اہل نظر نے خود وہاں تک نظر دوڑائی ہے اور یہ بتایا ہے کہ معاملہ اٹل ہے۔ پاکستان اب نہیں بچ سکتا۔ اور اہل نظر کی یہ اطلاع بھی ہے کہ مرشد کو دوبارہ کرسی پر بٹھا کر ہی اس آنی کو ٹالا جا سکتا ہے۔

خیر، مرشد نے مراقبے کے عالم میں کل جو فرمایا، اس سے میڈیا پرسن حضرات کے غول بیابانی میں ہراسانی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ بھگوان شانتی دے۔ شانتی ادوم، جے جگدیش ہرے بھگت جنوں کے سنکٹ، چھن...... میں دور کرے۔

گئے وقتوں میں ایک مزاحیہ اداکار پیٹر سیلر ہوا کرتا تھا۔ اس کی ایک فلم بہت ہٹ ہوئی تھی، غالباً اس کا نام "دی پارٹی" تھا۔ اس میں دکھایا گیا کہ فلم کی شوٹنگ ہو رہی ہے۔ ایک بہت بڑا محل دکھایا گیا جہاں کوئی سین ہونا تھا، پھر دشمن نے اسے بم سے اڑا دینا تھا۔ ابھی تیاری چل رہی تھی کہ پیٹر سیلر آیا اور بے دھیانی میں اس لیور پمپ کو سٹول سمجھ کر اس پر بیٹھ گیا جسے دبانے سے ڈائنامیٹ سے پھٹنا اور سیٹ کو اڑا دینا تھا۔

نتیجہ یہ کہ بم پھٹ گیا، سین ابھی تیاری میں تھا کہ محل پہلے ہی اڑ گیا، فلمساز کی فلم گویا تباہ ہو گئی۔

پی ٹی آئی نے زرکثیر کی لاگت سے ایک شاندار بلکہ شاندار ترین محل بنایا تھا، 9 مئی کے حوالے سے، جس کا نام "فالس فلیگ آپریشن پیلس" تھا۔ ہر طرف دھوم مچا دی تھی یہ انکشاف کر کے کہ 9 مئی کے سانحے سے پی ٹی آئی کا کچھ لینا دینا نہیں، یہ تو فوج اور ایجنسیوں کا کیا دھرا تھا، یعنی کیا ایجنسیوں نے، دھرا پی ٹی آئی کو گیا۔ بہت سے لوگوں نے اس بات کو مان بھی لیا کہ جلاؤ گھیراؤ کرنے والے سبھی سادہ پوش اہلکار تھے، معصومان پی ٹی آئی تو بے چارے ایک طرف کھڑے دہی سے روٹی کھا رہے تھے۔

محل بڑا شاندار تھا، نظر لگتی تھی تو لگتی نہیں تھی۔ پھر کیا ہوا، 9 مئی کے مجرموں کو سزائیں سنا دی گئیں اور ساتھ ہی ہر مجرم کے کیے دھرے کی وڈیو بھی دکھا دی گئی۔ عین اس موقع پر مرشد نے بے دھیانی میں پیٹر سیلر کا کردار نبھاتے ہوئے ڈائنامائیٹ کے پمپ پر تشریف فرمائی کر دی یہ کہہ کر کہ ہمارے کارکنوں کو سزائیں دے کر انصاف کا قتل کیا گیا ہے، اس کے خلاف عدالت میں جائیں گے۔

ڈائنامائٹ چل گیا، فالس فلیگ آپریشن نام کا فقید المثال محل بھک سے اڑ گیا۔ اب پیٹر سیلر حیران کھڑا سوچ رہا ہے کہ یہ میں نے کیا کر دیا۔ ہائے رام، یہ کا ہوئی گوا!

ایک بات تو مرشد کے کٹر مخالف بھی مانتے ہیں کہ مرشد نے نوجوان نسل کی بڑی تعداد کو شعور عطا کیا ہے، بے مثال، فقید المثال شعور، ایسا شعور کہ ہماری نئی نسل کی یہ خاصی بڑی تعداد دنیا بھر کے شعور مند نوجوانوں کو کوسوں پیچھے چھوڑ گئی ہے۔ مثال کے طور پر یہ شعور تازہ کے دو ایکٹ ملاحظہ ہوں

ایکٹ نمبر 1 مرشد نے کہا، امریکی غلامی نامنظور......، امریکہ ہمارا دشمن ہے؟ امریکہ مردہ باد۔

نوجوان نسل: امریکی غلامی نامنظور، امریکہ دشمن، امریکہ مردہ باد

ایکٹ نمبر 2

مرشد۔ امریکہ ہمارا نجات دہندہ ہے، محسن ہے، آزادی دلائے گا، امریکہ زندہ باد

نوجوان نسل (شعور نو پانے کے بعد) امریکہ ہمارا محسن ہے، امریکہ ہمیں آزادی دلائے گا، امریکہ زندہ باد، جیوے جیوے، امریکہ جیوے۔

اس کایا کلپ شعور کا اعتراف ہر باشعور کو کرنا ہوگا۔

مزید سازشیں

تحریر
ڈاکٹر شمع جونیجو

ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ کالم کسی اور موضوع پر لکھنا ہوتا ہے لیکن عین وقت پر کوئی ایسا نیا فتنہ کھڑا ہو جاتا ہے کہ اس نئے رخنے پر لکھنا پڑ جاتا ہے۔ آج پندرہ دسمبر ہے اور میں کل سولہ دسمبر کے حوالے سے لکھنا چاہ رہی تھی۔ انیس سو اکہتر کے بعد یہ پہلا سولہ دسمبر ہوگا جب پاکستانیوں کے زخموں پر بنگلہ دیش کے انقلاب، شیخ مجیب کے گرائے جانے والے مجسموں اور ہندوستان کے آرمی چیف کے دفتر سے جنرل نیازی کی تصویر ہٹا دیے جانے والے واقعات پر وقت نے کچھ مرہم رکھ دیا ہے۔ ایک گھر کے دو ٹکڑے دوبارہ کبھی نہیں جڑ سکتے لیکن جو دروازہ نئی سفارتی پیش رفت سے کھل رہا ہے وہ کئی بچھڑے ملا سکتا ہے۔ سولہ دسمبر ہی کا دن، اے پی ایس اسکول پشاور میں معصوم بچوں کے قتل عام کا ایک نہ بھلا سکنے والا سانحہ ہے جو پی ٹی آئی کی کے پی میں حکومت میں عمران خان کے دھرنے کے دوران ہوا اور دھرنا ختم کرنے کے لئے ایک فیس سیونگ کا باعث بنا۔ میں نے ان سالوں میں اپنے کالمز میں اس سانحے کی اصل سازش کو بے نقاب کرنے کے لئے انکوائری کا مطالبہ کئی بار کیا اور چند دن پہلے جاوید بدر کے ٹی ٹی پی طالبان اور عمران خان کے درمیان دو ہزار تیرہ کے ہونے والے معاہدے کے انکشاف کے بعد دوبارہ مطالبہ کیا کہ اس سانحے کی ایک اعلیٰ سطح پر انکوائری کی جائے کیونکہ میری پی ایچ ڈی کے دوران اس سانحے کے وقت پشاور میں تعینات ایک اعلیٰ پولیس افسر نے اے پی ایس سانحے کے کچھ وائرلیس کال ریکارڈ شیئر کئے تھے جو کہ ایسی کسی انکوائری میں ہولناک انکشافات فراہم کر سکتے ہیں کہ اس بھیانک قتل عام کے پیچھے کس کا سازشی دماغ تھا۔ کل سولہ دسمبر کا دن امریکہ کے جبران الیاس کی قیادت میں اڈیالہ جیل میں قید عمران خان کی نئی سول نافرمانی کے آغاز کا بھی دن ہے جسے ختم کرنے کے لئے جہاں بیرسٹر گوہر سمیت پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت فیس سیونگ کے لئے حکومت سے مذاکرات کی راہ تک رہی ہے وہیں ایپکس کمیٹی کے اجلاسوں میں سر جھکا کے بیٹھنے والے گنڈاپور نے آج پھر ایبٹ آباد میں اگلے احتجاجوں میں اسلحہ لے کے آنے اور بھڑک مار کے فوج اور پولیس پر حملہ کرنے کا بھی اعلان کر کے سول نافرمانی کی تحریک کا آج ہی سے آغاز کر دیا ہے جس کا انجام بھی چھبیس نومبر کے احتجاج سے بدتر ہوگا اور ہو سکتا ہے کہ محسن نقوی کی پرویز خٹک سے ملاقات کے نتیجے میں شاید نئے گورنر کی تعیناتی کے فارمولے کے ساتھ گنڈاپور کی حکومت کو بھی لینے کے دینے پڑ جائیں۔ پی ٹی آئی کی سازشی ذہنیت صرف اندرون ملک ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی فعال ہے۔ یہ بات خود پی ٹی آئی کے بیرون ملک سوشل میڈیا مہمات سے واضح ہوتی ہے، جن میں فوجی مصنوعات کے بائیکاٹ اور فوجیوں سے شادی تک کے تعلقات ختم کرنے کی اپیلیں شامل ہیں۔ یہ سب پاکستان کے داخلی استحکام کے خلاف ایک سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ لگتا ہے۔ لیکن یہ کالم لکھنے کی اصل وجہ بنا پی ٹی آئی کا وہ خوفناک پروپیگنڈہ جہاں انہوں نے ایوان صدر اور وزیراعظم ہاؤس کو آپس میں لڑانے کی سازش کا آغاز کر دیا ہے۔ پچھلے کئی دنوں سے پی ٹی آئی ہی کے کچھ حلقے سینیٹر فیصل واوڈا کی سرگرمیوں اور بیانات کو وزیراعظم کے خلاف اسٹیبلشمنٹ کی سازش سے جوڑتے رہے جبکہ مجھ سمیت جو لوگ سینیٹر واوڈا کو جانتے ہیں انہیں پتہ ہے کہ وہ اپنی ذات میں گن سیدھی فائرنگ کرنے والا وہ لون رینجر ہے جو کہ سازش جیسے کھیل نہیں کھیل سکتا۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ سینیٹر واوڈا کا جو میڈیا چارم ہے اسے پازیٹولی کیش کرنے کے لیے نون لیگ کی حکومت کو سینیٹر واوڈا سے انگیج ضرور کرنا چاہیے کہ فائرنگ کا یہ رخ پی ٹی آئی کی طرف موڑ دیا جائے۔ لیکن فی الحال واوڈا کی حالیہ سیاسی سرگرمیاں عمران خان کو بقول خود سینیٹر فیصل واوڈا بشریٰ بی بی اور دیگران کی سازش اس سازش سے بچانے کے لئے ہیں جن میں عمران خان کی جان جا سکتی ہے جبکہ میرے خیال میں عمران خان کی زندگی کو اگر سب سے زیادہ کسی سے خطرہ ہے تو وہ عمران خان کی اپنی زبان اور بشریٰ بی بی جیسے استادوں کی سیاسی پلاننگ ہے ورنہ اگر جنرل فیض کے ساتھ عمران خان کا ٹرائل (جو کہ ملٹری ٹرائل نہیں ہوگا) ہو بھی جائے تو اس میں مجھے موت کی سزا ہوتی نہیں دکھائی دیتی کیونکہ یہ بات نہ جانے کیوں سب بھول جاتے ہیں کہ پاکستان کا کئی سالوں سے انٹرنیشنل کنونشنز سے ایک خاموش معاہدہ ہے جس کے تحت کسی کو بھی پھانسی نہیں دی جا رہی تو جہاں عادی قاتلوں اور ظاہر جعفر جیسے جنونی قاتلوں کو سزائے موت نہیں دی جا رہی وہاں ایک سابق وزیراعظم کو کیسے پھندے پر لٹکایا جا سکتا ہے۔ اس لئے مجھے نہیں لگتا کہ عمران خان کو کبھی بھی سیکرٹ ایکٹ کے تحت پھانسی کی سزا ہو سکتی ہے۔ ہاں سزا ضرور ہوگی لیکن اس کے لیے بھی جتنے عمران زدہ جج ہیں ان کے مزید ریلیف کوئی اچنبھا نہیں ہونگے۔ بہرحال ابھی ایک طرف پی ٹی آئی کے بیرسٹر سیف اور محمد علی درانی ایوان صدر اسلام آباد میں ہونے والی خیالی سازشوں کا میڈیا اور ایک مخصوص چینل پر بار بار اپنے انٹرویوز میں ذکر کر رہے ہیں کہ زرداری صاحب اپنے بیٹے بلاول کو وزیراعظم بنانے کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت کو گرانے کی سازش کر رہے ہیں، اور دوسری طرف پی ٹی آئی ہی کے کچھ پارلیمنٹیرینز یہ فیلر بھی پھیلا رہے ہیں کہ اگر عمران خان کو ملٹری کورٹ سے سزائے موت ہو جائے تو ہم پیپلز پارٹی کو ملاقاتوں میں یقین دلا رہے ہیں کہ صدر زرداری سے صدارتی معافی کے عیوض بلاول کو وزیراعظم بنانے کے لیے ووٹ دے سکتے ہیں اب یہ ایک ایسی بھیانک افواہ ہے جس کا نہ ایوان صدر کو پتہ ہے نہ وزیراعظم ہاؤس کو اور نہ ہی اسٹیبلشمنٹ کو۔ اور نہ ہی کوئی ملاقاتیں ہو رہی ہیں۔ یہ بات میں دعوے سے اس لئے لکھ رہی ہوں کہ میں نے خود ذاتی طور پر ہر جگہ سے اعلیٰ ترین سطح تک جا کے نہ صرف انکوائری کی بلکہ اس خبر پر خود بات بھی کی جو انہوں نے حیرانی سے سنی۔ اور مکمل تحقیق کے بعد یہ لکھ رہی ہوں کہ یہ اسلام آباد قتل عام کی جھوٹی خبر کے بعد ایک اور غلیظ سازش ہے جس میں ایک طرف تحریک انصاف والے سول نافرمانی کے نام پر وفاق سے گنڈا اور کے پی سے بیڈ کاپ بن کے کھیل رہے ہیں تو دوسری طرف گورنر فیصل کنڈی کی اسپیکر قومی اسمبلی کے چیمبر میں شیر افضل مروت سے دو منٹ کی دعا سلام کے دوران بنائی گئی ایک تصویر کو بلاول کے وزیراعظم بنانے کے جوڑ توڑ سے ٹوئٹر ٹرینڈ بنا کے ملا دیتے ہیں کہ کوئی بہت بڑی خبر آنے والی ہے۔ یہ خود سازش بنتے ہیں، اور پھر اسے پھیلا کے ایک ہیڈ لائین بنا کے اتنی بڑی خبر بنا دیتے ہیں کہ متعلقہ فریقین بھی ایک دوسرے سے حیرانی سے یہ بات پوچھتے نظر آتے ہیں کہ یہ کیا معاملہ ہو گیا ہے۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے اسی اسپیکر ایاز صادق کے دفتر میں حکومتی وزراء سے رسمی سلام دعا کو بھی مذاکرات سے جوڑ کے ایک اتنی بڑی ہیڈ لائین بنوا دیا کہ خود وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کو ترکی سے تردید کرنی پڑی کہ یہ ایک جھوٹی خبر ہے۔ اسی طرح یہ افواہ بھی اتنی شدید نکلی کہ بلاول کے ترجمان تک کو وضاحت دینی پڑی کہ بلاول اور صدر زرداری صاحب جب کراچی میں ہیں تو ایوان صدر اسلام آباد میں سازش کون کر رہا ہے۔ دوسرا وزیراعظم صاحب جب ہر معاملے پر ایک فل ٹیم ورک کے ساتھ سب کو اعتماد میں لے کے چل رہے ہیں تو اسٹیبلشمنٹ کیوں ان کے خلاف سازش کرے گی کیونکہ یہ وزیراعظم شہباز شریف ہی کی قیادت ہے جس میں ڈیفالٹ ہوتا ہوا پاکستان اب اقتصادی ترقی کی طرف ٹیک آف کر چکا ہے اور یہی وہ کامیابی ہے جس کو ختم کرنے کے لیے اس سولہ دسمبر کو بھی پاکستان کو مزید سازشوں کا سامنا ہے، جس کا انجام انشاء اللہ ایسے ہی ہوگا جیسے بنگلہ دیش میں ترپن سال کے بعد بنگالیوں نے شیخ مجیب کے مجسموں کو زمین بوس کر کے دیا۔

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نماز میں تکبیر تحریمہ شروع کرتے تو جس وقت اللہ اکبر کہتے اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھاتے کہ انہیں اپنے دونوں مونڈھوں کے بالمقابل کر لیتے، اور جب رکوع کے لیے اللہ اکبر کہتے تو بھی اسی طرح کرتے، پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو بھی اسی طرح کرتے اور ربنا ولک الحمد کہتے اور سجدہ میں جاتے وقت اور سجدہ سے سر اٹھاتے وقت ایسا نہیں کرتے۔ وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی، جب آپ نے نماز شروع کی تو اللہ اکبر کہا، اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھائے کہ انہیں اپنے کانوں کے بالمقابل کیا، پھر سورۃ فاتحہ پڑھنے لگے، جب اس سے فارغ ہوئے تو باآواز بلند آمین کہی اے اللہ اسے قبول فرما۔ مالک بن حویرث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے (اور یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اصحاب میں سے تھے) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب نماز پڑھتے تو جس وقت آپ اللہ اکبر کہتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے کانوں کے بالمقابل اٹھاتے، اور جب رکوع کرنے اور رکوع سے اپنا سر اٹھانے کا ارادہ کرتے۔ سعید بن سمعان کہتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبیلہ زریق کی مسجد میں آئے، اور کہنے لگے تین کام ایسے ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کرتے تھے اور لوگوں نے انہیں چھوڑ دیا ہے آپ نماز میں اپنے دونوں ہاتھ بڑھا کر اٹھاتے تھے، اور تھوڑی دیر چپ رہتے تھے اور جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اٹھاتے تو اللہ اکبر کہتے تھے۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے، اور ایک اور شخص داخل ہوا، اس نے آ کر نماز پڑھی، پھر وہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو سلام کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا، اور فرمایا: واپس جاؤ اور پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی تو وہ لوٹ گئے اور جا کر پھر سے نماز پڑھی جس طرح پہلی بار پڑھی تھی، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو سلام کئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان سے (پھر) فرمایا وعلیک السلام، واپس جاؤ اور پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی، ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا، پھر عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے حق کے ساتھ آپ کو مبعوث فرمایا ہے، میں اس سے بہتر نماز نہیں پڑھ سکتا، آپ مجھے (نماز پڑھنا) سکھا دیجئیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب آپ نماز کے لیے کھڑے ہوں تو اللہ اکبر کہیں پھر قرآن میں سے جو آسان ہو پڑھو، پھر رکوع کرو یہاں تک کہ رکوع کی حالت میں آپ کو اطمینان ہو جائے، پھر رکوع سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے سیدھے کھڑے ہو جاؤ، پھر سجدہ کرو یہاں تک کہ اطمینان سے سجدہ کر لو، پھر سجدہ سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ پھر اسی طرح اپنی پوری نماز میں کرو۔



عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرمؐ کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھا (ترجمہ) اللہ بہت بڑا ہے، اور میں اسی کی بڑائی بیان کرتا ہوں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور میں اسی کی خوب تعریف کرتا ہوں، اللہ کی ذات پاک ہے، اور میں صبح وشام اس کی ذات کی پاکی بیان کرتا ہوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پوچھا یہ کلمے کس نے کہے ہیں؟ تو اس آدمی نے عرض کیا: اللہ کے نبی! میں نے، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مجھے اس کلمہ پر حیرت ہوئی میں نے بارہ فرشتوں کو اس پر جھپٹتے دیکھا اور آپ نے ایک ایسی بات ذکر کی جس کا مفہوم یہ ہے کہ اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے گئے، ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے میں نے اسے کبھی نہیں چھوڑا۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میں نماز میں اپنا بایاں ہاتھ اپنے داہنے ہاتھ پر رکھے ہوئے تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے میرا داہنا ہاتھ پکڑا اور اسے میرے بائیں ہاتھ پر رکھ دیا۔ وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے (اپنے جی میں) کہا کہ میں یہ ضرور دیکھوں گا کہ رسول اللہ نماز کیسے پڑھتے ہیں؛ چنانچہ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ کھڑے ہوئے تو اللہ اکبر کہا، اور اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھائے کہ انہیں اپنے کانوں کے بالمقابل لے گئے، پھر آپ نے اپنا داہنا ہاتھ اپنی بائیں ہتھیلی (کی پشت)، کلائی اور بازو پر رکھا پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ کیا تو پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھا، پھر جب آپ نے رکوع سے اپنا سر اٹھایا تو پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، پھر آپ نے سجدہ کیا، اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو اپنے دونوں کانوں کے بالمقابل رکھا، پھر آپ نے قعدہ کیا، اور اپنے بائیں پیر کو بچھایا، اور اپنی بائیں ہتھیلی کو اپنی بائیں ران اور گھٹنے پر رکھا، اور اپنی داہنی کہنی کا سرا اپنی داہنی ران کے اوپر اٹھائے رکھا، پھر آپ نے اپنی انگلیوں میں سے دو کو بند کر لیا، اور (بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے) حلقہ (دائرہ) بنا لیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنی شہادت کی انگلی اٹھائی، تو میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ اسے حرکت دے رہے تھے اور اس سے دعا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نماز قائم کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پی ٹی آئی کا انجام۔۔۔۔۔؟

ہم نے آٹھ برس پہلے انکشاف کر دیا تھا کہ پنکی نامی جادوگرنی پلانٹڈ ہے۔ جائیدادوں مال و دولت اقتدار شہرت کی ہوس کی شکار اس خاتون نے گوگی گینگ تیار کیا۔ عمران خان کو پھانسا اور غداروں کی مخبریوں سے عمران کو اپنے جعلی روحانی شیشے میں بڑی مہارت سے اتار لیا۔ برین واش ہیپنا ٹائز ضعیف الاعتقاد شخص جادوگرنی کے سحر میں ایسا جکڑا گیا کہ دین دنیا سب گنوا بیٹھا۔ ایسے نامراد مرید کے ہاتھ میں ملک کی باگ دوڑ تھمانا حماقت تھی مگر یہ حماقت ہو گئی اور پھر حماقت کا خمیازہ بعد میں آنے والی مقتدرہ کو بھگتنا پڑی۔ تحریک انصاف نے تحریک انتشار بننے میں عجلت سے کام لیا جبکہ ریاست کے خلاف بغاوت کی ہر منصوبہ بندی الٹی ثابت ہوئی۔۔۔ ایک وقت تھا جب عمران خان کہا کرتا تھا کہ "متحدہ کا قائد الطاف حسین ملک کا سب سے بڑا غدار اور دہشتگرد ہے"۔ پھر وہ وقت آیا جب کہا کرتا "ایم کیو ایم سے پی ٹی آئی کا نیچرل الائنس ہے۔" سچ کہا کرتا تھا۔ دہشت گرد اور غدار رشتے میں ہمنوا ہوتے ہیں۔ 26 نومبر کو انقلاب اپنی موت آپ مر چکا اور ڈھونگی کہتے ہیں دھرنا ابھی بھی جاری ہے۔ یقیناً پیرنی کے موکل دھرنا دیے رہے تھے۔ قیادت تو پہنچی نہیں اور جو پہنچی اس نے غیرتمندوں کو ذلیل ورسوا کر دیا۔ زن مرید جماعت زن کے ہاتھوں سپرد خاک ہوئی۔ کلٹ کے اندھے عاشقان زن مرید مرشد کو نعوذ باللہ پاک ہستیوں سے ملاتے ہوئے ڈوب کے مر کیوں نہیں جاتے؟ کربلا میں نانا کی آل نے پہلے اپنا خاندان معصوم بچے تک شہید کرائے۔ تم منافقو یزید سے بھی بدتر ہو۔ اپنی اولادوں کو محفوظ رکھتے ہو۔ حسین رضی اللہ عنہ کا نام اپنی غلیظ زبان سے مت لو۔۔۔ تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، صوبائی صدور، مرکزی عہدیداران، قومی اسمبلی کے 103 ایم این ایز، پنجاب اسمبلی کے 116 ایم پی ایز، پختونخوا کے 93 ممبران اسمبلی، سندھ کے 30 ممبران اسمبلی، بلوچستان کے 7 ممبران اسمبلی، 18 سینیٹرز اور کشمیر اور گلگت بلتستان اسمبلیاں کیا ان تمام ممبران اور عہدیداروں میں کسی ایک کا بچہ بھی انقلاب میں زخمی یا جاں بحق ہوا؟۔ غریبوں کے بچے کو اپنے اقتدار اور جرائم پر پردہ پوشی کا ایندھن بناتے نہ عمران خان کو خیال آیا نہ ان کی پارٹی کی باقی قیادت کو!

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

300 لاشیں؟۔ یہ سب ویسی ہی خبریں ہیں جیسے پنجاب کالج میں طالبہ کا ریپ ہوا تھا۔ اسکا جنازہ بھی ہو گیا۔ تدفین وغیرہ بھی لیکن آج تک کوئی طالبہ کو جانتا ہے نہ اسکے خاندان کو ڈھونڈ سکا نہ اسکی قبر۔

پی ٹی آئی کا فیصلہ ہوا تھا کہ بشریٰ پیرنی احتجاج میں نہیں جائے گی، لیکن احتجاج سے پہلے وہ خود نکل آئی، اور اس کی گنڈاپور سے منہ ماری بھی ہوئی، اور کہا کہ میں پیدل ہی احتجاج کیلئے نکل جاؤں گی۔ 26 نمبر چونگی پر قافلہ رکا تو پھر دونوں میں جھگڑا ہوا اور بشریٰ نے دھمکی دی کہ اگر تم آگے نہیں گئے تو میں خود جاؤں گی، بلکہ کلثوم اسپتال پر قافلہ روکنے اور ڈی چوک نہ جانے کا فیصلہ ہوا تھا لیکن بشریٰ نے ڈی چوک جانے کا کہا، اور جب آپریشن ہوا تو حکومت نے ہی ان دونوں کو بھاگنے کا راستہ فراہم کیا۔ رؤف حسن سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی نے بھی کہا کہ ہمارے پاس کنفرمڈ اموات گیارہ (11) ہیں جو ظاہر ہے انتہائی افسوسناک ہے۔ لیکن بی بی سی کی سٹوری نے ایک نامعلوم ڈاکٹر کے نام پر جو سنسنی پھیلائی اس کا نقصان نہ صرف صحافت اور پاکستان کو ہوا بلکہ عام لوگوں کی نفسیات پر بھی منفی اثر پڑا لگتا ہے سٹوری بناتے ہوئے لطیف کھوسہ کے 278، شیخ وقاص کے 100 اور سلمان اکرم راجا کے 20 لاشوں کے دعوے بی بی سی کے اعصاب پر سوار تھے۔ سنسنی خیز نقابی کی ایک خوفناک مثال دیکھیں کہ مرنے والوں کی تعداد کو بغیر کسی واضح نمبر کے اوپن اینڈڈ اختتام، غیر شفاف اور غیر پیشہ وارانہ طریقے سے لوگوں پر چھوڑ دیا گیا۔ پی ٹی آئی تمام تباہی کی ذمہ دار بشریٰ پیرنی کو سمجھتی ہے۔ فائنل مارچ سے پہلے پشاور میں پی ٹی آئی کا اجلاس ہوا، بشریٰ پیرنی نے اجلاس میں پارٹی لیڈرز کیلئے 7 مرتبہ بے غیرت اور گدھے کا لفظ استعمال کیا، اسلام آباد سے فرار کے بعد بدھ کو میٹنگ میں بشریٰ نے پارٹی رہنماؤں کیلئے ایک بار پھر بے شرم اور بے غیرت جیسے لفظ استعمال کیے، اس کے لہجے میں شدید غصہ، رعونت اور حقارت تھی۔ سلمان اکرم راجہ نے بشریٰ کو کہا کہ میں صرف عمران خان کو جواب دہ ہوں، اس کی بیوی کو جواب دہ نہیں۔ گولیاں اندھیرے میں ڈھونڈ کر نامعلوم غریبوں کو لگیں اور وہ سب غائب بھی ہو گئے اور نامور لیڈر، یوٹیوبر اور درجنوں ٹی وی چینلز کے نمائندے جو اسی جگہ موجود تھے انہیں سیکیورٹی فورسز کی کسی چھری نے بھی نہیں چھیڑا؟ ڈی چوک کے بھگوڑوں نے بانی پی ٹی آئی کو بھی تنہا چھوڑ دیا۔ جیل میں ملاقات کے دن، بانی پی ٹی آئی ملاقاتیوں کی راہ تکتے رہے۔ آج اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملنے کوئی بھی نہیں پہنچا پی ٹی آئی رہنماؤں نے گرفتاری کے ڈر کے پیش نظر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی زحمت نہ کی۔ بانی پی ٹی آئی سے پارٹی رہنماؤں کے علاوہ اہل خانہ میں سے بھی کوئی نہیں آیا۔ سیاسی جانشینی کی دوڑ میں شامل بشریٰ بی بی اور علیمہ خان بھی ملنے نہ آئیں۔ اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے آنے والے عام طور پر ایک دو روز پہلے درخواست دیا کرتے تھے ذرائع کچھ عرصے سے ملاقات کے لیے آنے والے موقع پر ہی درخواست دے کر بانی پی ٹی آئی سے مل رہے تھے ذرائع ڈی چوک فائنل کال کی ناکامی پر پی ٹی آئی رہنما شرمندہ ہیں یا خوفزدہ؟ اڈیالہ میں بیرسٹر گوہر اور بیرسٹر سیف کی بانی چیئرمین سے ملاقات ہوئی - ملاقات میں دونوں شخصیات نے بانی چیئرمین کو بتایا کہ سارا کراؤڈ خیبر پختونخوا سے ہے اور پنجاب اور سندھ سے کوئی بھی نہیں نکلا اور پنجاب اور سندھ کی قیادت ورکرز کو نکالنے میں ناکام رہی۔

بانی کو یہ بھی بتا دیا گیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری کی موجودگی میں نقصانات کا اندیشہ ہے اور ہجوم کی قیادت بشریٰ بی بی نے سنبھال لی ہے جسے سن کر خان صاحب خاموش ہو گئے۔ جادو کے اثرات فرد جرم عائد ہونے تک برقرار دکھائی دیتے ہیں۔ نو مئی اور 26 نومبر کا بانی سنگین گرفت میں آ چکا ہے اور اس کا سہرا جادوگرنی کے سر باندھا جائے گا۔ 26 نومبر کو انقلاب کا چاند کراچی، لاہور سمیت پاکستان کے کسی صوبہ میں نظر نہیں آیا چند گھنٹوں کے لئے اسلام آباد میں نظر آیا تھا مگر اسکے فوراً بعد منظر عام سے غائب ہو گیا۔

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے احسن اقدامات!

تحریر
حیدر علی

وطن عزیز پاکستان میں اس وقت اڑھائی کروڑ کے قریب نوجوان تعلیمی اداروں اور کھیلوں سمیت ہر شعبہ میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ خصوصاً آئی ٹی کے شعبہ میں بھی پاکستانی نوجوانوں کی اکثریت نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ اگر پاکستان کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو وطن عزیز پاکستان کیلئے نوجوان قیادت نے ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا۔ شاعر مشرق حکیم الامت، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی شاعری کا مخاطب ہی نوجوان ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بھی ہمیشہ نوجوانوں کی اہمیت اور پاکستان کیلئے بنیادی اساس قرار دیا۔

قارئین کرام! اس وقت وطن عزیز پاکستان میں مسلم لیگ ن کی جمہوری حکومت قائم ہے۔ اور پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں نوجوانوں کیلئے جتنے اقدامات مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئے ہیں شاید ہی کسی اور دور میں ہوئے ہوں۔ وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کا دور وزارت اعلیٰ دیکھ لیں جتنے اقدامات نوجوانوں کیلئے کیے گئے وہ مثال ہیں خصوصاً لیپ ٹاپ سکیم ان میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزارت عظمیٰ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد وزیراعظم یوتھ پروگرام کا اجراء کیے جس کے ثمرات آج پورے ملک کے نوجوانوں کو میسر ہو رہے ہیں۔ اس وقت وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ہیں اور ان کی سربراہی میں اس وقت نوجوانوں کیلئے تعلیم، فنی تعلیم، کھیل اور کلچر سمیت دیگر شعبوں میں روزانہ کی بنیاد پر نئے عوامل شامل ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز وطن عزیز پاکستان میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت 21 نومبر سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے تفصیلاً بتایا کہ ہم ملک میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں۔ کاپ 29 کانفرنس میں پاکستانی پویلین مرکز نگاہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کاپ 29 کانفرنس میں شرکت کے موقع پر کئی اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوئیں، جس کی وجہ سے دنیا پاکستان کی طرف رخ کر رہی ہے، 14 ممالک سے 50 کھلاڑی ٹیبل ٹینس چیمپین شپ میں شرکت کر رہے ہیں، 7 ممالک کے کھلاڑی سکواش کھیلنے آئے ہوئے ہیں، ہر ماہ بڑی تعداد میں سیاح، کھلاڑی اور سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ یونیورسٹی اولمپیاڈ 21 نومبر سے 23 نومبر تک لیاقت جمنیزیم میں کھیلی جائے گی جس میں ملک بھر سے 30 ہزار ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات و ثقافتی ورثہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایچ ای سی، اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔ ان کے مشترکہ تعاون سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ یونیورسٹی اولمپیاڈ میں 10 کھیل شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں شرکت کیلئے تمام ممالک کے سفیروں، متعلقہ فریقوں، ترقیاتی شراکت داروں اور کھیلوں کی تنظیموں کو دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میگا ایونٹ میں شریک باصلاحیت کھلاڑیوں کو ہمیں سپورٹ کرنی چاہیے اور ان کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔ وطن عزیز پاکستان اس وقت دنیا میں اپنا نمایاں کردار ثابت کر رہا ہے معیشت ہو یا فلسطین یا کشمیر کے مظلوم مسلمان۔ پاکستان کا ہمیشہ واضح اور دوٹوک موقف رہا ہے۔ حکومت پاکستان ملک کے مضبوط مستقبل کیلئے کام کر رہی ہے۔ اگر بغور جائزہ لیا جائے تو گزشتہ چند سالوں میں ایک نوجوانوں کے ٹولے کو جو ایک سیاسی جماعت کی جانب سے تربیت دی گئی ہے وہ سوائے بدتمیزی اور جاہلانہ حرکات کے کچھ نہیں۔ ایک طرف حکومت نوجوانوں کیلئے مثبت سرگرمیوں کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے تو دوسری جانب ایک سیاسی بونوں کی جماعت کی جانب سے وفاق پر چڑھائی کا درس دیا جا رہا ہے۔ ایس سی او میں شریک ممالک پاکستان کی ترقی میں شمولیت کے لئے آ رہے تھے لیکن اس موقع پر بھی سیاسی بونوں کی جماعت نے احتجاج کیا جس کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ اس جماعت کے دور میں پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہیں آئی اور اب بھی وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ آئے۔ لیکن یہ سیاسی بونے یاد رکھیں کہ پاکستانی قوم نے ان کا بیانیہ ہمیشہ مسترد کر دیا ہے۔ خوشحال مستقبل پاکستانی نوجوانوں کا حق ہے اور یقیناً حکومت کی جانب سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا کامیابی سے انعقاد ہوگا۔

مذاکرات کے سوا کوئی راستہ نہیں!

اتحادی حکومت عرصہ دراز سے ایک کے بعد ایک بیانیہ کی تلاش میں سرگرداں ہے، جبکہ تحریک انصاف کی جانب سے ایک نیا بیانیہ تشکیل پا چکا ہے کہ گولی کیوں چلائی؟ اس سے قبل پی ٹی آئی کے بیانیے کارکنوں اور پی ٹی آئی قیادت میں جس طرح مقبول ٹھہرے ویسے ہی اس بیانیے کو بھی پذیرائی مل رہی ہے، پی ٹی آئی کے نئے بیانیے اور قیادت کے دھمکی آمیز بیانات کو دیکھ کر اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایسے ماحول میں مذاکرات کی بات آگے نہیں بڑھ سکتی ہے، اس کے باوجود ایک طرف مذاکرات کا اعلان کیا جا رہا ہے تو دوسری جانب سول نافرمانی تحریک سے دھمکایا جا رہا ہے، اگر حکومت اور اپوزیشن نے مذاکرات کا ہی راستہ اختیار کرنا ہے تو پھر ایک دوسرے کے خلاف تلخ بیانات سے گریز کرنا ہوگا۔

اس ملک کے سارے ہی مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، مگر جب بھی مذاکرات کی بات شروع ہوتی ہے تو حکومت اور اپوزیشن دونوں ہی مذاکرات سے دور بھاگنے لگتے ہیں، کیونکہ دونوں کے ہی مفادات مذاکرات نہ کرنے سے جڑے ہیں، اپوزیشن اپنا مزاحمتی بیانیہ چھوڑنے کیلئے تیار ہے نہ ہی حکومت کوئی ایسا مطالبہ ماننے کیلئے تیار ہے کہ جس سے اقتدار جاتا نظر آئے، دونوں ہی بند گلی میں آ چکے ہیں اور اس بند گلی سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں مل رہا ہے، یہ راستہ بھی مذاکرات سے ہی نکلے گا، اس کیلئے دونوں فریقین کو آج نہیں تو کل مذاکرات کرنا ہی پڑیں گے۔

اس کا ادراک جتنا جلد کر لیا جائے گا، اتنا ہی جلد سارے الجھے معاملات سلجھ پائیں گے، ورنہ معاملات مزید بگڑتے ہی چلے جائیں گے، کیونکہ سیاسی جماعتوں میں کتنے ہی اختلاف ہوں، ان کا حل مذاکرات سے ہی نکلتا ہے اور مذاکرات سے ہی نکلنا چاہیے، ماضی میں پیپلز پارٹی اور ن لیگ میں بھی شدید اختلافات رہے ہیں، مگر ایک وقت آیا کہ وہ مل بیٹھے، اس طرح تحریک انصاف اور جے یو آئی میں بھی قربت نہیں رہی ہے اور ان کا اختلاف بھی انتہائی شدید رہا ہے، لیکن ایک وقت آیا کہ ایک دوسرے سے بغل گیر ہوئے اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر اہم امور پر مشاورت کرنے لگے، کیا ایسا ممکن نہیں ہے کہ ایک ایسا وقت بھی آئے کہ جب تحریک انصاف اور حکومت اپنے معاملات کو پارلیمان میں بیٹھ کر خوش اسلوبی سے طے کرنے لگے؟ اس سوال کا جواب اثبات میں ہونا چاہیے، لیکن کیا موجودہ حالات میں ایسا ممکن ہو سکتا ہے؟

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اس کیلئے سیاسی حالات سازگار نہیں ہیں مگر سازگار بنائے تو جا سکتے ہیں، لیکن حالات سازگار بنائے جا رہے ہیں نہ ہی سازگار بنانے کیلئے کوئی پیش رفت دکھائی دے رہی ہے، اگر ایک طرف سے کوئی بیان آتا ہے تو اس کا جواب آگے بڑھ کر دیا جا رہا ہے اور حالات کو مزید خراب کیا جا رہا ہے، اس صورتحال میں مذاکرات کا ڈول کیسے ڈالا جا سکے گا اور کیسے بند گلی سے نکلنے اور آگے بڑھنے کا راستہ تلاش کیا جا سکے گا؟ یہ زبانی کلامی مذاکرات کا جاری کھیل تماشہ بند ہونا چاہیے اور اس پر دونوں ہی جانب سے کوئی سنجیدہ قابل عمل رویہ اختیار کرنا چاہیے، ایک بار میں سارے ہی تنازعات کا ایک ساتھ حل تلاش کرنا مشکل ہو گا، تاہم ان تنازعات کو مرحلہ وار بھی حل کیا جا سکتا ہے، اس کے باوجود مذاکرات میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے تو اس کیلئے کسی ثالث کی مدد بھی لی جا سکتی ہے۔

اس بار اتحادی حکومت کے آنے پر خیال کیا جا رہا تھا کہ صدر زرداری سیاسی الجھے معاملات سلجھانے میں کوئی کردار ادا کریں گے، حکومت اور اپوزیشن کو ایک میز پر بیٹھائیں گے، کوئی مفاہمت کا فارمولا آزمائیں گے مگر صدر زرداری حکومت اور اپوزیشن کو ایک میز پر بیٹھانے اور کوئی مفاہمتی فارمولا آزمانے کے بجائے اپنے ہی بیٹے کو ایوان وزارت عظمیٰ میں لانے پر زیادہ زور دے رہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) قیادت کو بھی باور کرا رہے ہیں کہ اب اقتدار میں آنے کی اُن کی باری ہے، اس باریوں کے چکر میں مذاکرات اور قومی مفادات کہیں پیچھے چلے جاتے ہیں اور ذاتی مفادات آگے آ جاتے ہیں، اس لیے ہی مذاکرات ہو رہے ہیں نہ ہی مذاکرات کامیاب ہونے کے آثار دکھائی دے رہے ہیں۔

اگر دیکھا جائے تو یہ وقت ذاتی مفادات کا نہیں، بلکہ ملک کے مستقبل کو بچانے کا ہے، اگر دونوں فریقین اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور مذاکرات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے مل بیٹھیں، تو پاکستان کیلئے ایک روشن مستقبل کی امید پیدا ہو سکتی ہے، مذاکرات کے سواہ کوئی راستہ نہیں، مذاکرات کا آغاز ہی بحران کے خاتمے کی پہلی سیڑھی ہے، حکومت اور پی ٹی آئی کو چاہیے کہ وہ اپنی سیاسی بصیرت اور عوامی توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک نیا باب رقم کریں، بامقصد مذاکرات کا نہ صرف آغاز کریں، بلکہ انہیں کامیاب بھی بنائیں، اس صورت میں ہی ہم ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کا خواب دیکھ سکتے ہیں۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

سنچورین ٹیسٹ میچ میں جنوبی افریقہ نے پاکستان کو شکست دیدی

قومی ٹیم گزشتہ روز 237 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی تھی اور جنوبی افریقا کو جیت کے لیے 148 رنز کا ہدف دیا تھا جسے جنوبی افریقہ نے باآسانی حاصل کر لیا

سنچورین (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقہ نے پاکستان کو پہلے ٹیسٹ میچ میں 2 وکٹ سے شکست دیکر 2 ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کرلی۔ جنوبی افریقہ نے فتح کیلئے درکار 148 رنز کا ہدف 8 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا، ہدف کو پانے کے لیے آج جنوبی افریقا کے بیٹر ایڈم مارکرم نے 22 اور کپتان ٹمبا باوو ما نے صفر رنز کے ساتھ چوتھے روز کے کھیل کا آغاز کیا۔ آج بھی جنوبی افریقی بیٹرز نے محتاط انداز سے ہدف کی جانب بڑھنا شروع کیا تاہم ان کی چوتھی وکٹ 62 رنز پر گرگئی، ایڈم مارکرم کو 37 رنز پر محمد عباس نے بولڈ کیا۔ جنوبی افریقا کی پانچویں وکٹ 96 رنز پر گری جب کپتان ٹمبا باوو ما کو 40 رنز پر محمد عباس نے آوٹ کیا جس کے کچھ ہی دیر بعد پاکستان نے چھٹی، ساتویں اور آٹھویں وکٹ 99 رنز پر حاصل کی۔ کپتان ٹمبا باوو ما 40 رنز بنا کر نمایاں رہے، اوپنر ایڈن مارکرم نے 37 رنز بنائے، گگلیسو رباڈا نے 31 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، کائیل وررینے 2، ڈیوڈ بیڈنگھم 14 اور کوربن بوش صفر پر آوٹ ہوئے، جبکہ مارکو ینسین نے ناٹ آوٹ 16 رنز اسکور کیے۔ پاکستان کی جانب سے فاسٹ بولر محمد عباس نے 6 وکٹیں حاصل کیں، خرم شہزاد اور نسیم شاہ نے ایک ایک وکٹ لی۔ اس سے قبل دونوں ٹیموں کے درمیان یہ ٹیسٹ میچ گزشتہ روز (تیسرے دن) ہی دلچسپ مرحلے میں داخل ہوگیا تھا۔ ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز 148 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ہوم ٹیم نے 3 وکٹوں پر 27 رنز بنالیے تھے۔ قومی ٹیم گزشتہ روز 237 رنز پر آل آوٹ ہوگئی تھی اور جنوبی افریقا کو جیت کے لیے 148 رنز کا ہدف دیا تھا۔ خیال رہے کہ قومی ٹیم نے پہلی اننگ میں 211 رنز بنائے تھے جبکہ ہوم ٹیم نے 301 رنز کا ٹوٹل بورڈ پر سجا کر 90 رنز کی سبقت حاصل کی تھی۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 3 جنوری سے کیپ ٹاؤن میں شروع ہوگا۔

پہلے ٹیسٹ میچ میں ہدف حاصل کرنے کے بعد جنوبی افریقہ کے کھلاڑی گگلیسو رباڈا اور مارکو جانسن خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔

شاداب خان نے ٹیم میں واپسی کیلئے ثقلین مشتاق کی مدد لے لی

مایہ ناز آف اسپنر نے شاداب خان کو بولنگ بہتر کرنے کے لیے ٹپس دیں، بہترین شخص سے سیکھ رہا ہوں، شاداب

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹر شاداب خان نے ٹیم میں واپسی کیلیے اپنے سسر ثقلین مشتاق کی مدد لے لی۔ شاداب خان نے اپنے سسر اور سابق ٹیسٹ کرکٹر ثقلین مشتاق کے ساتھ بولنگ پریکٹس کی فوٹیج سوشل میڈیا پر شیئر کی ہے۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش تصاویر اور ویڈیوز میں ثقلین مشتاق کو شاداب خان کی کوچنگ کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر اور مایہ ناز آف اسپنر نے شاداب خان کو بولنگ بہتر کرنے کے لیے ٹپس دیں اور انہیں ایک ہاتھ سے گیند کروانے کی پریکٹس کروائی۔ اس معاملے پر شاداب خان کا کہنا تھا کہ میں ایک بہترین شخص سے سیکھ رہا ہوں۔

راحت فتح علی خان کی ایم ایس دھونی سے ملاقات، صارفین کے دلچسپ تبصرے

ایم ایس دھونی کو بہت دھیان سے گفتگو سنتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان میوزک انڈسٹری کے معروف گلوکار راحت فتح علی خان کی سابق بھارتی کپتان ایم ایس دھونی سے ملاقات ہوئی۔ راحت فتح علی خان کے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر موجود آفیشل اکاؤنٹ پر ان کی ایم ایس دھونی سے ہونے والی ملاقات کی ایک ویڈیو اور چند تصاویر شیئر کی گئی ہیں۔ گلوکار کے انسٹا اکاؤنٹ پر شیئر کی گئی ویڈیو میں انہیں خوشگوار انداز میں گفتگو کرتے جبکہ ایم ایس دھونی کو بہت دیہان سے ان کی گفتگو سنتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس ملاقات کے دوران بنائی گئی ویڈیو اور تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا گیا ہے کہ ایم ایس دھونی اب تک کے بہترین کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں۔ راحت فتح علی خان اور ایم ایس دھونی کی اس ملاقات کی تصاویر اور ویڈیو کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بہت پسند کیا جارہا ہے اور دلچسپ تبصرے بھی کیے جارہے ہیں۔

کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے، بابر اعظم کی ٹیسٹ کرکٹ میں 2 برس بعد پہلی نصف سنچری

سنچورین (این این آئی) قومی ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر اور سابق کپتان بابر اعظم نے ٹیسٹ فارمیٹ میں 2 برس بعد نصف سینچری اسکور کرڈالی۔ سینچورین میں کھیلے جارہے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ تیسرے روز قومی ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم نے ایک مرتبہ پھر فارم میں نظر آئے اور انہوں نے 2 برس کے طویل انتظار کے بعد نصف سینچری اسکور کی۔ ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں بابر اعظم محض 50 رنز بنا کر مارکو جینسن کا شکار بنے۔ بابر اعظم نے 10 ویں ٹیسٹ میچ میں اپنی نصف سینچری مکمل کی، انہیں اور مداحوں کو 2 سالوں کے دوران 19 اننگز تک اسوقت تک کا انتظار کرنا پڑا۔ اس سے قبل بابر اعظم نے آخری ٹیسٹ ففٹی دسمبر 2022 میں بنائی تھی، اسی میچ کے دوران بابر اعظم نے ٹیسٹ میں بھی 4 ہزار رنز مکمل کیے، اس طرح وہ تینوں فارمیٹ میں 4 ہزار یا زائد رنز بنانے والے پہلے پاکستانی بیٹر بن چکے ہیں۔

بیٹے کی پہلی ٹیسٹ سنچری پر والد خوشی سے نہال ہوکر رو پڑے

میلبرن (این این آئی) بھارتی کرکٹر نتیش کمار ریڈی کے والد اپنے بیٹے کی مشکل وقت میں بنائی گئی پہلی ٹیسٹ سنچری پر خوشی سے رو پڑے۔ میلبرن میں آسٹریلیا کے خلاف جاری چوتھے ٹیسٹ کے تیسرے روز ریڈی نے سنچری بنا کر ٹیم کو مشکل صورتحال سے نکالنے کی کوشش کی، انہوں نے 11 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 189 گیندوں پر 114 رنز بنائے۔ نتیش کمار ریڈی آسٹریلیا میں ٹیسٹ سنچری بنانے والے بھارت کے تیسرے کم عمر ترین کرکٹر بننے کا اعزاز بھی اپنے نام کیا۔ آسٹریلیا کیخلاف میلبرن ٹیسٹ میچ کے دوران کرکٹر کے والد موتیالا ریڈی بھی گراؤنڈ میں موجود تھے، جنہوں نے اپنے بیٹے کی سنچری کا بھرپور جشن منایا، ان کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔

صائم ایوب آئی سی سی مینز ایمرجنگ کرکٹر آف دی ایئر کیلئے نامزد

نوجوان بیٹر نے 9 ون ڈے میچز میں 3 سنچریز اور ایک نصف سنچری کے ساتھ 515 رنز بنائے

سنچورین (این این آئی) پاکستان کے نوجوان اوپننگ بیٹر صائم ایوب آئی سی سی مینز ایمرجنگ کرکٹر آف دی ایئر کے لیے نامزد ہو گئے۔ صائم ایوب نے حال ہی میں دورہ آسٹریلیا، زمبابوے اور جنوبی افریقا میں عمدہ بیٹنگ کی ہے، مجموعی طور پر نوجوان بیٹر نے 9 ون ڈے میچز میں 3 سنچریز اور ایک نصف سنچری کے ساتھ 515 رنز بنائے ہیں۔ علاوہ ازیں انگلینڈ کے گس ایٹکنسن، سری لنکا کے کمیندو مینڈس اور ویسٹ انڈیز کے شمر جوزف کو بھی ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ گس ایٹکنسن نے 11 میچز میں 52 وکٹیں حاصل کی ہیں جبکہ کمیندو مینڈس نے 32 میچز میں 1451 رنز بنائے ہیں اور شمر جوزف نے 8 ٹیسٹ میچز میں 29 وکٹیں حاصل کی ہیں۔ دوسری جانب آئی سی سی ویمنز ایمرجنگ کرکٹر آف دی ایئر کے لیے بھی نامزدگیوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ جنوبی افریقا کی اینری ڈرکسن، اسکاٹ لینڈ کی سکیا ہارلے، بھارت کی شریانکا پٹیل اور آئرلینڈ کی فریا سارجنٹ کو بھی ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔

پاکستان ویمن کرکٹر سدرا امین رشتہ ازدواج میں منسلک

لاہور (شہروز میاں سے) پاکستانی ویمن کرکٹر سدرا امین رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں، اُن کی شادی کی تقریب لاہور میں واقع فارم ہاؤس میں ہوئی۔ 32 سالہ سدرا امین کی شادی عادل مسعود سے ہوئی ہے۔ تقریب میں ساتھی کھلاڑیوں، کوچز اور پی سی بی عہدیداران نے شرکت کی۔ تقریب میں شریک ہونے والیوں میں سدرہ نواز، گل فیروزہ، طوبیٰ حسن، کائنات حفیظ، عمائمہ سہیل، سعدیہ اقبال، عالیہ ریاض، نتالیہ پرویز، بسمعہ معروف، ارم جاوید اور عائشہ ظفر شامل ہیں۔

احمق، پنت کے آؤٹ ہونے پر کمنٹیٹر سنیل گواسکر آگ بگولہ، غصے میں آگئے



میلبرن (این این آئی) آسٹریلیا اور بھارت کے باکسنگ ڈے ٹیسٹ میں سابق بھارتی لیجنڈ اور کمنٹیٹر سنیل گواسکر بھارتی بیٹر رشبھ پنت کے آؤٹ ہونے پر پھٹ پڑے۔ میلبرن میں جاری باکسنگ ڈے ٹیسٹ میں آسٹریلیا کی پوزیشن مضبوط ہے اور پہلی اننگز میں میزبان ٹیم کو اب بھی 116 رنز کی برتری حاصل ہے۔ ایم سی جی میں جاری باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے تیسرے دن بھارت نے پانچ کھلاڑی آوٹ 164 رنز سے اپنی نامکمل اننگز آگے بڑھائی تو رشبھ پنت 28 اور رویندرا جڈیجا 17 رنز بنا کر آوٹ ہوگئے لیکن پھر واشنگٹن سندر اور نتیش کمار ریڈی کے درمیان 127 رنز کی شراکت سے بھارتی ٹیم سنبھل گئی۔ واشنگٹن 50 رنز جبکہ بمرا بغیر کھاتہ کھولے پویلین لوٹ گئے، دوسرے اینڈ سے نتیش کمار نے ٹیسٹ کیریئر کی پہلی سنچری بنانے میں کامیاب رہے، دن کے اختتام تک بھارت نے 9 وکٹ کے نقصان پر 358 رنز بنالیے۔ رشبھ پنت کے آؤٹ ہونے پر دوران کمنٹری سنیل گواسکر پھٹ پڑے اور شدید غصے میں آگئے، انہوں نے کمنٹری کے دوران اپنی بھڑاس نکال دی اور بار بار رشبھ کو احمق احمق کہتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ رشبھ نے اپنی وکٹ خود دی ہے، اس کو صورتحال سمجھنی چاہیے تھی۔ سنیل گواسکر نے ان کے شاٹ کو بھی احمقانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنت کو بھارتی ٹیم کے ڈریسنگ روم میں نہیں جانا چاہیے بلکہ کسی اور کے ڈریسنگ روم میں جائیں۔

کنگ سے جوکر کہنے پر آسٹریلوی کرکٹرز و میڈیا کو دوغلا قرار دیدیا

میلبرن (این این آئی) پاکستان کی شکستوں پر ٹیم کا مذاق اُڑانے والے بھارت کے سابق کرکٹر اور فاسٹ بولر عرفان پٹھان دورہ آسٹریلیا کے دوران ویرات کوہلی کیساتھ پیش آئے واقعات پر بھڑک اٹھے۔ اسٹار اسپورٹس کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے عرفان پٹھان نے آسٹریلوی میڈیا پر کڑی تنقید کرتے ہوئے واقعات کو کرکٹر کی بےعزتی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلوی میڈیا، اخبارات کے علاوہ کچھ سابق کرکٹرز بھی دوہرے معیارات رکھتے ہیں، پہلے ویرات کوہلی کو کنگ کہتے تھے لیکن اب انہوں نے تھوڑے ایگریشن کا مظاہرہ کیا تو انہیں جوکر کہہ ڈالا، یہ دوہرا معیار ہے۔ عرفان پٹھان نے کہا کہ 19 سالہ سیم کونسٹاس کیساتھ پیش آئے واقعے کی حمایت نہیں کرتا۔

آسٹریلوی بگ بیش لیگ، سڈنی تھنڈر نے میلبورن سٹارز کو 18 رنز سے ہرادیا

کینبرا (این این آئی) آسٹریلوی بگ بیش لیگ میں سڈنی تھنڈر نے میلبورن سٹارز کو 18 رنز سے ہرادیا، فاتح ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے، سیم بلنگز نے جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور 72 رنز بنائے، بیو ویبسٹر نے تین کھلاڑیوں کو آوٹ کیا، میلبورن سٹارز کی ٹیم مطلوبہ ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی۔

زمبابوے نے افغانستان کیخلاف اپنی ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکور بنا ڈالا

زمبابوے کی ٹیم افغانستان کے خلاف ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں سب سے بڑا ٹوٹل 586 رنز بنا کر آوٹ ہوئی

ہرارے (این این آئی) زمبابوے نے افغانستان کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں اپنی ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکور بنا دیا۔ افغانستان کرکٹ ٹیم ان دنوں زمبابوے کے دورے پر ہے جہاں دونوں ٹیموں کے درمیان 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 26 دسمبر سے جاری ہے۔ اس میچ میں زمبابوے نے افغانستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور رنز کے انبار لگا دیے۔ زمبابوے کی ٹیم افغانستان کے خلاف ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں 586 رنز بنا کر آوٹ ہوئی۔ یہ زمبابوے کی ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا ٹوٹل ہے۔ زبان ٹیم کی جانب سے شان ولیمز 154، کریگ ایروِن 104 اور برائن بینٹ 110 رنز بنا کر نمایاں بیٹر رہے۔ 586 رنز کے جواب میں افغانستان کی ٹیم جمعہ کو دوسرے دن کھیل کے اختتام تک 2 وکٹوں کے نقصان پر 95 رنز بنا سکی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل زمبابوے نے 2001 میں ہرارے میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 167 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 563 رنز بنائے تھے۔ زمبابوے نے افغانستان کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں اپنی ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکور بنا دیا۔ افغانستان کرکٹ ٹیم ان دنوں زمبابوے کے دورے پر ہے جہاں دونوں ٹیموں کے درمیان 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 26 دسمبر سے جاری ہے۔

SHOWBIZ
قوت

ہانیہ عامر کی ونٹر لکس میں دلفریب اداؤں کے مداح گرویدہ

سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تصاویر پر پسندیدگی کا اظہار کیا جارہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ڈمپل کوئین ہانیہ عامر نے ونٹر لکس میں دلفریب اداؤں سے مداحوں کو دیوانہ بنا لیا۔ ہانیہ عامر کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے، ہانیہ نے کم عمری میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا لیکن فنکارانہ صلاحیتوں کی بدولت جلد ہی لوگوں کے دلوں پر راج کرنے لگیں۔ ان دنوں اداکارہ ہانیہ عامر بیرون ملک مقیم ہیں جہاں سے انہوں نے ونٹر لک میں کچھ تصاویر فوٹو اینڈ ویڈیو شیئر ایپ انسٹاگرام پر شیئر کیں۔ مذکورہ تصاویر میں ہانیہ سبز، گلابی، آسمانی اور سفید لائنز والا جاذب نظر سوئیٹر پہنی نظر آرہی ہیں جس کے نیچے انہوں نے سبز باڈی کون ڈریس پہن رکھا ہے، ہانیہ عامر کے کیوٹ ونٹر ڈریس کو خاص پسند کیا جارہا ہے۔ سوئیٹر پر آسمانی پھول بھی بنے ہوئے ہیں جو اس کو مزید دلکش بنا رہے ہیں جبکہ باڈی کون بغیر پرنٹ شدہ صرف سبز رنگ کی ہے، ہانیہ عامر نے لک کو مکمل کرنے کیلئے کانوں میں اسٹڈ پہنے اور شوز کے بجائے ہائی ہیلز کا انتخاب کیا ہانیہ عامر کا یہ لک مداحوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تصاویر پر پسندیدگی کا اظہار کیا جارہا ہے۔

اداکارہ حبا بخاری اور اداکار آریز احمد نے بیٹی کی پیدائش کے 2 ماہ بعد خوشخبری شیئر کردی

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ہر دلعزیز فنکار جوڑی اداکارہ حبا بخاری اور اداکار آریز احمد نے بیٹی کی پیدائش کے 2 ماہ بعد خوشخبری مداحوں کے ساتھ شیئر کردی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اس فنکار جوڑی نے مشترکہ پوسٹ شیئر کر کے ننھی پری کی آمد کے اعلان کے ساتھ ہی نام بھی بتا دیا اور تصویر بھی شیئر کردی۔ انسٹا پوسٹ میں انہوں نے ایک تصویر شیئر کی ہے جس میں حبا بخاری اور آریز احمد کے ہاتھوں میں ان کی بیٹی کے پاؤں کی جھلک بھی دکھائی دی۔ انہوں نے انسٹا پوسٹ میں جاتے سال کی خوبصورت یادوں کو سمیٹنے کی کوشش کی ہے اور بیٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ اس سال نے ہماری زندگیوں کو اس خوبصورت انداز میں بدل دیا ہے، جسے الفاظ میں بیان کرنا میرے لیے واقعی ممکن نہیں۔ یہ آپ کا دوسرا مہینہ ہے۔ انہوں نے بیٹی کی پیدائش پر خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے مزید لکھا کہ آپ کی موجودگی محبت کی خالص ترین شکل ہے جسے ہم نے محسوس کیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں اپنی رحمت سے نوازا۔ ہمارا چھوٹا فرشتہ۔ والدین بننے والی اس جوڑی نے اپنے مداحوں کو بیٹی کا نام بھی بتادیا، انہوں نے کیپشن میں لکھا کہ آپ ہماری زندگیوں میں روشنی لائی ہیں۔ ہم نے آپ کا نام عینور AYNUR رکھا ہے، جس کا مطلب ہے چاندنی۔ واضح رہے کہ آریز احمد اور حبا بخاری 2022ء میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے تھے۔

نامور کلاسیکل موسیقار استاد چھوٹے غلام علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 38 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) نامور کلاسیکل موسیقار اور گلوکار استاد چھوٹے غلام علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 38 برس بیت گئے۔ 1910ء کو قصور کے موسیقار گھرانے میں پیدا ہونے والے استاد چھوٹے غلام علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تربیت اپنے والد میاں امام بخش سے حاصل کی، انہیں دھرپد انداز گائیکی پر ملکہ حاصل تھا، خیال، ترانہ، ٹھمری، دادرا اور غزل، سبھی کو یکساں مہارت سے گاتے تھے۔ استاد چھوٹے غلام علی خان ایک عرصہ تک لاہور آرٹس کونسل میں موسیقی کی تربیت کیلئے قائم اکیڈمی سے وابستہ رہے، 1985ء میں انہیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا گیا۔ نامور موسیقار چھوٹے غلام علی خان کے شاگردوں میں شاہدہ پروین، بدرالزماں، قمرالزماں کے نام نمایاں ہیں۔

پاکستان کے نامور ادیب، شاعر، دانشور اور سیاستدان حنیف رامے کی 19 ویں برسی یکم جنوری کو منائی جائیگی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے نامور ادیب، شاعر، دانشور اور سیاستدان حنیف رامے کی 19 ویں برسی یکم جنوری کو منائی جائیگی وہ 15 مارچ 1930 کو ضلع شیخوپورہ میں پیدا ہوئے 1972 میں وہ پنجاب کے وزیر خزانہ اور 1974 میں وزیر اعلیٰ پنجاب اور 1993 میں اسپیکر پنجاب اسمبلی کے منصب پر فائز ہوئے انہوں نے کئی کتابیں تحریر کیں جن میں "پنجاب کا مقدمہ، اسلام کی روحانی قدریں، موت نہیں زندگی شامل ہیں۔ حنیف رامے یکم جنوری 2006 کو دنیا فانی سے رخصت ہوگئے۔

راحت فتح علی خان کی ایم ایس دھونی سے ملاقات، صارفین کے دلچسپ تبصرے

ممبئی (این این آئی) پاکستان میوزک انڈسٹری کے معروف گلوکار راحت فتح علی خان کی سابق بھارتی کپتان ایم ایس دھونی سے ملاقات ہوئی۔ راحت فتح علی خان کے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر موجود آفیشل اکاؤنٹ پر ان کی ایم ایس دھونی سے ہونے والی ملاقات کی ایک ویڈیو اور چند تصاویر شیئر کی گئی ہیں۔ گلوکار کے انسٹا اکاؤنٹ پر شیئر کی گئی ویڈیو میں انہیں خوشگوار انداز میں گفتگو کرتے جبکہ ایم ایس دھونی کو بہت دیہان سے ان کی گفتگو سنتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس ملاقات کے دوران بنائی گئی ویڈیو اور تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا گیا ہے کہ ایم ایس دھونی اب تک کے بہترین کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں۔ راحت فتح علی خان اور ایم ایس دھونی کی اس ملاقات کی تصاویر اور ویڈیو کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بہت پسند کیا جارہا ہے اور دلچسپ تبصرے بھی کیے جارہے ہیں۔

اداکار الو ارجن امیتابھ بچن کے پسندیدہ اداکار نکلے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار اور معروف میزبان امیتابھ بچن نے اپنے پسندیدہ اداکار کا نام بتادیا مگر حیران کن طور پر وہ عامر خان، سلمان، شاہ رخ خان نہیں ہیں۔ کون بنے گا کروڑ پتی 16 کی ایک قسط کے دوران امیتابھ بچن نے پشپا 2 کے اداکار الو ارجن کی صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں اپنا پسندیدہ اداکار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ موازنہ کرنے پر کہا کہ میرا الو ارجن سے موازنہ بنتا ہی نہیں کیونکہ وہ بہت اچھا اداکار ہے اور شاندار کام کر رہا ہے۔ امیتابھ بچن نے حاضرین و ناظرین پر زور دیا کہ وہ الو ارجن کی پشپا 2 فلم ضرور دیکھیں پھر معلوم ہوجائے گا کہ وہ کتنا زبردست اداکار ہے۔ اس بات کا تذکرہ اُس وقت نکلا جب پروگرام میں گھریلو خاتون نے شرکت کی اور بتایا کہ وہ الو ارجن اور امیتابھ کی مداح ہیں۔ امیتابھ نے ہنستے ہوئے کہا کہ 'الو ارجن کے ساتھ میرا نام شامل کرنے سے اب کوئی فرق نہیں پڑے گا، وہ ناقابل یقین حد تک باصلاحیت فنکار ہے اور انہیں جو پذیرائی ملی وہ اسی کے لائق ہیں۔ اپنی بات جاری رکھتے ہوئے بگ بی نے کہا کہ میں خود الو ارجن کا بہت بڑا مداح ہوں اور حال ہی میں اُن کی ریلیز ہونے والی فلم پشپا 2 دیکھی ہے۔

پرانی محبت جاگ اٹھی؟ سلمان خان کیلئے کترینہ کا پیغام وائرل

کترینہ کیف نے 2021 میں اداکار وکی کوشل کے ساتھ شادی کرلی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کی 59 ویں سالگرہ کے موقع پر سابق محبوبہ کترینہ کیف کا محبت بھرا پیغام سوشل میڈیا پر وائرل ہورہا ہے۔ سلمان کی 59 ویں سالگرہ کے موقع پر اداکارہ کترینہ کیف نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر خاص انداز میں مبارک باد پیش کی ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر کترینہ کیف نے سلمان خان کی بلیک اینڈ وائٹ تصویر کے ساتھ تہنیتی پیغام دیا ہے۔ اداکارہ نے تصویر کے کیپشن میں سلمان کو ٹیگ کرتے ہوئے لکھا کہ 'سالگرہ بہت مبارک ہو، زندگی کی تمام شاندار چیزیں اس سال اور ہمیشہ آپ کے ساتھ ہوں'۔ یاد رہے کہ کترینہ اور سلمان خان کا ایک طویل تعلق رہا ہے، اور کئی سال تک دونوں کے درمیان تعلقات کی افواہیں بھی گردش میں رہیں۔ لیکن کچھ عرصے بعد سلمان خان کے دیگر معاشقوں کی خبروں کی طرح یہ گرد بھی بیٹھ گئی۔ کترینہ کیف نے 2021 میں اداکار وکی کوشل کے ساتھ شادی کرلی تھی اور دونوں خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔

میری عمر کے لوگوں کی شادیاں ہورہی ہیں اور میں موبائل کیلیے جدوجہد کررہی ہوں، اداکارہ کا شکوہ

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی اداکارہ نے اپنی عمر اور کامیابیوں کا دیگر سے موازنہ کیا ہے۔ متعدد پاکستانی ڈراموں میں اپنی جاندار اداکاری کی وجہ سے انڈسٹری میں نام بنانے اور مداحوں کے دلوں کی دھڑکن بننے والی اداکارہ سحر خان نے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کی۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں خود کا مزاحیہ انداز سے دیگر سے موازنہ کرتے ہوئے لکھا کہ 'میری عمر کے لوگوں کی شادیاں ہورہی ہیں اور میں موبائل فون کی میموری میں جگہ بنانے کی جدوجہد کررہی ہوں کہ کون سی تصویر یا ایپلیکیشن کو ڈیلیٹ کروں'۔ ان کی اس اسٹوری پر مداحوں کا ملا جلا ردعمل سامنے آیا اور متعدد نے انہیں موبائل فون تبدیل کرنے کا مشورہ دیا۔ کچھ تو ایسے بھی تھے جنہوں نے اداکارہ سے کہا کہ وہ اپنے لیپ ٹاپ میں تصاویر محفوظ کرلیں۔ ان میں سے کچھ صارفین ایسے تھے جنہوں نے کہا کہ 'آپ شادی کے بارے میں سوچنا شروع کریں تو پھر ہوجائے گی'۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سبکدوش سفیر ڈاکٹر عمران علی چوہدری کے اعزاز میں عشائیہ

تقریب کے مہمان خصوصی سید ضیغم حسین تھے ڈاکٹر عمران علی چوہدری نے خطاب کیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) عمان کے سبکدوش سفیر ڈاکٹر عمران علی چوہدری کے اعزاز میں بزنس مین سید زیب حسن کی طرف سے عشائیہ دیا گیا عشائیہ میں متعدد سفارتی سماجی شخصیات نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی سید ضیغم حسین تھے ڈاکٹر عمران علی چوہدری نے عشائیہ سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں نے پوری ایمانداری سے اپنے فرائض کو سرانجام دیا اور اوورسیز پاکستانیوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی خواہ وہ کسی بھی صورت میں ہوں سید زیب حسن نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران علی کا دور عمان کے لئے سنہراترین دور تھا جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی انہی کی بدولت ہر پاکستانی کو ایمبیسڈر آفس تک رسائی ممکن ہوئی جو ہر سائل کی بروقت مدد کرتے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران علی دردِ دل رکھنے والے اور مددگار انسان ہیں انہوں نے جو وقت عمان میں گزارا اس میں عمان اور پاکستان کے تعلقات اور تجارت کے لئے کانفرنسز کا انعقاد کیا گیا ہم ڈاکٹر عمران علی چوہدری کے مشکور ہیں اس موقع پر قمر ریاض، فرحان شاکر، زاہد شکور، امیر حمزہ چیئرمین پاکستان سکولز، بلال حسن نائب سفیر، عتیق الرحمان ویلفیئر اتاشی، حامد شیراز ڈیفنس اتاشی نے دعاؤں کے ساتھ ڈاکٹر عمران علی چوہدری کو رخصت کیا۔

ٹریفک قوانین کی پاسداری مہذب قوم کا شعار ہوتی ہے: عدنان قاسم وہلہ

دھند میں فوگ لائٹ کا استعمال کریں، سفر پر جانے سے پہلے انڈیکیٹر لائٹس چیک کریں



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل سیالکوٹ عدنان قاسم وہلہ نے ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ کے ہمراہ ہمالیہ گرز کالج کلووال سیالکوٹ میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک آگاہی کی بابت منعقد کردہ سیمینار سے خطاب کیا۔ انہوں نے سیمینار کے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ دھند میں فوگ لائٹ کا استعمال کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے سفر پر جانے سے پہلے گاڑی کی لائٹس و انڈیکیٹر درست حالت میں ہیں۔ سڑک پر اپنی لین میں رہیں بار بار اپنی لین تبدیل نہ کریں۔ کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوورٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ گاڑی میں کسی بھی قسم کی فنی خرابی یا پھر ایکسیڈنٹ کی صورت میں فوری طور پر گاڑی کو روڈ کی سائیڈ پر کھڑی کریں تاکہ پیچھے سے آنیوالی گاڑیاں نہ ٹکرائیں۔ آپ کی محفوظ ڈرائیونگ سے حادثات میں کمی ممکن ہے۔ بعد ازاں DSP ٹریفک نے ڈرائیورز کے مسائل سنے اور ان کے حل کروانے کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے خاص طور پر ناجائز تجاوزات کو فوری ختم کرنے بارے بھی کہا۔

ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کے چیئرمین کی وفاقی وزیر بحری امور سے ملاقات

موجودہ حکومت عام آدمی کے معیار زندگی کو بلند کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، قیصر احمد شیخ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کے چیئرمین پیرزادہ اقبال حسین کی قیادت میں صحافیوں کے وفد کی وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ سے خصوصی ملاقات اس موقع پر پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کے عہدیداران جوائنٹ سیکرٹری شہباز علی اوورا، شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی سیکرٹری اطلاعات ونشریات ملک احسان حسرت، زبیر احمد گلوتر، رانا تجمل حسین، شیخ محمد عثمان بھٹارہ، عارف محمود، شاہزیب نوناری و دیگر صحافیوں نے شرکت کی اس موقع پر وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت عام آدمی کے معیار زندگی کو بلند کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے نوجوانوں کی فلاح وبہبود کیلئے عملی طور پر اقدامات کیے جا رہے ہیں باصلاحیت نوجوان ٹیکنیکل ایجوکیشن کی طرف توجہ دیں ان کا مزید کہنا تھا کہ صحافیوں نے شہر کی تعمیر وترقی اور علاقائی مسائل کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے جس پر پرنٹ میڈیا کا کردار قابل تحسین ہے اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ پیرزادہ اقبال حسین نے شہری مسائل کے بارے میں ان کو آگاہ کیا جس پر انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ وہ علاقائی مسائل کو حل کروائیں گے

ملک اعجاز کی زیر قیادت سیالکوٹ میں انکروچمنٹ آپریشن جاری



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پنجاب گورنمنٹ کے حکم پر سیالکوٹ ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر سیالکوٹ کے طول و ارض میں ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کیلئے دو ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں جن کو ڈی پی او سیالکوٹ کی زیر نگرانی ڈی ایس پی سٹی ٹریفک سیالکوٹ مبشر خان، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اعجاز ملک لیڈ کر رہے ہیں۔ مرکزی ٹیم کو انچارج انکروچمنٹ سیل میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ مستنصر بلوخان جبکہ دوسری اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کو انچارج انکروچمنٹ وقاص بٹ معہ عملہ انکروچمنٹ ہائی کمان کی سپرویژن میں لیڈ کر رہے ہیں۔

نثار سلہری امیدوار صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن نامزد

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات میں سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ گروپ نے اپنے معزز ساتھی گروپس کے ہمراہ امسال انتخابات میں نامزد امیدوار صدر چوہدری نثار سلہری کو بھرپور ووٹ وسپورٹ کا اعلان کرتے ہوئے بھرپور انداز میں الیکشن کمپین شروع کر دی۔ اس موقع پر اپنے میڈیا بیان میں سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ آف ڈسکہ رئیل اسٹیٹ بلڈرز کا کہنا تھا کہ نثار سلہری معزز ڈیلرز کے حقوق کے پاسبان اور انشاءاللہ جیت کر اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ڈیلرز کے مفادات کا بہترین انداز میں نا صرف تحفظ کریں گے بلکہ بطور قابل لیڈر انکے ہمراہ ہر کڑے وقت میں ساتھ دینگے۔

وزیرآباد شہر و گردونواح میں شدید دھند، حد نگاہ انتہائی کم ہوگئی

وزیرآباد (نامہ نگار) وزیرآباد شہر و گردونواح میں شدید دھند، حد نگاہ انتہائی کم ہوگئی شہری غیر ضروری سفر سے پرہیز کریں موٹروے و ہائی وے پولیس حکام سردی کی شدت میں اضافہ کے بعد ڈاکٹرز نے ضعیف افراد اور بچوں کو سردی سے محفوظ رہنے کی تنبیہ کی ہے موسم سرما کی پہلی بارش کے بعد وزیرآباد شہر و گردونواح علی پور چٹھہ، گکھڑ منڈی، دھونکل، سوہدرہ، رسولنگر، احمد نگر چٹھہ، کیلاسکے، خانکی اور قادرآباد میں شدید دھند نے ڈیرے ڈال لیے حد نگاہ انتہائی کم ہوگئی خصوصا مضافاتی سڑکوں پر دھند کی شدت میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا نیشنل موٹروے اینڈ ہائی وے پولیس حکام نے شہریوں کو غیر ضروری سفر سے اجتناب برتنے کا کہا ہے سردی اور دھند کی وجہ سے امراض تنفس میں مبتلا مریضوں اور بچوں سمیت ضعیف العمر افراد کو ڈاکٹرز نے احتیاط برتنے کی تنبیہ کی ہے اطباء کا کہنا ہے کہ موسم میں دھند کی وجہ سے نمونیائی کیفیت بڑھ جاتی ہے۔

پاکستان میں کوئی آزاد نہیں ہے، شہباز احمد المعروف کڑھائی والے

14 اگست 1947 کو ہم نے آزادی حاصل کرنے کے بعد دوبارہ غلامی اختیار کر لی ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاکستان میں کوئی آزاد نہیں ہے طاقتور طبقہ کمزور کو مسلسل دبا رہا ہے نیچے سے اوپر تک ہم سب غلام ہیں 14 اگست 1947 کو ہم نے آزادی حاصل کرنے کے بعد دوبارہ غلامی اختیار کر لی ہے عمران خان نے ہمیں آزاد کرنے کیلئے جدوجہد کی جسے دبا لیا گیا عوام پاکستان کو ایک آزاد ریاست کے طور پر دیکھنا چاہتی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد المعروف کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کی جدوجہد حقیقی جمہوریت اور آئین کی بحالی اور آزادی کیلئے ہے جس کیلئے آخری سانس تک کوششیں جاری رکھیں گے عمران خان بہت جلد باہر ہوں گے اور حقیقی آزادی کیلئے کی جانے والی جدوجہد کی قیادت کریں ہمارا مقصد انتشار نہیں بلکہ حقیقی جمہوریت کی بحالی ہے ان عناصر سے چھٹکارا حاصل کریں گے جنھوں نے ملک کو کھوکھلا کیا قانون کی بالادستی عام آدمی کے لئے تمام تر سہولیات میسر ہونا کیا اس کو انتشار کہتے ہیں موجودہ حکمرانوں نے جو بویا کاٹنا پڑے گا۔

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کا اسلامیہ ہسپتال میں فری میڈیکل کیمپ کا افتتاح

جنوری میں چنیوٹ جی سی یونیورسٹی کا افتتاح کیا جائے گا، افتتاحی تقریب سے خطاب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کا اسلامیہ ہسپتال میں فری میڈیکل کیمپ اور دل خوشاب پارک کی بحالی کا افتتاح کر دیا تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ نے آج اسلامیہ ہسپتال چنیوٹ میں ایک بڑے میڈیکل کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس کیمپ سے سینکڑوں افراد مستفید ہوئے، جہاں مختلف اقسام کے مفت میڈیکل ٹیسٹ کیے گئے اور مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ یہ کیمپ انجمن اسلامیہ کے زیر اہتمام منعقد ہوا، جس سے ضلع بھر کی عوام نے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ انجمن اسلامیہ کے عہدیداران نے بھی شرکت کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قیصر احمد شیخ نے کہا کہ جنوری میں چنیوٹ جی سی یونیورسٹی کا افتتاح کیا جائے گا، جس پر دو ارب روپے کی لاگت آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چنیوٹ میں اب دو یونیورسٹیاں موجود ہیں، جو کہ کم اضلاع میں ہی ممکن ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چنیوٹ میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے اور عوام کو صحت و تعلیم کی بہترین سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت روڈ ایکسیڈنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس

ضلع بھر میں ٹریفک حادثات کی تفصیلات ان کے عوامل اور تدارک پر تفصیلی گفتگو

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی صدارت میں روڈ ایکسیڈنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں ٹریفک حادثات کی تفصیلات' ان کے عوامل اور تدارک پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی واصف یاسین، ٹریفک پولیس، موٹروے پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ماہ نومبر کے دوران ضلع ساہیوال میں مجموعی طور پر 1110 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے۔

انسان کو اللہ نے مختلف قوموں اور برادریوں میں تقسیم کیا، ڈاکٹر خالد مسعود گوندل

تقسیم ایک دوسرے پر فخر جتلانے کے لیے نہیں، سیمینار سے خطاب

وزیرآباد (نامہ نگار) انسان کو اللہ نے مختلف قوموں اور برادریوں میں تقسیم کیا۔ یہ تقسیم ایک دوسرے پر فخر جتلانے کے لیے نہیں، بلکہ ایک دوسرے کی شناخت کے لیے ہے ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر خالد مسعود گوندل وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی لاہور نے آل ورلڈ گوندل اتحاد کے گوندل سیمینار میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ گوندل قوم کی تاریخ برسوں پرانی ہے ہمارے اجداد نے بابا فرید گنج شکر کے ہاتھوں اسلام قبول کیا اور خطہ میں اسلام کی ترویج کے لیے اپنی خدمات انجام دیں انہوں نے کہا کہ بے شک اللہ کے نزدیک انسان کی قدر و قیمت رنگ و نسل سے نہیں، بلکہ کردار و اخلاق سے بنتی ہے۔ کیونکہ رنگ و نسل میں اس کے عمل و کردار کا دخل نہیں ہے۔

لیسکو واپڈا اجرہ ڈویژن میں گھریلو میٹروں کی مبینہ قلت پیدا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) لیسکو واپڈا اجرہ ڈویژن میں گھریلو میٹروں کی مبینہ قلت پیدا ہونے کی اطلاعات۔ بارشوں کے دوران اور ٹیکنیکل فالٹ کی وجہ سے جل جانے والے مبینہ طور پر سینکڑوں گھریلو میٹرز بجلی کو کئی ماہ گزر جانے کے باوجود تبدیل نہ کیا جا سکا زرائع کے مطابق لیسکو واپڈا اجرہ ڈویژن کی حدود میں 448 میٹروں کو ماہانہ ایوریج ڈالی جا رہی ہے چھ ماہ سے زائد کا عرصہ گزر گیا ڈیفیکٹو کوڈ والے میٹروں کے صارفین سے ایوریج کی مد میں کروڑوں روپے لیسکو نے وصول کر لیے غریب محنت کش کروڑوں روپے کے ناجائز بل جمع کروانے پر مجبور ہیں لیسکو واپڈا اوکاڑہ سرکل کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق ضلع بھر میں ساڑھے تین ہزار خراب میٹروں کو ماہانہ کروڑوں روپے ایوریج ڈالی جا رہی ہے متاثرہ صارفین نے لیسکو چیف ایگزیکٹو لاہور اور وفاقی حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔

گوجرانوالہ: دینی مدارس میں کمپیوٹر ایجوکیشن اور مفت فنی تعلیم کا آغاز کر دیا گیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پرائیویٹ پبلک پارٹنر شپ کے تحت گوجرانوالہ کے سات دینی مدارس میں کمپیوٹر ایجوکیشن اور مفتی تعلیم کا آغاز کر دیا گیا ہے تمام سات مدارس میں کمپیوٹر لیبز فنکشنل کر دی گئی ہیں جبکہ ان دینی مدارس میں طلبہ وطالبات کو جدید تعلیم کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ ٹیوٹا اور مدارس کے منتظمین میں معاہدہ پر دستخط بھی کر دیئے گئے ہیں۔ اس حوالے سے تقریب میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) ساجد کھوکھر (ستارہ امتیاز ملٹری) اور مدارس کے منتظمین ایوان صنعت وتجارت کے سابق صدر میاں عمر سلیم سینئر نائب صدر چوہدری محمد یوسف، فیصل ستار مغل ایگزیکٹو ممبر نے شرکت کی۔ مولانا سعید احمد صدیقی، مولانا جواد محمود قاسمی، مولانا محمد عمران عریف، مفتی شعبان قادری، مولانا ناصر ورک نے معاہدوں پر دینی مدارس کی طرف سے دستخط کیے۔

پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو نے عوامی خدمت کے مشن کا آغاز کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نے عوامی خدمت کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک خصوصی مہم کا آغاز کیا۔ اس مہم کا مقصد سڑکوں پر کھڑی خراب گاڑیوں کے ممکنہ خطرات سے آگاہی دینا اور حادثات کی روک تھام کو یقینی بنانا ہے۔ عوام الناس سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایسی گاڑیوں کی فوری اطلاع ریسکیو 1122 کو دیں جو کسی بھی مرکزی شاہراہ، چوک، یا دیگر عوامی مقامات پر غیر محفوظ طور پر کھڑی ہوں اور دھند میں کسی حادثے کا سبب بن سکتی ہوں۔ اس اقدام پر عمل درآمد کرتے ہوئے کسی بھی جانی یا مالی نقصان سے بچا جا سکتا ہے۔ ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم ان اطلاعات پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ان گاڑیوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

دختر مشرق بے نظیر بھٹو قائدانہ صلاحیتوں کی مالک تھیں، جہانزیب اکرم

بے نظیر بھٹو شہید کی 17 ویں برسی کے موقع پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اسسٹنٹ ڈائریکٹر بے نظیر انکم سپورٹ دیپالپور جناب جہانزیب اکرم نے سابق وزیر اعظم پاکستان دختر مشرق محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی 17 ویں برسی کے موقع پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے افس دیپالپور میں قران قوانی کا انعقاد کیا اور کہا کہ شہید بے نظیر بھٹو امید استقامت جمہوریت اور انصاف کے اصولوں سے غیر متزلزل وابستگی کا پیکر تھی، شہید بی بی ہم سب کیلئے مشعل راہ تھیں انہوں نے ایسے پاکستان کا خواب دیکھا جہاں عوام کی طاقت راج کرے گی شہید بے نظیر بھٹو کا نظریہ آج بھی زندہ ہے اسسٹنٹ ڈائریکٹر جناب جہانزیب اکرم نے کہا کہ بے نظیر بھٹو جمہوریت کی علمبردار اور سیاسی مکالمے اور مفاہمت کی مضبوط حامی رہیں بے نظیر بھٹو کی برسی پر جاری کیے گئے پیغام میں (عمران ڈھکو) جناب جہانزیب اکرم صاحب زاہد عمران جنجوعہ اور باقی ٹیم نے کہا ہے کہ آج ہم شہید محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی 17 ویں برسی منا رہے ہیں اور اسی لیے اپنے افس میں محفل قران قوانی کا انعقاد کیا ہے انہوں نے کہا کہ بے نظیر بھٹو، ہمت اور استقامت کی علامت بنیں، میثاق جمہوریت بے نظیر بھٹو کی پائیدار سیاسی سمجھ بوجھ کا ثبوت ہے انہوں نے مزید کہا کہ میں بے نظیر بھٹو شہید کے خاندان کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں خاص طور پر صدر آصف زرداری اور بلاول بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں آصف زرداری اور بلاول بھٹو فخر کے ساتھ شہید محترمہ کا وژن اور نظریات آگے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے چلتا رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز کی سلیکشن کے لئے انٹرویوز

ایڈیشنل سیکرٹری سکول ایجوکیشن ڈاکٹر محمد اطہر سعید اور سی ای او ایجوکیشن ساہیوال گلزار احمد بھی موجود تھے

ساہیوال (مہراے ڈی نیسم سپرا سے) محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے ساہیوال ڈویژن میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز کی سلیکشن کے لئے انٹرویوز، سپیشل سیکرٹری سکول ایجوکیشن محمد اقبال نے 42 کوالیفائیڈ امیدواران کے انٹرویوز کیے، ایڈیشنل سیکرٹری سکول ایجوکیشن ڈاکٹر محمد اطہر سعید اور سی ای او ایجوکیشن ساہیوال گلزار احمد بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم پنجاب کا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز کی پوسٹوں کے لئے تحریری امتحان پاس کرنے والے 42 امیدواروں کے انٹرویوز کمشنر آفس ساہیوال میں کیے گئے۔ سپیشل سیکرٹری سکول ایجوکیشن محمد اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری سکول ایجوکیشن ڈاکٹر محمد اطہر سعید اور سی ای او ایجوکیشن ساہیوال گلزار احمد نے تحریری امتحانات میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے انٹرویوز کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سپیشل سیکرٹری سکول ایجوکیشن محمد اقبال نے کہا کہ پنجاب حکومت معیاری تعلیم کے فروغ کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرویوز کا مقصد سکول ایجوکیشن میں اچھے ایڈمنسٹریٹر لگانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انٹرویوز میں میرٹ اور شفافیت کو برقرار رکھا جا رہا ہے۔

شیخوپورہ: بس کے نیچے آنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بس کے نیچے آنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا حادثہ تھانہ شرقپور کے علاقہ سکھاں والا سٹاپ پر پیش آیا متوفی بس سے اترتے ہوئے پاؤں سلپ ہونے سے گر پڑا اور ڈرائیور نے بس دوڑا دی جس کے پچھلے ٹائروں تلے آکر کچلے جانے سے موقع پر دم توڑ گیا ریسکیو اہلکاروں نے نعش لواحقین کو سونپ دی جس کی شناخت 69 سالہ منظور کے نام سے ہوئی۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

ڈسکہ: ٹریفک اور پٹرولنگ پولیس کی نااہلی اور لاپرواہی

سینکڑوں چاند گاڑیاں سڑکوں، بازاروں میں رواں دواں ٹریفک مسائل میں اضافہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ٹریفک اور پٹرولنگ پولیس کی نااہلی اور لاپرواہی سینکڑوں چاند گاڑیاں سڑکوں، بازاروں میں رواں دواں ٹریفک مسائل میں اضافہ ڈسکہ شہر اور مضافات میں ٹریفک اور پٹرولنگ پولیس کی نااہلی سے چلنے والی سینکڑوں بلانمبری چاند گاڑیوں کی بناء پر نمبر پلیٹس اور ان کی رجسٹریشن نہیں ہوئی ہے جبکہ مذکورہ چاند گاڑیوں کے ڈرائیورز کے پاس ڈرائیونگ لائسنس بھی نہ ہونے کے برابر ہیں جس کی بناء پر مذکورہ ڈرائیوروں نے چوک، چوراہوں پر چاند گاڑیاں کھڑی کر کے بند رکھنا معمول بنا لیا ہے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ بلانمبر چاند گاڑیوں کو بند کیا جائے اور کسی شخص کو بغیر ڈرائیونگ لائسنس چاند گاڑیوں چلانے کی اجازت نہ دی جائے تا کہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو سکے۔

سینٹری انسپکٹر رانا سجاد کی زیر نگرانی زیرو ویسٹ مشن پر عملدرآمد شروع

شہر بھر سے کوڑا کرکٹ اور ویسٹ پوائنٹ سے گندگی اٹھا کر شہر سے باہر منتقل کر دی گئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سینٹری انسپکٹر رانا سجاد کی زیر نگرانی زیرو ویسٹ مشن پر عملدرآمد شروع شہر بھر سے کوڑا کرکٹ اور ویسٹ پوائنٹ سے گندگی اٹھا کر شہر سے باہر منتقل کر دی گئی وزیراعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر صاف ستھرا پنجاب کے مشن پر عمل کرتے ہوئے نارنگ منڈی میں زیرو ویسٹ کی پالیسی پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے سینٹری انسپکٹر رانا سجاد انور نے بتایا کہ ہیوی مشینری کے حصول کیلئے درخواست دے دی گئی یاسین برادرز کے اشتراک سے نارنگ منڈی میں صفائی ستھرائی کی صورتحال پر بہتری آئی ہے نئی مشینری ملنے کے بعد کام میں مزید تیزی آئے گی سینٹری ورکرز کی تعداد میں اضافہ ہونے سے شہر کیلئے مختلف ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جس سے شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں کافی مدد مل رہی ہے۔

دیوار کے تنازعہ پر بااثر افراد کا محنت کش پر وحشیانہ تشدد

محنت کش کے دانت ٹوٹ گے اور ایک آنکھ بھی شدید متاثر ہوئی

2. گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) دیوار کے تنازعہ پر بااثر افراد کا محنت کش پر وحشیانہ تشدد، تفصیل کے مطابق گکھڑ کے علاقہ ڈھلم کا رہائشی عبدالرؤف پنی حویلی میں موجود تھا کہ ہمسایہ، شاہزیب، جہانزیب، گلفام نے اپنی زور آوروں کی مدد سے اسکی حویلی کی دیواریں گرانا شروع کر دیں جس پر محنت کش نے منع کیا تو ملزمان نے طیش میں آکر ڈنڈوں سے مارنا شروع کر دیا جس سے محنت کش کے دانت ٹوٹ گے اور ایک نکھ بھی شدید متاثر ہوی وقوعہ کی اطلاع پر مقامی پولیس تھانہ گکھڑ منڈی نے مذکورہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کاروائی شروع کر دی۔ مدعی مقدمہ نے اہل علاقہ کے ہمراہ بتایا کہ ملزمان نہات بااثر ہیں، مرکزی ملزم جہانزیب پر اس سے قبل نوجوان کو اغوا کر کے اسے بدفعلی کرنے کا مقدمہ بھی درج ہے جس پر ملزم نے عبوری ضمانت حاصل کر رکھی ہے چند ماہ پہلے بھی میری حویلی کی دیواریں گرا کر لاکھوں روپے کا نقصان کر چکے ہیں اب مقدمہ کی پیروی پر مجھے سنگین نتاج کی دھمکیاں دے رہے ہیں، اہل علاقہ نے وزیر اعلی پنجاب، سی پی او گوجرانوالہ سمیت دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، آئی جی پنجاب

پولیس نے ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 208 افراد کو چیک کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 604 ڈیکلرز کو چیک کیا گیا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران پولیس نے ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 208 افراد کو چیک کیا چیک کیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر ای پی پی چیکنگ کر کے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔

حافظ آباد کے قریب شوری چٹھہ میں معمولی جھگڑے پر ایک نوجوان کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے قریب شوری چٹھہ میں معمولی جھگڑے پر ایک نوجوان کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ تھانہ صدر میں درج کردہ ایف آئی آر کے مطابق نزیر احمد کے جواں سال بیٹے صداقت علی کا چند روز قبل ملزم شہزاد حسن مسلم شیخ سے معمولی جھگڑا ہوا تھا جس کی رنجش پر گزشتہ رات ملزم شہزاد حسن نے گلی میں کھڑے صدات علی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں وہ شدید زخمی ہوگیا۔ مضروب کو ہسپتال لیجایا جا رہا تھا کہ وہ راستہ میں ہی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس تھانہ صدر نے ملزم کے خلاف قتل کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا۔

پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کرنیوالے دو ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کرنیوالے دو ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار تھانہ صدر پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ موضع موسے والا اور ڈیرہ بازیگراں میں ملزم ذیشان اور وارث پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کر رہے ہیں جن کی وجہ سے علاقہ میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر دونوں ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

دوران ناکہ بندی دو ملزمان سے آتش بازی کا سامان برآمد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دوران ناکہ بندی دو ملزمان سے آتش بازی کا سامان برآمد تھانہ صدر پولیس اہلکار ملکیکے پل پر ناکہ لگائے کھڑے تھے کہ اسی دوران ملزمان بابر اور جابر آئے جنہیں مشکوک جان کر پولیس اہلکاروں نے چیک کیا تو ان کے قبضہ سے آتش بازی کا سامان برآمد ہوا پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ڈسکہ: دھوکہ دہی سے پیسے ہتھیانے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دھوکہ دہی سے پیسے ہتھیانے پر مقدمہ درج ڈسکہ کے فریاد نے ملزم خورشید سے پانچ مرلہ کا پلاٹ دس لاکھ روپے میں خریدا اور پانچ لاکھ روپے بطور بیعانہ دے دیا بعد میں اس کو معلوم ہوا کہ ملزم نے یہ پلاٹ اپنے بھائی کو فروخت کر دیا ہوا ہے اور وہ دھوکہ دہی سے اس سے رقم ہتھیا کر لے گیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

نارنگ منڈی: ایس ایچ او کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن

درجن سے زائد ملزمان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے بڑی تعداد میں اسلحہ برآمد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ایس ایچ او تھانہ نارنگ ظہیر عالم شاہ کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن بڑی تعداد میں اسلحہ برآمد درجن سے زائد ملزمان گرفتار تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ نے نارنگ منڈی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے نارنگ منڈی اور گردونواح میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن کیا 14 ملزمان سے ناجائز اسلحہ برآمد کر کے حوالات میں بند کر دیا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ہر کوشش جاری رکھیں گے تاکہ علاقے کو جرائم فری بنایا جاسکے جرائم میں کمی آرہی ہے جو پولیس کی بہتر حکمت عملی اور کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے جب تک تھانہ نارنگ میں تعینات ہوں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

دیپالپور: نہراں والا جوار سنگھ میں چوری کی واردات

چوروں نے عبدلجبار بودلہ کے ٹرک کی بیٹری اور ڈیزل چوری کر لیا



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا نواحی گاؤں نہراں والا جوار سنگھ میں چوری کی واردات چوروں نے عبدلجبار بودلہ کے ٹرک کی بیٹری اور ڈیزل چوروں نے چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیل کے مطابق عبدلجبار گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے اپنے گھر کی سامنے ٹرک کھڑا کیا ہے رات کو چوروں نے ہمارے ٹرک کی بیٹری اور ڈیزل چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ہیں ہم نے 15 ایمرجنسی کال پر تھانہ صدر دیپالپور کی چوکی پیلی پہاڑ کی مقامی پولیس موقع پر پہنچ کر کاروائی شروع کر دی ہمارے گاؤں میں چوری کی واردات ہوتی رہتی ہے ہمارے گاؤں میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو نشہ کرتے ہیں، کبھی کسی کی گندم چوری کر لیتے ہیں اور کبھی کیسی دوکان کی چوری کر لیتے ہیں چور بھی ہمارے گاؤں کے ہیں جب چوروں کا پتہ چلتا ہے تو گاؤں میں ہی لین دین کر کے صلح کر لیتے ہیں ہمیں پتہ ہے چوروں کا جس نے ہماری چوری کی ہے چوروں نے دو دن کا ٹائم لیا ہے ہم اپ کی ریکوری واپس کریں گے اگر چوروں نے ریکوری واپس نہ کی تو ہم پولیس کو بتا دیں گے یہ ہیں ہمارے چور ہمارے علاقے میں پولیس بہت اچھا کام کر رہی ہے چوروں کو پکڑ کر سخت سے سخت سزا مل رہی ہیں

سرکل چونیاں کی ناقص پرفارمنس، نمانگا پولیس ایک بھی ریکارڈ یافتہ مجرم نہ پکڑ سکی

چونیاں 4 میں سے 1 الہ آباد 18 میں سے 5 کنگن پور 16 میں سے 5 گرفتار کر سکی

City Chunian	14	7	
Sadar Chunian	4	1	
Ellahabad	18	5	
Kangan Pur	16	5	
Changa Manga	7	0	

الہ آباد (نامہ نگار) ڈی پی او قصور محمد عیسی خان کا منشیات سے پاک ضلع بنانے کا عزم، سرکل چونیاں پولیس ٹیم کی ناقص پرفارمنس، 59 ریکارڈ یافتہ منشیات فروشوں میں سے 18 گرفتار 41 آزاد، ڈی ایس پی چونیاں محمد ریاض کے لیے بڑا چیلنج، تفصیلات کے مطابق سرکل چونیاں میں سول ادارے کی رپورٹ کے مطابق 59 ریکارڈ یافتہ منشیات فروشوں کے نام جاری ہوئے تھانہ سٹی چونیاں پولیس 14 میں سے 7 صدر چونیاں 4 میں سے 1 الہ آباد 18 میں سے 5 کنگن پور 16 میں سے 5 گرفتار کر سکی اور تھانہ چھانگا مانگا پولیس 7 میں سے ایک بھی ریکارڈ یافتہ منشیات فروش پکڑنے میں کامیاب نہ ہو سکی 41 ریکارڈ یافتہ منشیات فروش اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ اپنے اپنے علاقے میں سرعام منشیات فروشی کر رہے ہیں اور کروا رہے ہیں ان ریکارڈ یافتہ منشیات فروشوں نے ماہانہ سیلری پر بندے بھی رکھے ہوئے ہیں جو سپلائی با آسانی ادھر سے ادھر پہنچانے میں کامیاب ہوتے ہیں آخر کیوں؟ کیا منشیات فروش پولیس سے زیادہ طاقتور ہیں یا پھر ٹیم سلیکشن کمزور ہے ڈی پی او قصور سے ضلع بھر عوام کی امیدیں وابستہ ہیں۔

سات ملزمان نے پندرہ سالہ لڑکی کو اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سات ملزمان نے پندرہ سالہ لڑکی کو اغوا کر لیا موضع ترسکہ کا عبدالکریم اپنے گھر میں سویا ہوا تھا کہ اسی دوران ملزمان اسد احمد اور پانچ نامعلوم گھر میں گھس آئے اور اسلحہ کے زور پر اس کی پندرہ سالہ پوتی کو اغوا کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں، ڈی پی او ساہیوال

ساہیوال (مہراے ڈی نیسم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں، اقلیتی برادری کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈی پی او ساہیوال۔ ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کے احکامات پر ضلع بھر میں اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ساہیوال پولیس کی جانب سے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں ضلع بھر کے 136 گرجا گھروں میں 300 سے زائد پولیس افسران و اہلکاران سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔

شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، ڈاکٹر عثمان انور

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 604 ڈیکلرز کو چیک کیا گیا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران پولیس نے ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 208 افراد کو چیک کیا چیک کیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر ای پی پی چیکنگ کر کے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کا بہترین استعمال کر کے کریمینلز کیخلاف کاروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔

میاں بیوی کی لڑائی چھڑواتے ملزم نے گولی مار کر نوجوان کو شدید زخمی کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) میاں بیوی کی لڑائی چھڑواتے ملزم نے گولی مار کر نوجوان کو شدید زخمی کر دیا تھانہ صدر کے علاقہ منڈیکی گورائیہ کا آفتاب ہمراہ غضنفر اپنے چچا زاد بھائی اور اس کی بیوی کی لڑائی چھڑوانے کیلئے ان کے گھر گئے تو ان کے بیٹے نے اپنے والدین کی لڑائی سے تنگ آکر پستل نکال لیا غضنفر نے آگے بڑھ کر نوجوان سے پستل چھڑوانے کی کوشش کی تو گولی چل گئی اور نوجوان کو جا لگی جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اوکاڑہ میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 2 ڈاکو فرار

ڈاکو شہری ثاقب سے دیپالپور روڈ نزد ساؤتھ سٹی ہسپتال کے قریب سے موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہو رہے تھے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 2 ڈاکو فرار پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں 3 مسلح ڈاکو شہری ثاقب سے دیپالپور روڈ نزد ساؤتھ سٹی ہسپتال کے قریب سے موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہو رہے تھے جس کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ صدر اوکاڑہ کو ملی جس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ریسپانڈ کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا - اور چک 36 جوڑے روڈ پر ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی مختلف اطراف سے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ پولیس کے مطابق کراس فائرنگ کے نتیجہ میں ایک خطرناک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا - 2 ڈاکو رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے - زخمی ہونے والے ڈاکو کی شناخت ساجد عرف ساجو کے نام سے ہوئی ہے۔ خطرناک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔

مصطفی آباد میں سنوکر کلب جرائم کی آماجگاہ بن گئے

طلبا سنوکر کلبوں میں وقت گزارنے کی وجہ سے جوئے اور منشیات کے رسیا ہوگئے

مصطفی آباد (علی ملک) مصطفی آباد میں سنوکر کلب جرائم کی آماجگاہ بن گئے، سکول اور کالج کے طلباء اپنی تعلیمی مصروفیات ترک کر کے سنوکر کلبوں میں وقت گزارنے کی وجہ سے جوئے اور منشیات کے رسیا ہوگئے، پولیس کی چشم پوشی سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہونے لگی، والدین کا اعلی حکام اور ڈی پی او قصور سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں قائم سنوکر کلبوں میں نوجوانوں اور طالب علموں کی کثیر تعداد جوا کھیلنے کی عادی ہوگئی، جبکہ منشیات فروشوں نے وہاں پر اپنے کارندے چھوڑ رکھے ہیں جو نوجوانوں کو منشیات فراہم کرتے ہیں، اس حوالے سے طلباء کے والدین ملک وسیم، خالد محمود، محمد جاوید، خادم حسین اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے اپنا پیٹ کاٹ کر ان کے تعلیمی اخراجات برداشت کر رہے ہیں لیکن بدقسمتی سے وہ سارا دن سنوکر کلبوں میں گزار دیتے ہیں، جہاں ان کا تعلیمی حرج ہونے ساتھ وہ غیر اخلاقی سرگرمیوں میں بھی ملوث ہو رہے ہیں، والدین کا مذید کہنا تھا کہ سنوکر کلبوں میں نوجوان نسل جوا کھیلنے کے ساتھ آئس اور چرس سمیت دیگر منشیات کا آزادانہ استعمال کر رہے ہیں۔

لالیاں پریس کلب میں سماء ٹی وی چینل کی 17 سالگرہ پر تقریب

ڈی ایس پی سرکل لالیاں چوہدری غضنفر گجر نے کیک کاٹا اور مبارکباد پیش کی

لالیاں (رانا کاشف کلیم) لالیاں پریس کلب میں سماء ٹی وی چینل کی 17 سالگرہ پروقار طریقے سے منائی گئی جسمیں ڈی ایس پی سرکل لالیاں چوہدری غضنفر گجر نے کیک کاٹا اور مبارکباد پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق سماء ٹی وی چینل کی سترھویں سالگرہ لالیاں پریس کلب میں دھوم دھام طریقے سے منائی گئی جسکا سماء نیوز کے رپورٹر حافظ محمد کفایت اللہ نے خصوصی اہتمام کیا سماء نیوز کی سترھویں سالگرہ کی خوشیوں کے موقع پر ڈی ایس پی سرکل لالیاں چوہدری غضنفر گجر نے خصوصی شرکت کی اور کیک کاٹا اور سماء ٹی وی اور تحصیل رپورٹر سماء ٹی وی حافظ محمد کفایت اللہ کو مبارک باد پیش کی۔ سماء ٹی وی کے سترھویں سالگرہ کے موقع پر انجمن تاجران کے سینئر نائب صدر شیخ محمود ظفر سپراء کے علاوہ لالیاں پریس کلب کے تمام عہدیداروں نے شرکت کی اور سماء ٹی وی کو مبارک باد پیش کی اور نیک خواہشات کو اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی لالیاں چوہدری غضنفر گجر نے کہا اس خوشی کے موقع پر سماء ٹی وی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں اللہ تعالی دن دگنی رات چگنی سماء ٹی وی ترقی عطا فرمائے۔ اور لالیاں پریس کلب جو کہ ہمیشہ عوام کی خدمت کرتا ہے اسکو مزید ترقی و کامرانی سے ہمکنار کرے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات 1

گیا کہ طیارے کو حادثہ لینڈنگ گیئر میں خرابی کے سبب پیش آیا، طیارہ رن وے سے اتر کر رن وے کے گرد لگی باڑ سے جا ٹکرایا جس سے طیارے میں آگ بھڑک اٹھی بعد ازاں ایمرجنسی عملے نے طیارے میں لگی آگ بجھا دی۔ حادثے کے کچھ ہی دیر بعد 2 خواتین کو بچا لیا گیا جن میں ایک عملے کی رکن اور ایک مسافر ہیں اور موکوپو کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ وزارت ٹرانسپورٹیشن کے مطابق مسافروں میں تھائی لینڈ کے دو شہری بھی شامل ہیں جبکہ باقی کا تعلق جنوبی کوریا سے ہے۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی کوریا میں طیارہ حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حادثے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر دکھ ہے، غم کی گھڑی میں جنوبی کوریا کے عوام کو حکمت کے ساتھ ہیں۔

بقیہ جات 2

کہا کہ پاکستان کے اندر معاشی استحکام آیا ہے تو سول نافرمانی کی باتیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے سامنے مظاہرے کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان واحد ملک ہے، جس کے اپنے لوگ بیرون ملک مظاہرے کر رہے ہیں۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں 1 سال میں 21 ارب 70 کروڑ ڈالر ترسیلات زر آئے ہیں، ساڑھے 7 ارب ڈالر سعودی عرب سے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 950 ارب پہلی دفعہ سرپلس ہوا ہے، انٹرسٹ ریٹ 13 فیصد پر آیا ہے، ایکسپورٹ میں ریکارڈ اضافہ ہوا اور سرمایہ کاری بھی آئی ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ آہستہ آہستہ پاکستان میں معاشی استحکام آیا ہے، پوری دنیا اب پاکستان پر اعتبار کر رہی ہے، معیشت جب ترقی کر رہی تھی کچھ لوگ پاکستان پر حملہ آور ہو رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جماعت 3 مرتبہ وفاق پر حملہ آور ہوئی، کیا یہ خوشی کی بات ہے پاکستان پر کوئی پابندی لگے؟ پی ٹی آئی کے اوورسیز سوشل میڈیا اکاؤنٹ خوشیاں مناتے رہے۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ جو ایبسلوٹلی ناٹ کہتے تھے وہ آج ان کے پاؤں پڑے ہیں، آپ سفارتی تعلقات خراب کرنے کیلئے ٹوئٹر کا استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیک نیوز کے ذریعے انسانی حقوق کی تنظیموں کو رابطہ کیا جاتا ہے، ہم سب کے ساتھ برابری کی بنیاد پر تعلقات رکھیں گے، پاکستان کے ایٹمی پروگرام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ جات 3

ہے۔ اتوار کو سوات میں دو روزہ "سوات ٹریڈ شو 2024" سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مقامی کاروباروں کو بااختیار بنانے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کیلئے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کی کوششیں اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں معیشت کی بحالی کے لیے سخت محنت کر رہی ہے اور حکومت کے اقدامات سے مہنگائی کم ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریڈ شو سے مقامی تاجروں کو کاروبار میں مزید وسعت دینے کے حوالے سے مواقع فراہم ہوں گے، اس نمائش سے سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا اور ملکی سطح پر ہماری معیشت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ جات 4

سے ملک کی ترقی، مستحکم ہوتی معیشت عوام کی خوشحالی ہضم نہیں ہو رہی جس کو چار سال میں تباہ و برباد کر کے گئے تھے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ 9 مئی کے مجرم، ملک کو لوٹنے والے چور اور ملک کو جلانے والے بہروپیے کسی رعایت کے مستحق نہیں، اوورسیز پاکستانی مستحکم ہوتی معیشت میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں جبکہ دوسروں پہ جھوٹے الزامات، کبھی سائفر کا فراڈ ہر بات پہ جھوٹ، اب کوئی ماننے والا نہیں، "امریکہ نے میری حکومت گرائی" سے "امریکہ مجھے بچا لو" کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا شکریہ جو پاکستان کی معیشت مضبوط بنانے میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت مبارکباد کی مستحق ہے، آٹھ ماہ میں مہنگائی کی رفتار 38 سے کم کر کے 4 فی صد اور پالیسی ریٹ 22 سے 13 فی صد پر آنا معجزے سے کم نہیں ہے۔

بقیہ جات 5

کے سہولت کاروں کے خلاف 59 ہزار 775 مختلف نوعیت کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے۔ ان کامیاب آپریشنز کے دوران 925 دہشتگردوں بشمول خوارج کو واصل جہنم کیا گیا اور سینکڑوں گرفتار کیے گئے، گزشتہ 5 سالوں میں کسی ایک سال میں مارے جانے والے دہشتگردوں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے۔ دہشتگردی کے اس ناسور سے نمٹنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر 169 سے زائد آپریشنز افواج پاکستان، انٹیلی جنس، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے انجام دے رہے ہیں۔ اس حوالے سے انٹیلی جنس ایجنسیز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکورٹی فورسز کے بروقت اقدامات کی وجہ سے دہشتگردی کے کئی منصوبوں کو کامیابی سے ناکام بنایا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دشمن کے نیٹ ورکس پکڑنے اور دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں بھی اہم کامیابیاں ملی۔

بقیہ جات 6

کے دوران طیارے میں آگ لگ گئی جس سے 85 افراد ہلاک ہو گئے جبکہ متعدد زخمی ہیں، طیارے میں 175 مسافر اور عملے کے 6 افراد سوار تھے، مسافر طیارہ بنکاک سے موان پہنچا تھا۔

بقیہ جات 7

برقرار ہے۔ کرم میں مستقل امن و امان کے قیام، ضلع بھر سے ہتھیاروں کے خاتمے، فریقین کے مورچوں کو مسمار کرانے اور مرکزی شاہراہ سمیت تمام سڑکوں اور راستوں کو کھلوانے اور محفوظ بنانے کے لئے کوہاٹ میں حکومت کے زیر سایہ گرینڈ جرگہ چند دن وقفے کے بعد پھر شروع ہو گیا۔ فریقین کے درمیان اپیکس کمیٹی کے فیصلے کی رو سے 14 میں سے 12 نکات پر فیصلہ ہو چکا ہے، اسلحہ کو حکومت کے پاس جمع کرنے، سڑکوں اور راستوں کو کھلوانے پر ہفتہ کی شام تک ڈیڈ لاک موجود تھا۔ اہل سنت کے 6 قبائل کا موقف ہے کہ اپیکس کمیٹی میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ سب سے پہلے فریقین سے ہتھیار اکٹھے کیے جائیں پھر ضلع کرم بھر میں تمام بنکرز اور مورچے مسمار کیے جائیں اور اس کے بعد تمام راستے کھول دیے جائیں، اپیکس کمیٹی کے فیصلے کے مطابق معاہدے پر دستخط کے لئے تیار ہیں۔

بقیہ جات 8

بل کے نافذ ہونے کے بعد قائم کیے جائیں گے انہیں ایک سال کے اندر اپنی رجسٹریشن کرانی ہوگی، بل میں واضح کیا گیا ہے کہ ایک سے زائد کیمپس پر مشتمل دینی مدارس کو ایک بار ہی رجسٹریشن کرانی ہوگی۔ بل کی شق 2 میں کہا گیا ہے کہ ہر مدرسے کو اپنی سالانہ تعلیمی سرگرمیوں کی رپورٹ رجسٹرار کو جمع کرانی ہوگی۔ بل کی شق 3 کے مطابق کہ ہر مدرسہ کسی آڈیٹر سے اپنے مالی حساب کا آڈٹ کروانے کا پابند ہوگا، آڈٹ کے بعد مدرسہ رپورٹ کی کاپی رجسٹرار کو جمع کرانے کا بھی مجاز ہوگا۔ بل کی شق 4 کے تحت کسی دینی مدرسے کو ایسا لٹریچر پڑھانے یا شائع کرنے کی اجازت نہیں ہوگی جو عسکریت پسندی، فرقہ واریت یا مذہبی منافرت کو فروغ دے تاہم مذکورہ شق میں مختلف مذاہب یا مکاتب فکر کے تقابلی مطالعے، قرآن و سنت یا اسلامی فقہ سے متعلق کسی بھی موضوع کے مطالعے کی ممانعت نہیں ہے۔ بل کی شق 5 کے مطابق ہر مدرسہ اپنے وسائل کے حساب سے مرحلہ وار اپنے نصاب میں عصری مضامین شامل کرنے کا پابند ہوگا۔ بل کی شق 6 میں کہا گیا ہے کہ ایکٹ کے تحت دینی مدارس کی رجسٹریشن کے لیے کسی بھی مدرسے کو اس وقت نافذ العمل کسی دوسرے قانون کے تحت رجسٹریشن درکار نہیں ہوگی۔ بل کی شق نمبر 7 کے مطابق ایک بار اس ایکٹ کے تحت رجسٹر ہونے کے بعد کسی بھی دینی مدرسے کو کسی دوسرے قانون کے تحت رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہوگی۔

بقیہ جات 9

تیار کیا گیا ہے۔ دیہی خواتین کو پالنے اور روزگار کمانے کیلئے گائے اور بھینسیں مفت ملیں گی، ملتان، خانیوال، لودھراں، وہاڑی، بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان میں دیہی خواتین کیلئے چیف منسٹر لائیو سٹاک پراجیکٹ جاری کر دیا گیا۔ ڈیرہ غازی خان، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور اور کوٹ ادو کے دیہات میں خواتین کو پالنے کیلئے مفت گائے اور بھینسیں ملیں گی، دیہات کی نادار خواتین گائے، بھینسیں پال کر باعزت روزگار کما سکیں گی۔ سی ایم لائیو سٹاک کارڈ سے 80 ہزار مویشی پال فارمرز 27 ہزار روپے فی جانور بلاسود قرض لے سکیں گے، پنجاب بھر میں مویشی پال فارمرز رجسٹرڈ ڈیلر سے 2 لاکھ 70 ہزار تک ونڈا، منرل مکسچر اور سائلج خرید سکیں گے۔ لائیو سٹاک فارمر 4 ماہ تک مساوی اقساط میں بلاسود قرض سے ونڈا وغیرہ خرید سکیں گے، لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے چار لاکھ جانور میٹ ایکسپورٹ کیلئے تیار ہوں گے۔ مویشیوں کی دیکھ بھال میں آسانی کیلئے اینیمل آئیڈنٹی ٹریس ایبلٹی سسٹم کا نفاذ کیا گیا ہے، فارمر کیلئے ہیلپ لائن بھی فنکشنل ہے، آن لائن رجسٹریشن کی سہولت بھی دستیاب ہے۔ فارمر کو فری ڈی ورمنگ، فری ان سیمی نیشن سروسز، ونڈا اور سائلج کی کوالٹی ٹیسٹنگ کی سہولتیں بھی میسر ہوں گی۔ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ترقی کا سفر شروع ہے سب شریک ہوں گے، دیہات میں رہنے والی خواتین کو نظر انداز نہیں کر سکتے، خوشحالی ہر دیہی رانی کا حق ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ صوبہ کے لائیو سٹاک فارمر کا بھرپور ساتھ دیں گے، دودھ اور گوشت کی پیداوار بڑھانے سے مقامی ضروریات کے ساتھ ساتھ ایکسپورٹ بھی بڑھیں گی۔

بقیہ جات 10

سے کرے، ہم حکومت سے مذاکرات ملک کے مفاد میں کر رہے ہیں۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کوئی این آر او نہیں مانگا، خواجہ آصف اور گورنر فیصل کریم کنڈی کے بیانات سمجھ سے بالاتر ہیں۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ حکومت سنجیدہ مذاکرات چاہتی ہے تو وزراء کو غیر ذمہ دارانہ بیانات سے روکے۔

بقیہ جات 11

نے سب سے زیادہ، یعنی 7 ارب 29 کروڑ ڈالر کی رقم پاکستان بھیجی جو پچھلے سال اسی عرصے سے 7.38 فیصد زیادہ ہے۔ متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں نے سال کے پہلے 11 ماہ میں 6 ارب 15 کروڑ ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان بھیجیں جو پچھلے سال اسی عرصے سے 55 فیصد زائد ہیں جبکہ برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں نے 4 ارب 71 کروڑ ڈالر بھیجے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے یورپی یونین سے 3 ارب 61 کروڑ ڈالر اور امریکا سے 3 ارب 44 کروڑ ڈالر پاکستان بھیجے گئے۔ سعودی عرب اور امارات کے علاوہ دیگر خلیجی ملکوں سے 3 ارب 17 کروڑ ڈالر پاکستان بھیجے گئے، آسٹریلیا اور ملائیشیا بھی پاکستان سے باہر نوکری ڈھونڈنے والوں کی اہم منزل ہے۔

بقیہ جات 12

بھی فراہم کی گئیں۔ انجمن اسلامیہ کے زیر اہتمام اس میڈیکل کیمپ سے ضلع بھر کی عوام مستفید ہوتی ہے۔ قیصر احمد شیخ نے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت ہوئے کہا کہ جنوری میں چنیوٹ جی سی یونیورسٹی کا افتتاح ہوگا جس پر دو ارب روپے لاگت آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چنیوٹ میں دو یونیورسٹیاں بن گئی ہیں جو کہ بہت کم اضلاع میں یہ سہولت میسر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کیمپ سے عوام مستفید ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ چنیوٹ میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے، آج ایک پارک کا افتتاح بھی کیا اور بہت سے کام جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شیخ برادری چنیوٹ کی عوام کو صحت اور تعلیم کی سہولیات مہیا کر رہی ہے اس میڈیکل کیمپ میں وفاقی وزیر نے اپنا بھی شوگر ٹیسٹ کرایا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ قبل ازیں وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اور لیگی راہنماؤں کے ہمراہ دلخوشاب پارک ڈویلپمنٹ سکیم کا افتتاح کر دیا، افتتاحی تقریب میں علاقے معززین، نوجوان کرکٹرز بھی شریک تھے۔ 10 کروڑ کی لاگت سے دلخوشاب پارک میں واکنگ اور جاگنگ ٹریکس بنے گے، دلخوشاب پارک میں گھاس لگائی جائے گی، لائٹ کے بندوبست سمیت چار دیواری کی جائے گی، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پارک میں پبلک ٹائلٹس، سٹور روم بنایا جائے گا چنیوٹ پارکوں کی بہتری سے نوجوانوں کی صحت اچھی ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا کہ چنیوٹ اداروں نے بھی پارک کی دیکھ بھال نہیں کی پارک کی ابتر صورتحال، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل۔ ڈویلپمنٹ اسکیم مکمل ہونے سے پارک کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔ بعد ازاں اپنے ڈیرے پر جاری ترقیاتی سکیموں کے بارے میں عوام سے ملاقات کی۔

بقیہ جات 13

بھرپور اپوزیشن کا کردار ادا کر رہی ہے، ملک کو درپیش بحرانوں کا حل صرف عمران خان کے پاس ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے دعووں سے ایسا ظاہر ہوتا ہے جیسے ملک میں ہر طرف دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ پہلے عوام کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہوتے تھے لیکن موجودہ حکومت کے دور میں عوام ایک وقت کی روٹی کیلئے بھی پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی ناکامیوں کی طویل فہرست ہے لیکن اس کے باوجود عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکی جا رہی ہے لیکن ایسا زیادہ دیر تک نہیں چل سکے گا۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کھلے دل اور ذہن کے ساتھ مذاکرات کے عمل میں شامل ہے، ہم چاہتے ہیں کہ مذاکرات کامیاب ہوں تاکہ ملک آگے بڑھ سکے۔

بقیہ جات 14

[illegible] تک جائے گی۔ معیشت کا پہیہ چلنا شروع ہو گیا ہے، ملک کی خاطر چارٹر آف اکانومی پر اکٹھے ہو جائیں، کسی کے سہارے نہیں خود ترقی کر کے آگے آئے ہیں، اسلام آباد میں دربار نہیں لگائیں گے، بجٹ تجاویز کے لیے لوگوں کے پاس جائیں گے، جو باتیں کہیں وہ پوری کر کے دکھائی ہیں، بجلی کی قیمتوں کو بھی کم کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معیشت کا پہیہ چلنا شروع ہو گیا ہے، ملک کی خاطر چارٹر آف اکانومی پر اکٹھے ہو جائیں، کسی کے سہارے نہیں خود ترقی کر کے آگے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں دربار نہیں لگائیں گے، بجٹ تجاویز کے لیے لوگوں کے پاس جائیں گے، جو باتیں کہیں وہ پوری کر کے دکھائی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسائل زیادہ ہیں، جادو کی چھڑی نہیں کہ سب ایک دم ٹھیک ہو جائے، کوشش ہے کہ ٹیکس دینے والوں پر مزید بوجھ نہ ڈالیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں کو بھی کم کریں گے، ملک کی بہتری کے لیے پرائیویٹ سیکٹر کو بھی شامل کر رہے ہیں، زراعت اور آئی ٹی ہمارے ہاتھ میں ہے، ان میں ترقی کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ جو ادارے خسارے میں ہیں انہیں بند ہونا چاہیے، خسارے والے اداروں کو پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کر دینا چاہیے۔

بقیہ جات 15

مقصد سیاسی استحکام ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ معیشت بہتری کی جانب گامزن اور مہنگائی میں نمایاں کمی آئی ہے، روپیہ مستحکم، سٹاک مارکیٹ اوپر جا رہی ہے۔ ہمارے سیاسی مخالف بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ معیشت مستحکم ہے، جرائم اپنی جگہ موجود ہیں مگر معیشت اور سیاسی استحکام کے لئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ 9 مئی ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، پی ٹی آئی والوں نے ملک کے دفاع اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، شہداء کی یادگاروں کی بے حرمتی کی گئی، 9 مئی ناقابل معافی جرم ہے، ماسٹر مائنڈ کو بھی سزا ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاست کی آڑ میں ملک پر حملے کئے گئے، پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، سیاسی دہشت گردی نہیں چلے گی سیاست تہذیب و تمدن کے دائرے میں رہ کر کی جائے۔

بقیہ جات 16

اضلاع کی سیوریج میں پولیو وائرس کی تصدیق کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور، ملتان، راولپنڈی، ڈیرہ غازی خان، حیدر آباد، جیکب آباد، جامشورو، قمبر، کراچی سینٹرل، کراچی ایسٹ، کراچی ساؤتھ، کیماڑی، کورنگی، ملیر، میر پور خاص، شہید بینظیر آباد، سجاول، سکھر، چمن، لورالائی، پشین، کوئٹہ، ژوب، اسلام آباد، باجوڑ اور پشاور کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا۔

بقیہ جات 17

اظہار افسوس کیا اور واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی بھی کیا۔

بقیہ جات 18

ایڈمن لاہور کے نوٹیفکیشن کے مطابق تبدیل ہونے والوں میں اہلکاروں میں علی نذیر، علی حسین، مدثر حسین، رضوان حیدر، محمد یونس، محمد وحید اکرم محمد عبادت، محمد ساجد، حامد مختار، ذوہیب اقبال، دا لطیف، ہاشم علی، محمد حسنین، آفاق احمد، محمد فیضان، عبدالوہاب، محمد تصدق، سیف اللہ، کاشف علی، محمد عامر، محمد کامران و دیگر شامل ہیں۔ تمام اہلکاروں کو فوری طور پر پنجاب کانسٹیبلری میں رپورٹ کرنے کا حکم دے دیا گیا۔

بقیہ جات 19

ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔ موٹروے ایم 4 دھند کے باعث پنڈی بھٹیاں سے عبدالحکیم تک، ایم 4 ملتان سے فیصل آباد تک جبکہ ایم 5 ملتان سے سکھر تک بند ہے اس کے علاوہ سیالکوٹ موٹروے ایم 11 پر بھی نو انٹری کا بورڈ آویزاں ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ شہری زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات میں سفر کرنے کو ترجیح دیں، ڈرائیور حضرات گاڑی کے آگے اور پیچھے دھند والی لائٹس کا استعمال کریں۔

بقیہ جات 20

کرنا جوہری تنصیبات اور سہولیات پر حملے کی ممانعت کے معاہدے کا حصہ ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان اس معاہدے پر 31 دسمبر 1988 کو دستخط ہوئے اور 27 جنوری 1991 کو نافذ العمل ہوا جوہری لسٹوں کا۔ یکم جنوری 2024 میں ہونے والا یہ تبادلہ مسلسل 33 ویں سال ہوا ہے۔ معاہدہ دونوں ممالک کو ایک دوسرے کی جوہری تنصیبات پر حملے کی ممانعت کرتا ہے 1974 سے دونوں ممالک جوہری ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل ہیں اور ان کے پاس بڑے پیمانے پر جوہری ہتھیاروں کے ذخائر اور مزید تیار کرنے کا انفراسٹرکچر موجود ہے۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کے مطابق، پاکستان میں جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرست باضابطہ طور پر اسلام آباد میں بھارتی ہائی کمیشن کے نمائندے کے حوالے آئندہ بدھ یکم جنوری کو کی جا رہی ہے۔

بقیہ جات 21

ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن نے اسلام آباد ایئرپورٹ میں کارروائی کرتے ہوئے 17 سال سے ریڈ بک کے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا ہے کہ ملزم انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ کے گھناؤنے جرم میں ملوث ہے، ملزم کے خلاف 2007 میں اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی میں مقدمہ درج ہوا تھا۔ ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ ملزم ویزا فراڈ کر کے بیرون ملک فرار ہو گیا تھا، گرفتار ملزم کی شناخت امجد علی کے نام سے ہوئی، ملزم کا نام ریڈ بک کے انتہائی مطلوب انسانی اسمگلروں میں شامل تھا۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزم کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل تھا جس کی بنیاد پر اسے گرفتار کیا گیا، ملزم کا تعلق گوجر خان سے ہے جسے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 22

جوانوں کے شانہ بشانہ ہیں۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دفاع وطن کی خاطر جانیں قربان کرنے والے قومی محسن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے خلاف متحرک پولیس اور فوج کے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ گورنر کے پی کے نے کہا کہ خوارج کے حملوں کا منہ توڑ جواب دینے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام ہر محاذ پر اپنے عسکری جوانوں کے شانہ بشانہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوارج کو پاکستان لانے والا انتشاری ٹولہ آج بھی ملکی سالمیت کے خلاف متحرک ہے۔

بقیہ جات 23

لوگوں کو دے رہے ہیں جو بجلی پیدا ہی نہیں کرتے اور آئی پی پیز سے ٹیکس بھی وصول نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب ہم نے آئی پی پیز کا مسئلہ اٹھایا تو لوگوں کو پتہ بھی نہیں تھا کہ آئی پی پیز کیا چیز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ دار طبقے کی تنخواہ سے ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے لیکن آئی پی پیز سے انکم ٹیکس وصول نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کی خون پسینے کی کمائی نچوڑ کر ان لوگوں کو دے رہے ہیں جو بجلی پیدا ہی نہیں کرتے، آئی پی پیز کو 2 ہزار ارب روپے سے زیادہ رقم دے رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اتنی رقم دی جا رہی ہے جس سے نرسری سے یونیورسٹی لیول تک تعلیم مفت دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم نے اس ایشو کو اٹھایا تو حکومت نے کہا کہ آئی پی پیز کے ساتھ بین الاقوامی معاہدے ہیں اس لیے ان کے ساتھ بات نہیں ہو سکتی، جب تک بجلی کے بل کم نہیں ہوں گے ہم اس جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بقیہ جات 24

باوجود بھی کوئی فیصلہ نہ ہو سکا۔ تنازع کے ایک فریق کے مشران نے امن معاہدے پر تاحال دستخط نہیں کیے، ٹل پاراچنار مرکزی شاہراہ دو اکتوبر سے بند پڑی ہے۔ پاراچنار سمیت اپر کرم کے 100 سے زائد علاقوں کا ملک بھر سے زمینی رابطہ منقطع ہے۔ کھانے پینے کا ذخیرہ ختم ہوئے کئی دن گزر گئے، اسپتال میں ادویات کی قلت مریضوں کے لیے جان لیوا ثابت ہو رہی ہے۔ دہشتگردی میں 130 افراد کی جانیں گئیں جبکہ راستوں کی بندش اور ادویات کی قلت کے باعث بچوں اور بڑوں سمیت درجنوں لوگ علاج معالجہ نہ ملنے کی وجہ سے دم توڑ رہے ہیں۔ مرکزی سڑک کی بندش کے خلاف کرم پریس کلب سمیت مختلف مقامات پر متاثرین کا دھرنا جاری ہے۔ کرم کے مظاہرین سے یکجہتی کے لیے کراچی، اسلام آباد، لاہور، پشاور، جھنگ، گلگت اور مظفرآباد سمیت ملک کے دیگر شہروں میں بھی دھرنے جاری ہیں جس سے ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے اور لوگ پریشان ہیں۔

بقیہ جات 25

پاراچنار اور اپر کرم میں راستوں کی بندش کے خلاف کراچی کے مختلف مقامات پر مذہبی جماعت کے دھرنے اتوار تیسرے دن بھی جاری ہیں۔ جیو نیوز کے مطابق مذہبی جماعت کی جانب سے نمائش چورنگی، ناتھا خان، ملیر 15، شارع فیصل، انچولی سوسائٹی، ناظم آباد نمبر 1 اور کامران چورنگی پر دھرنے جاری ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی روڈ اتوار بازار، سرجانی ٹاؤن، نیشنل ہائی وے اور فائیو اسٹار چورنگی پر بھی دھرنے جاری ہیں، دھرنوں کے باعث سڑکیں بند ہیں جبکہ ٹریفک کے شدید دباؤ سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ واضح رہے کرم میں امن کے لیے گرینڈ جرگے میں فریقین کے درمیان معاہدے کو حتمی شکل دے دی گئی ہے اور فریقین کی جانب سے معاہدے پر جلد دستخط کا امکان ہے۔

بقیہ جات 26

کر دیا ہے، شہریوں کو کشتی کے ذریعے لیبیا سے اٹلی بھجوانے میں ملوث انسانی اسمگلر کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ انسانی اسمگلر غلام دستگیر کو فیصل آباد سے گرفتار کیا، ملزم غلام دستگیر کو پہلے سے گرفتار کیے گئے عبدالرحمن نامی ایجنٹ کی نشاندہی پر گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان نے 7 متاثرہ شہریوں کو سمندر کے راستے لیبیا سے یورپ بھجوایا اور متاثرہ شہریوں سے مجموعی طور پر 2 کروڑ 73 لاکھ روپے ہتھیائے۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزمان نے متاثرہ شہریوں کو پہلے عمرے ویزے پر سعودی عرب بھجوایا اور پھر وہاں سے لیبیا بھجوایا۔

بقیہ جات 27

تو بھی سوچوں گا۔ اسلام آباد میں عیادت کیلئے آئے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے ملاقات کیلئے مجھے باضابطہ کوئی پیغام نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ اگر بانی پی ٹی آئی ملنا چاہیں گے تو بھی سوچ سمجھ کر فیصلہ کروں گا۔ پی ٹی آئی سے وفاق میں ورکنگ ریلیشن ہے، صوبائی معاملات پر ہمارا اپنا موقف ہے۔ جے یو آئی سربراہ نے مزید کہا کہ ہمارا گلہ ہے عام انتخابات 2024ء میں ہمیں لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں دی گئی، انتخابات میں کچھ لوگ استعمال ہو گئے، ہم نے استعمال ہونے سے انکار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ 26 ویں ترمیم میں ہم نے شخصیت کی بجائے اداروں کی مضبوطی کو مقدم رکھا، خیبر پختونخوا میں حکومت کی کہیں رٹ نظر نہیں آ رہی۔ مولانا فضل الرحمان نے یہ بھی کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن پر طے شدہ معاملات کو خواہ مخواہ چھیڑا گیا، مدارس کا معاملہ خوش اسلوبی سے حل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی آئی خان، بنوں اور ٹانک دہشت گردوں کے حوالے ہیں، ٹانک سے عدالتیں اور سرکاری دفاتر بھی ڈی آئی خان منتقل ہو چکے ہیں۔

بقیہ جات 28

میں چل کر اپوزیشن کے پاس گئے تھے مگر انہوں نے کہا ہم چوروں سے مذاکرات نہیں کریں گے، اب یہ پارلیمنٹ کی سطح پر مذاکرات چاہتے ہیں، یہ چاہتے ہیں سب چیزیں ایک دم ختم ہو جائیں جو نہیں ہو سکتا، سیاسی سول نافرمانی تحریک کا شوق بھی پورا کر لیں، اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوگا۔

بقیہ جات 29

کہا کہ بلاول بھٹو نے بھی اپنی تقریر میں کہا کہ محترمہ غریب اور کمزور کی آواز تھیں۔ ترجمان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم نے صرف ایک لیڈر کو نہیں بلکہ کمزور لوگوں کے لیے لڑنے والی شخصیت کو کھویا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ دہشت گردی اور انتہا پسندی کا خاتمہ چاہتے ہیں اور ملک میں امن و استحکام دیکھنا چاہتے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ پی پی وہ واحد جماعت ہے جو آمروں کے خلاف کھڑی رہی۔

بقیہ جات 30

یا کوئی دوسری چیز پہلے ہی ختم ہوئی ہے تو مذاکرات کس بات کے؟ مذاکرات سے قبل مطالبات تسلیم نہیں کیے جا سکتے، تمام چیزوں کا فیصلہ مذاکرات کی میز پر ہی ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا ڈی چوک جانے کا فیصلہ بانی پی ٹی آئی کا ہی تھا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اور سابق خاتون اول بشریٰ بی بی خود ڈی چوک سے بھاگے، اب حکومت پر الزام تراشی کر کے حقیقت پر پردہ ڈال رہے ہیں، انہیں اپنے کئے کارناموں کا حساب دینا ہوگا۔

بقیہ جات 31

بیان میں کہا کہ جس ملک میں آئین و قانون کی بجائے اپنی مرضی کے فیصلے کئے جائیں تو وہاں بگاڑ پیدا ہوتا ہے اور پاکستان اسی کا شکار ہے لیکن حکمران پھر بھی سب اچھا کی رپورٹ دے رہے ہیں۔ اب عوام باشعور ہو چکے ہیں حکمرانوں کے سامنے سوال اٹھانے کا شعور دینا عمران خان کی بڑی کامیابی ہے اور یہی حکمرانوں کے لئے سب سے بڑا خوف بنا ہوا ہے۔ رانا جاوید عمر نے کہا کہ ہم پاکستان کے پرامن شہری ہیں، یہ وطن ہمارا ہے ہم اس کے اندر آئین و قانون کی بحالی کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ عمران خان ملک کے ہر شہری کی امید ہیں، عمران خان اور پی ٹی آئی سیاسی حقیقت ہیں اس لئے جعلی حکمران جتنی جلدی اس کا ادراک کر لیں گے ان کے اپنے لئے بہتر ہوگا۔

بقیہ جات 32

میں بیماری کی موجودگی کی نشاندہی کرتی ہے۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) میں قائم انسداد پولیو کی ریجنل ریفرنس لیبارٹری کے مطابق حیدر آباد، جیکب آباد، جامشورو، قمبر، کراچی سینٹرل، کراچی ایسٹ، کراچی ساؤتھ، کیماڑی، کورنگی، ملیر، میر پور خاص، شہید بینظیر آباد، سجاول، سکھر، چمن، لورالائی، پشین، کوئٹہ، ژوب، اسلام آباد، باجوڑ، پشاور، ڈیرہ غازی خان، لاہور، ملتان اور راولپنڈی سے نمونے لیے گئے تھے جن میں وائرس کی نشاندہی ہوئی۔ رواں سال 80 سے زائد اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے جبکہ ملک بھر میں 67 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رواں ماہ کے اوائل میں خیبر پختونخوا کے غیر متاثرہ ضلع چارسدہ سے جمع کیے گئے سیوریج کے نمونوں میں بھی پہلی بار وائرس کی نشاندہی کی گئی تھی۔

بقیہ جات 33

گیا۔ تفصیلات کے مطابق شدید دھند اور حد نگاہ کم ہونے کے باعث بھکر روڈ پر مختلف گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، حادثات میں 20 افراد زخمی ہوئے، جنہیں ریسکیو ٹیموں نے فوری ہسپتال منتقل کیا جہاں چار کی حالت تشویشناک ہے۔ ٹرک اور کار میں ٹکر کے بعد مزید 2 کاریں اور رکشہ بھی حادثے کا شکار ہوئے۔ پولیس کے مطابق دوسرا حادثہ ڈیرہ اسماعیل خان میں بنوں روڈ صدرہ شریف کے مقام پر پیش آیا جہاں دو مسافر گاڑیاں ٹکرا گئیں، حادثے میں 12 افراد زخمی ہوئے، زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پنجاب کے علاقے خوشاب میں دھند کے باعث جہلم پل پر تین گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، واقعے میں 8 افراد شدید زخمی ہو گئے، ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب لاہور سمیت پنجاب بھر میں شدید دھند کا راج رہا، حد نگاہ کم ہونے سے موٹرویز متعدد مقامات سے بند رکھی گئی۔ ترجمان موٹروے پولیس سید عمران احمد کے مطابق موٹروے ایم 2 پر لاہور سے کوٹ مومن تک، موٹروے ایم تھری لاہور سے درخانہ تک، موٹروے ایم 4 دھند کے باعث پنڈی بھٹیاں سے عبدالحکیم تک، سیالکوٹ موٹروے ایم 11 پر بھی نو انٹری کا بورڈ آویزاں رکھا گیا۔

بقیہ جات 34

مشاورت کی تکمیل کے بعد نئے وزیروں کی لائن اپ کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور توقع ہے کہ آج پیر کو نئے وزیروں کی حلف برداری ہو جائے گی۔ اس سلسلے میں وزیراعظم شہباز شریف نے ضروری صلاح مشورے مکمل کر لیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، حنیف عباسی، طلال چوہدری کو وفاقی وزیر بنایا جائے گا، ڈاکٹر توقیر شاہ کو وزیراعظم شہباز شریف کا مشیر لگائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ تینوں وزراء اور مشیر کی پیر کے روز حلف برداری ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی کابینہ فی الوقت 18 ارکان پر مشتمل ہے جبکہ حکومت کے قلمدانوں کی مجموعی تعداد 33 ہے۔ دو وزرائے مملکت، تین خصوصی معاونین اور ایک مشیر وفاقی حکومت کا حصہ ہیں۔

بقیہ جات 35

کنکشن منقطع کیا گیا، جبکہ گیس چوری کی مد میں 20 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ملتان میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 5 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے۔ بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے۔ شیخوپورہ میں غیر قانونی گیس استعمال پر 4 کنکشن منقطع کیے گئے اور گیس چوری کی مد میں 1 لاکھ 70 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ساہیوال میں 1 کنکشن غیر قانونی گیس استعمال پر منقطع کیا گیا اور گیس چوری کے خلاف 80 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔

بقیہ جات 36

اس فیصلے کو فی الفور واپس لیتے ہوئے ان اداروں کی تمام بنیادی ضروریات پوری کی جائیں۔ اساتذہ سمیت تمام ملازمین کی پنشن، گریجویٹی، لیو انکیشمنٹ کے ترمیم شدہ اور رول 17-اے اور فیملی پنشن کے خاتمے کے جاری کیے گئے ملازمین دشمن نوٹیفکیشنز کینسل کیے جائیں۔ کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ایجوکیٹرز، AEOsSSEsHMSHMSSSSS/ [illegible]، کلیریکل سٹاف اور ملازمین درجہ چہارم کو تاریخ آغاز ملازمت سے مستقل کر کے انہیں سروس اور پے پروٹیکشن دی جائے۔ سکولوں کے ہیڈز/ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے سپروائزری سٹاف کے چارج الاؤنس، سائنس ٹیچرز، کمپیوٹر ٹیچرز کے الاؤنسز میں اضافہ اور فزیکل ایجوکیشن ٹیچرز کو الاؤنس اور ان کا سروس سٹرکچر بنایا جائے۔ ڈی ٹی ایز کو گریڈ 16، ایم فل کو 17 جبکہ پی ایچ ڈی اساتذہ کو گریڈ 18 دیا جائے۔ جائز مطالبات منوانے کے لیے چلائی جانے والی احتجاجی تحریک کے دوران اساتذہ اور دیگر ملازمین کے خلاف کی جانے والی محکمانہ تمام کارروائیوں کو فی الفور ختم کیا جائے۔

بقیہ جات 37

پرواز پی کے 307 کو بھی منسوخ کرنا پڑا۔ کوالالمپور جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے 898 اور لاہور سے دوحہ جانے والی پرواز پی کے 279 ایک گھنٹہ تاخیر کا شکار ہوئیں۔

بقیہ جات 38

درمیان عمومی طور پر اتفاق رائے ہو چکا ہے، صرف چند نکات پر ایک فریق نے مشاورت کے لیے دو دن کا وقت مانگا ہے۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ اہلسنت نے اپنے عمائدین اور عوام سے مشاورت کے لیے دو دن کا وقت مانگا ہے، جرگے نے باہمی مشاورت کے بعد دو دن کا وقت دے دیا ہے، دو دن کے وقفے کے بعد جرگہ منگل کو دوبارہ شروع ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ جرگے میں تمام بڑے نکات پر اتفاق رائے ہو چکا ہے، مشاورت مکمل ہونے کے بعد معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپیکس کمیٹی کے فیصلے کے مطابق بنکرز اور اسلحہ کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا۔ مشیر اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت ایک صدی سے زائد پرانے تنازعے کے مستقل اور پائیدار حل کے لیے پرعزم ہے، وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور اور گرینڈ جرگے کی کوششوں سے تنازعہ حل ہونے کے قریب ہے۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ کمشنر کوہاٹ سمیت پوری انتظامیہ خلوص نیت کے ساتھ تنازعے کے خاتمے اور مستقل امن کے لیے کوششیں کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ نے امدادی کارروائیوں کے لیے اپنا ہیلی کاپٹر وقف کر دیا ہے، ادویات پہنچانے سمیت عوام کو فضائی سروس بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔

بقیہ جات 39

کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 21 ویں بین الاقوامی فارمیسی کانفرنس اور نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسائل کا حل مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے، ہم تو پہلے بھی مذاکرات کیلئے تیار تھے، ہمارا موقف ہے کہ آگے بڑھنا ہے تو ڈائیلاگ کریں، جب تک ہمارے لوگ مل نہیں بیٹھیں گے مسائل حل نہیں ہو سکتے ہیں، ملکی مفادات سیاست کی نذر نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے بات چیت خوش آئند ہے، بات چیت شروع ہو گئی، ڈائیلاگ میں بانی پی ٹی آئی کے جرائم کا ایجنڈا شامل نہیں ہوگا۔ مصدق ملک نے کہا کہ جرائم کا گفتگو و شنید سے کوئی تعلق نہیں ہے، جنہوں نے جرائم کئے وہ اب بھگت رہے ہیں، سزائیں ہو رہی ہیں ٹرائل ہو رہے ہیں، شواہد سامنے آ گئے ہیں فرد جرم بھی عائد ہو چکی ہے، خان صاحب پر جو مقدمات ہیں ان کی نوعیت کریمنل ہے۔ انہوں نے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ نے جی ایچ کیو پر حملہ نہیں دیکھا، چل چل کور کمانڈر چل کے بیانات و ٹویٹ نہیں دیکھیں اگر دیکھا ہے جرائم کا ٹرائل تو ہوگا، [illegible] ہو، ملکی سالمیت کے خلاف سازش ہو، کور کمانڈر ہاؤس کو گھر آگ لگانے کا جرم ہو یا شہیدوں کے مجسمہ کو شہید کرنے کا جرم سزائیں تو بھگتنا پڑیں گی۔

بقیہ جات 40

ہوئے، خواتین کے سینڈل 09.75 فیصد، آلو 17.61 فیصد، دال چنا 17.51، دال مونگ 51.31 فیصد مہنگے ہوئے اس کے علاوہ پاؤڈر دودھ کی قیمت میں 62.25 جبکہ گائے کے گوشت کی قیمت میں 28.24 فیصد تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایک سال میں لہسن 27.17 اور پکی ہوئی دال 10.15 فیصد، گیس چارجز 52.15% فیصد اور جلانے والی لکڑی 14.13 فیصد مہنگی ہوئی۔ سال 2024 میں پیاز 21.31 فیصد، آٹا 20.36 فیصد، مرچ پاؤڈر 20 فیصد سستا ہوا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک سال میں انڈے کی قیمتوں میں 89.12 فیصد کمی ہوئی۔ اسی مدت میں دال مسور 18.11 فیصد سستی ہوئی جبکہ باسمتی چاول اور دال ماش کی قیمتوں میں بالترتیب 7.98 اور 27.6 فیصد کمی ہوئی۔ اس سال میں پٹرول 64.5 اور ڈیزل 49.7 فیصد سستا ہوا۔

بقیہ جات 41

پریس کلب میں جاری رہی، دی ڈیموکریٹس پینل اور آزاد امیدواروں نے انتخابات میں حصہ لیا۔ ہفتہ کی صبح سے شام تک ہونے والی پولنگ میں انتہائی جوش و خروش دیکھنے میں آیا۔ پریس کلب کے ممبران کی بڑی تعداد نے انتخابی عمل میں حصہ لیا۔ کراچی پریس کلب الیکشن کمیٹی نے انتخابی نتائج کا اعلان کیا ہے۔ جاری کردہ نتائج کے مطابق دی ڈیموکریٹس پینل سے صدر کے امیدوار فاضل جمیلی 560 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ ان کے مدمقابل آزاد امیدوار ایوب جان سرہندی نے 273 ووٹ حاصل کیے۔ دی ڈیموکریٹس پینل سے نائب صدر کی نشست پر ارشاد کھوکھر پہلے ہی بلا مقابلہ منتخب ہو گئے تھے۔ خزانچی کے عہدے پر دی ڈیموکریٹس کے عمران ایوب 668 ووٹ لیکر کامیابی حاصل کی اور ان کے مدمقابل آزاد امیدوار آفتاب حسین 149 ووٹ حاصل کر سکے۔ سیکریٹری کی نشست کیلئے دی ڈیموکریٹس کے محمد سہیل افضل خان 604 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ ان کے مدمقابل آزاد امیدوار قمر رضوی 237 نے ووٹ حاصل کیے۔ جوائنٹ سیکرٹری کے عہدے پر دی ڈیموکریٹس کے محمد منصف 688 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ ان کے مدمقابل آزاد امیدوار سعید انور خان بونیری 119 ووٹ حاصل کر سکے۔ اسی طرح دی ڈیموکریٹس پینل نے گورننگ باڈی کی تمام 7 نشستوں پر اپنے مدمقابل آزاد امیدواروں کو کلین سوئپ کیا ہے۔ چیف الیکشن کمیٹی کے حتمی نتائج کے مطابق دی ڈیموکریٹس پینل کے عبدالحفیظ بلوچ نے 741 ووٹ، شکیل احمد 733 ووٹ، میمونہ صدیقی (مونا صدیقی) 722 ووٹ، محمد فاروق 722 ووٹ، حماد حسین 719 ووٹ، منظور شیخ 682 ووٹ اور قاضی محمد یاسر 679 نے ووٹ لیکر گورننگ باڈی کی نشستوں پر کامیاب قرار پائے جبکہ آزاد امیدوار سید شفیق احمد 261 ووٹ اور قاضی ناصر الدین 138 ووٹ حاصل کر سکے ہیں۔ کراچی پریس کلب کے سالانہ انتخابات کیلئے حسب روایت ووٹ ڈالنے کیلئے کلب کا کارڈ دکھانا لازمی قرار دیا گیا تھا۔ سالانہ انتخابات کیلئے پولنگ 28 دسمبر بروز ہفتہ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک بغیر کسی وقفے کے کراچی پریس کلب میں جاری رہی، دی ڈیموکریٹس پینل اور آزاد امیدواروں نے انتخابات میں حصہ لیا ہے۔ کراچی پریس کلب کے سالانہ انتخابات میں 1507 میں سے 871 اراکین نے انتخابی عمل میں اپنا حق رائے دہی استعمال کیا ہے۔ ہفتہ کی صبح سے شام 5 تک ہونے والی پولنگ میں انتہائی جوش و خروش دیکھنے میں آیا۔ پولنگ کا آغاز صبح 9 بجے ہوا جو بلا کسی وقفہ کے شام 5 بجے تک جاری رہی۔ واضح رہے کہ کراچی پریس کلب کے 1958 میں اپنے قیام سے آج تک ہر سال باقاعدگی سے انتخابات منعقد ہوتے رہے ہیں۔

بقیہ جات 42

اطلاعات و رکن قومی اسمبلی شازیہ عطا مری نے میڈیا سیل بلاول ہاؤس کے انچارج سریندر ولاسائی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آئیں بائیں شائیں کی سیاست نہیں کرتے، کھری بات کرنے والے لیڈر ہیں۔ پاکستانی عوام تکلیف میں ہوگی تو بلاول بھٹو زرداری آواز تو اٹھائیں گے۔ پی پی پی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ وفاقی حکومت سے پیپلز پارٹی کے معاملات سنگین ہیں، حکومتی دھونس دھمکیوں سے کام نہیں چلے گا۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، شازیہ عطا مری نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے 17 ویں یوم شہادت کے موقع پر ملک کے کونے کونے سے بھرپور عوامی شرکت نے ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس جذبے و عزم کے ساتھ لوگ گڑھی خدا بخش میں آئے تھے، یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ یہی لوگ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے مشن کو جاری رکھیں گے۔ شازیہ عطا مری نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے متعلق حکومتی رویہ پر پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر میں درست فرمایا تھا کہ پاکستان کے عوام سیاسی و معاشی استحکام، مہنگائی و غربت سے چھٹکارہ اور خوشحالی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بیان کردہ اعداد و شمار تو زبردست ہیں، لیکن اس کے نتیجے میں عوام کو سہولیات دستیاب ہوتی نظر نہیں آ رہیں۔ شازیہ مری نے اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیے بغیر یکطرفہ فیصلے کرنے کے وفاقی حکومت کے رجحان پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب اس طرح کے اقدام کیے جاتے ہیں تو اس کے بہت خطرناک نتائج نکلتے ہیں۔ انہوں نے دریائے سندھ سے 6 نئے کینالز نکالنے کے یکطرفہ فیصلے کو ارسا ایکٹ اور 1991ء کے پانی اکارڈ کی صریحاً خلاف ورزی قرار دیا۔

بقیہ جات 43

خالد نجیب، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیدنا صدیق اکبرؓ کا دور خلافت ختم نبوت ﷺ کے تحفظ اور عدل وانصاف عام کر کے غریب کو حقوق فراہم کرنے کا درس دیتا ہے، خلیفہ اول کا دور خلافت تاریخ اسلام کا سنہری باب ہے، آپؓ کے فضائل و مناقب کا ذکر قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور اسلامی تاریخ میں کثرت سے ملتا ہے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کا مقام انتہائی بلند اور نمایاں ہے۔ حکمران ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے سیدنا صدیق اکبرؓ کے دور خلافت سے رہنمائی لیں۔

بقیہ جات 44

ایثار (قربانی) و سخاوت کا نمونہ اللہ کے راہ میں پیش کیا، جس کی مثال تاریخ عالم میں ملنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے، حضرت ابوبکر صدیقؓ زمانہ جاہلیت میں بھی اعلیٰ اخلاق و کردار کے مالک تھے۔ آپؓ کی شان و مرتبہ بہت بلند ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیدنا صدیق اکبرؓ کی ساری زندگی اطاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں گزری، اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں کو سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی محبت سے بھر دے اور اس محبت کو اور زیادہ کر دے۔

بقیہ جات 45

کیا پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے رواں سال اپریل میں چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ فائیو کے تعمیراتی لائسنس کے لیے درخواست دی تھی جس کے ساتھ ابتدائی حفاظتی جائزہ رپورٹ اور آپریشنل پہلوؤں سمیت دیگر ضروری دستاویزات بھی جمع کروائی تھیں۔ ان دستاویزات میں جوہری مواد کے محفوظ استعمال، تابکاری سے تحفظ، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے، تابکار فضلے کو ٹھکانے لگانے اور نیوکلیئر سیکیورٹی جیسے پہلو شامل تھے۔ پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے جاری کی گئی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ اتھارٹی نے قومی اور بین الاقوامی معیارات کی تکمیل میں ریگولیٹری تقاضوں کا تفصیلی جائزہ لینے اور ان کی تکمیل کے بعد لائسنس جاری کیا ہے۔ سی-5 ہوالونگ ون ڈیزائن کا ایک جدید تیسری نسل کا پریشرائزڈ واٹر ری ایکٹر ہے، جس میں فعال اور غیر فعال حفاظتی خصوصیات شامل ہیں جب کہ اس میں ڈبل شیل کنٹینمنٹ اور ری ایکٹر فلٹرڈ وینٹنگ سسٹم بھی شامل ہے۔

بقیہ جات 46

سے تدفین ہوتی جا رہی ہے اور علاقے کے لوگ احتجاج کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ اگر کوئی حل نہ نکالا گیا تو وہ اپنی میتوں کے ساتھ حکام کے دروازوں پر احتجاج کریں گے۔ ایک رہائشی نے بتایا کہ ہم اپنے مردوں کو اپنے صحن میں دفنانا جاری نہیں رکھ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ قبرستان نہ ہونے کی وجہ سے ہم قبروں کے درمیان رہنے پر مجبور ہیں۔ بہت سے رہائشیوں نے اپنے پیاروں کی قبروں میں گھرے رہنے پر پریشانی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ غیر فطری محسوس ہوتا ہے، ہم قبروں کے درمیان رہ رہے ہیں اور یہ بہت پریشان کن ہے۔ گوڈانہ میں مسلم کمیونٹی خود کو الگ تھلگ اور اجنبی محسوس کر رہی ہے کیونکہ حکام مسئلہ حل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ ایک شخص نے بتایا کہ ہم خالی وعدوں سے تھک چکے ہیں۔

بقیہ جات 47

عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں بی جے پی کی زیر قیادت بھارتی حکومت کی کشمیر دشمن پالیسیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور جھوٹے الزامات پر نوجوانوں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی ہے۔ ترجمان نے ہماچل پردیش کے علاقے بلاس پور میں کشمیری شال فروشوں کو ہراساں کیے جانے اور دھمکیاں دینے کی بھی مذمت کی۔ ایڈووکیٹ منہاس نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہندوتوا کی حامی بھارتی اسٹیبلشمنٹ نے اپنے مظالم میں تیزی لائی ہے جو کشمیریوں کو تکلیف پہنچانے اور سزا دینے میں خوشی محسوس کرتی ہے۔

بقیہ جات 48

مطالبہ رہا ہے کہ ڈنکی کارٹ ریس جو کہ کراچی کی ثقافتی پہچان ہے اس کے فروغ کے لیے کوششیں کی جائیں اور ریس میں استعمال ہونے گدھوں کی دیکھ بھال اور بہبود کیلئے مالکان کی مالی مدد کی جائے تاکہ یہ ثقافتی کھیل جاری و ساری رہے۔ ماضی میں بھی وزارت کھیل سندھ کے تعاون سے اہم قومی دنوں میں کئی ایونٹس منعقد کیے گئے اور باقاعدہ طور پر ڈنکی کارٹ رائیڈرز کو بمعہ ڈنکی کارٹ کے ناموں سے رجسٹرڈ کر کے انہیں ایسوسی ایشن کے شناختی کارڈز، ٹریک سوٹ، یونیفارم جاری کیے گئے تھے۔ جس سے اس کھیل کی صوبے بھر میں شناخت ہو رہی تھی۔ لیکن کچھ عرصے سے غیر نمائندہ افراد کے توسط سے وزارت کھیل اور کمشنر آفس کے چند اہلکاروں کی ملی بھگت سے ریس کا انعقاد کیا جا رہا ہے اور رجسٹرڈ ایسوسی ایشن کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود ایسوسی ایشن نے ڈنکی کارٹ ریس کے مقابلوں کے انعقاد کا خیر مقدم کیا اور ڈنکی کارٹ رائیڈرز کو مقابلوں میں شریک ہونے کی اجازت دی۔

بقیہ جات 49

آگ لگی، ریسکیو ٹیموں نے جائے وقوع پر پہنچ کر بروقت کارروائی کی اور ان کی پیشہ ورانہ مہارت کی بدولت علاقہ محفوظ رہا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ فائر فائٹرز نے 3 فائر ٹینڈرز کی مدد سے فوری طور پر آگ پر قابو پایا۔ ریسکیو 1122 نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے محکمہ ہر وقت الرٹ ہے۔

بقیہ جات 50

صدر سید محمد حسین منشی اور منشی پریمیئر لیگ کے روح رواں، سابق اسپورٹس ڈائریکٹر کے ڈی اے اور سینئر کوآرڈینیٹر جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن ایاز منشی کے ہمراہ جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی اور نمایاں پرفارمنس دینے والے کھلاڑیوں میں میڈلز و ایوارڈز تقسیم کیے۔ قاضی مصطفی کے منشی پریمیئر لیگ کے کامیاب انعقاد مبارکباد پیش کی اور خوش آئند اقدام قرار دیا اور کہا کہ اس طرح کھیلوں کے انعقاد ہونا ضروری ہے اس طرح ایونٹ نوجوانوں کیلئے معاون ثابت ہوگا۔ اس موقع پر جوناگڑھ فیڈریشن کے مرکزی عہدیداران یوسف شیخ، سعید کھوکھر، حفیظ بلوچ، وسیم کعب والا، اعجاز زبیری، عمر عزیز عرب، محمد میر خصوصی مہمان گرامی حضرات میں سابق ایڈمنسٹریٹر بلدیہ ٹاؤن مظفر مجاہد بلوچ، میمن جماعت کے صدر یوسف چاگا، بزرگ صدیق سوار، صدر اسپورٹس ونگ CPCIH کراچی عبدالرحیم ترموک کے علاوہ بڑی تعداد میں کرکٹ کے شائقین، سیاسی، سماجی اور سابق کرکٹرز نے شرکت کی۔

بقیہ جات 51

آر کے مطابق شوہر نے بتایا کہ میں موٹر سائیکل پر بیوی کے ساتھ سوار تھا کہ اچانک بیوی نے گردن پر بلیڈ چلا دیا، مجھے بلیڈ مارنے کے بعد میری بیوی نے خود کو بلیڈ سے مارنے کی کوشش کی۔ شوہر نے بتایا کہ ہم دونوں میاں بیوی میں دوسری شادی کے حوالے سے جھگڑے چل رہے تھے، میری بیوی نے مجھے قتل کرنے کی کوشش کی۔ پولیس نے بلیڈ سے حملہ کرنے والی خاتون کو گرفتار کر کے ویمن تھانے منتقل کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق شوہر کو زخمی کرنے کے بعد خاتون نے خودکشی کرنے کے لئے اپنا گلا بھی کاٹ لیا تھا، جس کے بعد دونوں کو زخمی حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ شوہر دوسری شادی کرنا چاہتا تھا جس پر جھگڑا ہو گیا، دونوں کے درمیان اس سے قبل بھی دوسری شادی کے تنازع پر جھگڑے ہو چکے ہیں، واقعے کی مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ جات 52

تشکیل کر رہے ہیں۔ جبکہ آل میونسپل ورکرز یونین کی قیادت ریاض خان، عابد کیل، سلمان ہوتی کر رہے ہیں۔ انتخابی مہم کے نتیجے میں اہم مزدور رہنما جوق در جوق یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین میں شمولیت سے اس کی پوزیشن مستحکم ہوئی ہے۔ جبکہ دو سال سی بی اے یونین رہنے پر آل میونسپل ورکرز یونین کی کارکردگی سے ملازمین مطمئن نہ ہونے پر اس سے ناخوش ہیں۔ تنخواہوں سمیت دیگر مراعات کی ادائیگی نہ ہونے پر ملازمین میں بے چینی پائی جاتی ہے۔ فیصلہ 7 جنوری کو ہوگا کہ کونسی یونین دو سال کیلئے کامیاب ہو کر ملازمین کے مسائل حل کرتی ہے۔ مزدور رہنما اقبال خان جدون اور دیگر نے اپنے ساتھیوں سمیت یونائیٹڈ میونسپل ورکرز کی حمایت کر دی ہے۔ جبکہ رحمان علی بھی وائس چیئرمین کی حیثیت سے انکا حصہ بنے ہوئے ہیں۔ آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے الحاق یافتہ یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین کی اس بار کامیابی یقینی ہے۔ آل میونسپل ورکرز یونین کو لوکل گورنمنٹ ایمپلائز فیڈریشن کے پی کے کی حمایت حاصل ہے۔

بقیہ جات 53

ایک روپے فی لیٹر اضافہ ہو سکتا ہے۔ وزیر خزانہ اور وزیراعظم کے درمیان مشاورت کے بعد اس معاملے پر حتمی فیصلہ 31 دسمبر کو سنایا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ پیٹرولیم کی قیمتوں میں رد و بدل وزیراعظم کی منظوری کے بعد یکم جنوری سے کیا جائے گا۔

بقیہ جات 54

آخرت بنا دیا تو اللہ پاک اس کی دنیاوی فکروں کیلئے کافی ہے اور جس کی فکریں دنیا کے احوال میں مشغول رہیں تو اللہ کو پرواہ نہیں کہ وہ کس وادی میں ہلاک ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یاد رکھیں ہم اس دنیا میں آ گئے، اب ہمیں مرنا ہی پڑے گا، قبر میں اترنا ہی پڑے گا اور اپنی کرنی کا پھل بھگتنا پڑے گا، غور کریں وہ کیسا بے بسی کا دن ہوگا، کیسی بے کسی ہوگی، ہم کتنے لاچار ہوں گے جب ملک الموت آئیں گے، سانس اکھڑے گی، آخری ہچکی آئے گی اور روح جسم سے جدا ہو جائے گی، اس دن نہ کسی بادشاہ کی بادشاہی اسے بچا سکے گی، نہ کسی غریب کی غربت پر ترس کھایا جائے گا، نہ کسی کا زور چل سکے گا، نہ کسی کمزور کی کمزوری کا عذر مانا جائے گا۔ حاجی محمد اطہر عطاری نے کہا کہ اس سے پہلے وہ موقع آئے، ہماری سانسیں ختم ہوں، ہمیں غفلت سے بیدار ہو جانا چاہئے، دنیا دھوکے کا گھر ہے، ہمیں اس دھوکے سے نکل کر آخرت کی تیاری میں مصروف ہو جانا چاہئے، موت ہمارے سامنے ہے، اچانک آ جائے گی، نہ جانے صبح آئے یا شام، پھر ہولناک قبر اور منکر نکیر کا سامنا ہوگا۔

بقیہ جات 55

کام کرایا ہے، پیپلز پارٹی نے میوہ شاہ کے علاقے کی تقدیر بدلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ قبرستان آتے تھے ان سے پوچھیں پہلے کیا حال تھا میوہ شاہ قبرستان روڈ کا؟ یہ کام کسی اور جماعت نے نہیں بلکہ پیپلز پارٹی نے کیا۔ آج 35 کروڑ روپے کے منصوبے کا افتتاح کیا ہے، کروڑوں کا پراجیکٹ عوام کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے کے لیے کیا، عوام کی تکلیف دور کرنے کے لیے آر او پلانٹ بھی لگایا ہے۔ میئر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ 27 دسمبر کو لوگوں نے بڑی تعداد میں شہید بے نظیر بھٹو کی قبر پر حاضری دی، بلاول بھٹو کی قیادت میں پیپلز پارٹی کراچی کی ترقی کے لیے کام کر رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے ہمیشہ سوال کیا عوام کے لیے کیا کر رہے ہو، بلاول بھٹو کا ایک ایک نمائندہ اس شہر کی خدمت میں مصروف ہے، بلاول بھٹو عوام کو مسائل سے نکالیں گے، وہ اور آصف علی زرداری ملک کا مستقبل ہیں۔ شہر کے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے میئر کراچی نے کہا کہ ترقی کا سفر اسی طرح سے جاری رہیگا، لیاری ٹاؤن اور کے ایم سی ہماری ہے شہر ہمارا ہے، شہر میں کام ہوتا نظر آ رہا ہے اور مزید آئے گا۔ ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے، ہم کام کر رہے ہیں، کام کا سفر جاری رہے گا۔ ہم تفریق کی سیاست پر نہیں کام کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، ہم نے ہمیشہ سے عوام کی خدمت کی ہے۔

بقیہ جات 56

گے۔ وزارت نے اتوار کے روز بیان میں کہا ہے کہ امدادی اداروں کے ساتھ مفاہمت کی 3 یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کیے ہیں، اس سے 5 صوبوں میں عوامی بہبود کے منصوبوں پر عملدرآمد ہوگا جس سے 13 ہزار 610 سے زائد گھرانوں کو فائدہ ہوگا۔ وزارت کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 8 ماہ کے دوران تقریباً 10 لاکھ افغان مہاجرین پاکستان، ایران اور ترکیہ سے وطن واپس لوٹ چکے ہیں۔ افغانستان کی نگران حکومت نے مقامی اور عالمی تنظیموں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک میں سرمایہ کاری کریں اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد کریں۔

بقیہ جات 57

معروف سازو سامان بنانے والی کمپنی نے تیار کی ہیں اور یہ کنٹینرز، بھاری مشینری، تعمیراتی سامان اور دیگر سامان جیسی مختلف قسم کی مال برداری کو سنبھالنے کے لیے خصوصی طور پر بنائی گئی ہیں۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ ان ویگنز کا اضافہ رائل ریلوے کے قابل بھروسہ اور مختلف قسم کے مال برداری حل فراہم کرنے کے مشن کو تقویت دیگا جس سے کمبوڈیا اور خطے میں صنعتوں کو بااختیار بنایا جائے گا۔ پٹریوں پر چلائے جانے سے قبل ان ویگنز کو ایک سخت بریک سسٹم ٹیسٹ سے گزارا جائے گا تاکہ ان کی زیادہ سے زیادہ حفاظت اور کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ جات 58

اور بچوں کی دیکھ بھال کی خدمات اور پیدائش سے لے کر 3 سال تک کے بچوں کے لیے گھریلو دیکھ بھال کی خدمات کو بہتر طور پر باقاعدہ بنائیں گے۔ چینی زبان میں یوئیساؤ کے نام سے مشہور زچگی کی دیکھ بھال کرنے والی خادمہ ماں اور نوزائیدہ بچوں کو پیدائش کے بعد پہلے مہینے یا اس سے زیادہ عرصے تک دیکھ بھال فراہم کرتی ہیں۔ جو خادمہ چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں، انہیں چینی زبان میں یوایر ساؤ کہا جاتا ہے۔ چینی والدین کی طرف سے دونوں گروپس کی طلب زیادہ کی جاری ہے جو زندگی کے معیار کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ گھریلو خدمات کے معیار کے ماہر اور اس معیار کو تیار کرنے میں شریک ژانگ یویو نے کہا کہ زچگی میں دیکھ بھال کرنے والی خادمہ کے لیے نیا معیار تربیت، طریقہ کار اور اس طرح کی خدمات کے معیار کے لیے تقاضوں کا تعارف یا وضاحت کرتا ہے۔

بقیہ جات 59

واپس لائے گئے نمونے ادھار لے سکتے ہیں۔ چائنہ قومی خلائی انتظامیہ کے ماتحت قمری کھوج و خلائی انجینئرنگ مرکز نے کہا ہے کہ 16 تحقیقی اداروں کے 18 محققین کو چاند کے 4.550.6 ملی گرام نمونے دیئے جائیں گے۔ ان اداروں میں چائنہ یونیورسٹی آف جیو سائنسز (بیجنگ)، یونیورسٹی آف ہانگ کانگ، مکاؤ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، بائی ہانگ یونیورسٹی اور ووہان یونیورسٹی شامل ہیں۔

بقیہ جات 60

تیز رفتار ریلوے کے ذریعے گوانگ ڈونگ اور ہانگ کانگ کے درمیان 2 کروڑ 70 لاکھ سے زائد دورے کئے گئے جو سالانہ 37 فیصد اضافہ ہے۔ چینی مین لینڈ کے شہروں اور ہانگ کانگ کو ملانے والے ٹرینوں کے بڑھتے روٹس کے ساتھ ساتھ زیادہ مسافر اس تیز رفتار ریلوے کو سیاحت، کاروبار اور رشتہ داروں سے ملنے کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ ریلوے گروپ کے مسافر نقل و حمل شعبے کے ڈائریکٹر ژانگ ژے کا کہنا ہے کہ مسافروں کی تعداد میں اضافہ گوانگ ڈونگ۔ ہانگ کانگ۔ مکاؤ عظیم تر خلیجی علاقے کی تعمیر میں مسلسل پیشرفت اور فروغ پاتی ہوئی اقتصادی ترقی کو ظاہر کرتا ہے۔

بقیہ جات 61

درمیان مزید مکالمے اور تعاون کو فروغ ملے گا۔ سعودی فلم فیسٹیول کے ڈائریکٹر احمد الملا کا کہنا تھا کہ چینی فلمی میلہ نہ صرف سعودی ناظرین کو ایک رنگا رنگ بصری دعوت اور منفرد ثقافتی تجربہ پیش کرے گا بلکہ یہ چین۔ سعودی عرب فلمی تبادلے و تعاون کے لئے ایک پلیٹ فارم بھی تیار کرے گا۔ تین روزہ اس تقریب کا اہتمام چائنہ فلم انتظامیہ اور جدہ میں چینی قونصلیٹ جنرل نے مشترکہ طور پر کیا ہے جبکہ چائنہ فلم آرکائیو نے اس میں معاونت کی ہے۔

بقیہ جات 62

کیلئے پلوامہ میں 5000 کنال اہم زرعی اراضی کیوں حاصل کی جا رہی ہے؟ مقامی باشندوں نے یہ بنیادی سوال اٹھایا ہے۔ ناقدین کا استدلال ہے کہ اگر تعلیم حقیقی طور پر ایک ترجیح ہے تو حکومت کو مزید اہم مسائل جیسے کہ درج فہرست قبائل (ST) اور درج فہرست ذاتوں (SC) کے لیے غیر متوازن ریزرویشن پالیسی پر توجہ دینی چاہیے جو بہت سے لوگوں کے مطابق تعلیم کے معیار اور علاقے کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ ماہرین تعلیم اور سیاسی تجزیہ کاروں نے بھی اتنی وسیع پیمانے پر زمین کے حصول کی ضرورت پر سوال اٹھایا ہے۔ ایک اسکالر طاہر فیروز نے منصوبے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ مجوزہ این آئی ٹی پلوامہ تقریباً 600 ایکڑ پر محیط ہے جس کا سائز یورپ کا سب سے بڑے شہری کیمپس یونیورسٹی کالج ڈبلن سے دوگنا اور MIT سے تین گنا زیادہ ہے۔ ماحولیاتی لحاظ سے حساس علاقے میں انجینئرنگ کالج کے لیے اتنا بڑا کیمپس کیوں؟ فیروز نے ممکنہ ماحولیاتی اثرات کو بھی اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں بنیادی ڈھانچے کے منصوبے پہلے ہی زرخیز زمین کا ایک بڑا حصہ استعمال کر چکے ہیں۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور / ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت غلام احمد (متوفی) ولد محمد سرور ساکن موضع منڈی احمد آباد تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہر گاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع منڈی احمد آباد تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ غلام احمد (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ مظہران بی بی (بیوہ)، محمد امجد جاوید، محمد راشد جاوید، تنزیل احمد، ریحانہ شاہین، فاطمہ غلام پسران و دختران متوفی غلام احمد ساکنان موضع منڈی احمد آباد تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت غلام احمد (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بعد ثبوت حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

پنجاب کے پی اور اسلام آباد میں مزید 43 گیس کنکشن منقطع 6 لاکھ کے جرمانے

لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے اور گیس چوری کے خلاف 3 لاکھ 30 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے

فیصل آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا، جبکہ گیس چوری کی مد میں 20 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے

لاہور (صدف الطاف سے) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) نے گیس چوری کے خلاف جاری مہم کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 43 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے، جبکہ 6 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے اور گیس چوری کے خلاف 3 لاکھ 30 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 1

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

سرکاری اداروں کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے، میاں محمد علی

اساتذہ سمیت تمام ملازمین کی پنشن، گریجویٹی، لیو انکیشمنٹ کے ترمیم شدہ اور رول 17-اے اور فیملی پنشن کے خاتمے کے نوٹیفیکیشنز کینسل کیے جائیں

جائز مطالبات منوانے کے لیے چلائی جانے والی احتجاجی تحریک کے دوران اساتذہ اور دیگر ملازمین کے خلاف کی جانے والی محکمانہ تمام کارروائیوں کو فی الفور ختم کیا جائے

لاہور (خبر نگار) پنجاب ٹیچرز الائنس پنجاب کے چیئرمین میاں امجد علی، رشید احمد بھٹی، چوہدری اللہ رکھا گجر، ملک عبداللطیف شہزاد، میڈم سعیدہ اقبال، مرزا محمد طارق، محمد اکرم سیال، میاں امتیاز احمد، میاں شہزاد منور، محمد رمضان گل، ملک ناصر عباس اعوان، اکرام اللہ سلیمی، وحید حیدر گجر، محمد افضل بھنڈر، زاہد رفیق، ڈاکٹر عدنان احمد، رانا نقیب الرحمان سمیت دیگر راہنماؤں نے حکومت پنجاب کی طرف سے گورنمنٹ سکولوں، ہسپتالوں اور دیگر گورنمنٹ اداروں کی نجکاری کے فیصلے کو عوام اور ملازمین دشمن فیصلہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

لاہور، صوبائی وزیر مجتبیٰ شجاع الرحمن طالبہ کو انعام دے رہے ہیں

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، خراب موسم میں محفوظ لینڈنگ کیلئے انسٹرومنٹ لینڈنگ سسٹم فعال

آئی ایل ایس رن وے پر پہنچنے اور اترنے والے طیاروں کو درست رہنمائی فراہم کرتا ہے

گوادر (این این آئی) نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ (این جی آئی اے) پر خراب موسمی حالات کے دوران طیاروں کی لینڈنگ اور ٹیک آف کی کارکردگی بڑھانے کیلئے ہائی ٹیک انسٹرومنٹ لینڈنگ سسٹم (آئی ایل ایس) سی اے ٹی تھری (بی) کامیابی کے ساتھ فعال کر دیا گیا۔ گوادر پرو کے مطابق انسٹرومنٹ لینڈنگ سسٹم (آئی ایل ایس) زمین پر مبنی نقطہ نظر کا نظام ہے جو رن وے پر پہنچنے اور اترنے والے طیاروں کو درست رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

وزیر خزانہ نے پاکستان بزنس فورم کے چارٹر آف اکانومی کے مطالبے کی توثیق کر دی

تمام بڑی سیاسی جماعتوں کے مفاد میں ہے کہ وہ اکٹھے ہوں، خواجہ محبوب الرحمن

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان بزنس فورم کے چارٹر آف اکانومی کے مطالبے کی توثیق کر دی۔ خط میں صدر پی بی ایف خواجہ محبوب الرحمن نے کہا تھا ملک کو چارٹر آف اکانومی کی تشکیل کی فوری ضرورت ہے جسے وسیع سیاسی اتفاق رائے اور سول سوسائٹی کی حمایت حاصل ہو تاکہ عوامی اخراجات، ٹیکس کی شرح، زراعت اور مالیاتی استحکام جیسے مسائل پر وسیع البنیاد سیاسی معاہدے کے ساتھ چارٹر آف اکانومی تیار کیا جانا چاہیے۔ انھوں نے کہا تمام بڑی سیاسی جماعتوں کے مفاد میں ہے کہ وہ اکٹھے ہوں اور قوم کی بہتری کے لیے معاشی پالیسیوں پر اتفاق رائے پیدا کریں۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے۔

قائد جمعیت کی ملکی اور بین الاقوامی سیاست پر گہری نظر ہے، جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر ہمدرد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تجاہی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قائد جمعیت کی ملکی اور بین الاقوامی سیاست پر گہری نظر ہے، مولانا فضل الرحمن مختلف اوقات میں وطن عزیز کے خلاف ہونے والی سازشوں سے آگاہ کرتے رہے ہیں۔ عوام سے اپیل ہے کہ وہ مولانا فضل الرحمن کی صحت یابی کیلئے دعا کریں۔

وزیراعظم آنیوالے دنوں میں قوم کو حکومت کے معاشی ایجنڈے سے آگاہ کرینگے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف آنے والے دنوں میں قوم کو حکومت کے معاشی ایجنڈے سے آگاہ کریں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے لاہور میں پریس کانفرنس میں بتایا کہ ہم ڈیفالٹ سے معاشی استحکام کی طرف آگئے ہیں، ہمارا اگلا ہدف گروتھ کا ہے، وزیراعظم شہباز شریف آنے والے دنوں میں اس حوالے سے تقریب سے خطاب کریں گے اور حکومت کے معاشی ایجنڈے پر تفصیل سے بات کریں گے۔

شدید دھند کے باعث دو پروازیں منسوخ، 9 تاخیر کا شکار

دبئی سے آنے والی پرواز پی اے 417 کا رخ اسلام آباد کی جانب موڑ دیا گیا

لاہور (این این آئی) شدید دھند کے باعث علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فلائٹ آپریشن متاثر رہا۔ رپورٹ کے مطابق لاہور آنے والی ایک پرواز کا رخ تبدیل، 2 پروازیں منسوخ جبکہ 9 سے زائد پروازیں تاخیر کا شکار رہیں۔ دبئی سے آنے والی پرواز پی اے 417 کا رخ اسلام آباد کی جانب موڑ دیا گیا، لاہور سے دبئی جانے والی سیرین ایئر کی پرواز ای آر 723 کو منسوخ کر دیا گیا۔ لاہور سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

کرم تنازع سے متعلق ایک فریق نے مشاورت کے لیے وقفہ مانگا ہے، بیرسٹر سیف

ایپکس کمیٹی کے فیصلے کے مطابق بنکرز اور اسلحے کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) حکومت خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ کرم تنازع کے حل کے لیے جرگہ رات گئے تک جاری رہا جس میں دونوں فریقین کے درمیان عمومی طور پر اتفاق رائے ہو چکا تھا تاہم صرف چند نکات پر مشاورت کے لیے ایک فریق نے 2 دن کا وقفہ مانگا ہے۔ پشاور سے جاری اپنے ایک بیان میں ان کا کہنا تھا کہ کوہاٹ میں کرم تنازعے کے حل کے لیے جرگہ رات گئے تک جاری رہا، دونوں فریقین کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

نارووال، وفاقی وزیر احسن اقبال عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے کبھی ملک کے خلاف سازش نہیں کی، محمد حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے کبھی ملک کے خلاف سازش نہیں کی، حکمران ابھی تک عہدے بانٹنے میں مصروف ہیں منظور نظر لوگوں سے خانہ پری کی جا رہی ہے، ملک کو جعلی حکومت سے نجات دلا کر ہی ترقی و استحکام کی راہ ہموار کی جا سکتی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت اور تحریک انصاف میں مذاکرات سیاسی استحکام کیلئے خوش آئند عمل ہے، ڈائیلاگ میں حکومت کو چاہیے کہ تحریک انصاف کے مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے مذاکرات کو کامیاب بنائے۔

کشتواڑ میں درمیانی درجے کے زلزلے کے جھٹکے

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ضلع کشتواڑ اور اس سے ملحقہ علاقوں میں درمیانی درجے کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ہفتے کی شام 3.4 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا تاہم فوری طور پر کسی بڑے جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ بھارت کے نیشنل سینٹر فار سیسمولوجی کے مطابق زلزلے کا مرکز کشتواڑ میں تھا اور اس کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔

لاہور، شہری سڑک کنارے لگے سٹالز سے ہیلمٹ خرید رہے ہیں

سموگ اور فضائی آلودگی کے خلاف پنجاب حکومت کی موثر کارروائیاں جاری

11,000 بھٹوں کی چیکنگ، 11,153 کو نوٹسز، 1,191 بھٹے مسمار، 1,335 سیل کیے گئے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔ محکمہ تحفظ ماحول نے پنجاب بھر میں 11,000 بھٹوں کی چیکنگ کی، جن میں سے 11,153 کو نوٹسز جاری کیے گئے، 1,191 بھٹے مسمار کیے گئے، 1,335 سیل کیے گئے، اور 1,832 مقدمات درج کیے گئے۔ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر 484 فیکٹریاں سیل کی گئیں، 174 مقدمات درج کیے گئے۔

صدر زرداری سے خیر کی امید تھی

ساجد میر کا مدارس بل پر دستخط کے اقدام کا خیر مقدم

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سربراہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے صدر کی جانب سے مدارس بل پر دستخط کے اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں صدر زرداری سے خیر کی امید تھی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بل پر دستخط کے بعد مدارس کی خودمختاری کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ مدارس دینیہ کی قیادت اور مولانا فضل الرحمن کی اجتماعی کاوشیں رنگ لائیں۔ دینی طبقات مبارکباد کے مستحق ہیں، ہم حکومت، اداروں اور ایوان صدر کے ممنون ہیں۔

بلاول بھٹو زرداری کھری بات کرنے والے لیڈر ہیں، شازیہ مری

وفاقی حکومت سے پیپلز پارٹی کے معاملات سنگین ہیں، حکومتی دھونس دھمکیوں سے کام نہیں چلے گا

پاکستانی عوام تکلیف میں ہوگی تو بلاول بھٹو زرداری آواز تو اٹھائیں گے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے یوم شہادت پر منعقد تاریخی جلسہ عام میں اپنے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے ملک و عوام کو درپیش مشکلات کے حوالے اٹھائے گئے معاملات کو پاکستان کی عوام کے حقیقی نمائندے کی تشویش قرار دیا ہے۔ پی پی پی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی سیکرٹری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

کراچی پریس کلب، انتخابات، دی ڈیموکریٹس پینل نے ایک بار پھر کلین سویپ کر لیا

فاضل جمیلی صدر، ارشاد کھوکھر نائب صدر، سہیل افضل سیکرٹری، محمد منصف جوائنٹ سیکرٹری اور عمران ایوب خازن منتخب

عبدالحفیظ بلوچ، کفیل احمد، موسیٰ صدیقی، محمد فاروق، حماد حسین، منظور شیخ اور قاضی محمد یاسر گورننگ باڈی کے ممبر منتخب ہو گئے

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب کے سالانہ انتخابات میں دی ڈیموکریٹس پینل نے ایک بار پھر میدان مار لیا، مسلسل 17 ویں مرتبہ کلین سویپ کیا اور 12 کی 12 نشستوں پر بھرپور کامیابی حاصل کی۔ پریس کلب کے سالانہ انتخابات 2025 کیلئے پولنگ 28 دسمبر بروز ہفتہ صبح 9 تا شام 6 بجے تک بغیر کسی وقفے کے کراچی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

سال 2024 میں سب سے زیادہ سستی اور مہنگی ہونے والی اشیاء سے متعلق رپورٹ جاری

ٹماٹر 138.53 فیصد، خواتین کے سینڈل 75.09، آلو 61.17، دال چنا 51.17، دال مونگ 31.51 فیصد مہنگے ہوئے

پاؤڈر دودھ 25.62، گائے کا گوشت 24.28، لہسن 17.27، گیس 15.52 فیصد، جلانے والی لکڑی 13.14 فیصد مہنگی ہوئی

لاہور (این این آئی) سال 2024 میں سب سے زیادہ سستی اور مہنگی ہونے والی اشیاء سے متعلق رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سال 2024 میں سب سے زیادہ ٹماٹر مہنگے جبکہ آٹا اور پیاز سستے ہوئے۔ میڈیا رپورٹ میں ادارہ شماریات کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ ایک سال کے دوران ٹماٹر 138.53 فیصد مہنگے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

ڈائیلاگ میں بانی کے جرائم کا ایجنڈا شامل نہیں، مصدق ملک

شہداء کی یادگار کو مسمار، دفاعی تنصیبات پر حملہ ناقابل معافی جرائم ہیں

وفاقی وزیر پٹرولیم کا 21 ویں عالمی فارمیسی کانفرنس اور نمائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ ملکی مفاد کو سیاست کی نذر نہیں کرنا چاہیے، پی ٹی آئی سے بات چیت خوش آئند، ڈائیلاگ میں بانی کے جرائم کا ایجنڈا شامل نہیں ہوگا، مسائل کا حل مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے، شہدا کی یادگار کو مسمار، دفاعی تنصیبات پر حملہ ناقابل معافی جرائم ہیں، کرپشن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

تاجدار صداقت ریلی

لاہور، پاکستان سنی تحریک شالیمار ٹاؤن کے زیر اہتمام تاجدار صداقت ریلی نکالی جا رہی ہے

مختلف انعامی بانڈز واپس کرنے کی (کل) آخری تاریخ

لاہور (این این آئی) ساڑھے 7 ہزار، 15 ہزار، 25 ہزار اور 40 ہزار روپے مالیت کے انعامی بانڈز واپس کرنے کی کل (منگل) آخری تاریخ ہے۔ انعامی بانڈز اسٹیٹ بینک، بینکنگ سروسز کارپوریشن اور کمرشل بینکوں سے واپس یا تبدیل کرائے جا سکتے ہیں۔ مذکورہ بانڈز کے حوالے نیشنل سیونگز اسکیم سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ مرکزی بینک کے مطابق 31 دسمبر 2024 کے بعد انعامی بانڈز واپسی کی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نبی کریمؐ کی جانشینی کا حق ادا کر دیا، قاری اعظم حسین

حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی روشن زندگی صدق و وفا قیامت تک آنے والوں کیلئے مشعل راہ ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نبی کریمؐ کی جانشینی کا حق ادا کر دیا، امت کی گنتی سیدنا صدیق اکبرؓ سے شروع ہوتی ہے، آپ نے دین اسلام کیلئے گرانقدر قربانیاں دیں، حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی روشن زندگی صدق و وفا قیامت تک آنے والوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ اشاری، انجینئر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

بینکس، مالیاتی ادارے (بدھ) کو بند رہیں گے

لاہور (این این آئی) تمام بینکس اور مالیاتی ادارے یکم جنوری بروز بدھ کو عوامی لین دین کیلئے بند رہیں گے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اس سلسلے میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ جس کے مطابق تمام بینکس، ترقیاتی مالی اداروں اور مائیکروفنانس بینکس کا عملہ یکم جنوری کو معمول کے مطابق دفاتر میں موجود ہوگا تاہم عوام سے لین دین نہیں ہوگا۔

کراچی، رنوے اسٹائل فیشن شو میں معروف ماڈل متھیرا واک کر رہی ہیں

بی جے پی جھوٹے بیانیے کے ذریعے عالمی برادری کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے، چوہدری دلپذیر

بھارتی اہلکار کشمیریوں کے گھروں میں گھس کر خواتین اور بچوں سمیت مکینوں کو شدید ہراساں اور گھریلو اشیاء کی توڑ پھوڑ کرتے ہیں

لندن (این این آئی) صدارتی مشیر برائے لندن برطانیہ چوہدری دلپذیر نے کہا ہے کہ بی جے پی کی ہندوتوا بھارتی حکومت مقبوضہ علاقے میں حالات معمول کے مطابق ہونے کے اپنے جھوٹے بیانیے کے ذریعے عالمی برادری کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے بھارت اپنے بے بنیاد بیانیے کو فروغ دینے کیلئے سچائی اور حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گذشتہ روز میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی زمینی صورتحال مقبوضہ علاقے میں صورتحال ٹھیک ہونے کے جھوٹے بھارتی بیانیے کی نفی کرتی ہے اور حالات پرامن ہونے کا بھارتی دعویٰ ایک بھونڈے مذاق کے سوا کچھ نہیں۔ انھوں نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ علاقے میں جاری بھارتی چیرہ دستیوں کا نوٹس لے اور تنازعہ کشمیر کو اپنی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کرانے کیلئے کردار ادا کرے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی اہلکار کشمیریوں کے گھروں میں گھس کر خواتین اور بچوں سمیت مکینوں کو شدید ہراساں اور گھریلو اشیاء کی توڑ پھوڑ کرتے ہیں اور کشمیریوں کو شدید سردی میں گھروں سے باہر کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور کرتے ہیں۔

کراچی، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود جامعہ کراچی کے داخلہ ٹیسٹ کے لئے قائم امتحانی مراکز کا دورہ کر رہے ہیں

مقبوضہ جموں وکشمیر میں ترقی کے نام پر زمینوں پر قبضہ، این آئی ٹی کیلئے 5 ہزار کنال مختص

ماہرین تعلیم اور سیاسی تجزیہ کاروں نے بھی اتنی وسیع پیمانے پر زمین کے حصول کی ضرورت پر سوال اٹھایا ہے

سرینگر (این این آئی) بھارت غیر قانونی طور پر زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ترقیاتی منصوبوں کی آڑ میں زمینوں پر قبضے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور تازہ ترین اقدام میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے ایک نئے کیمپس کے قیام کیلئے ضلع پلوامہ میں تقریباً 5,000 کنال زرعی اراضی کا حصول شامل ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی حکام کی جانب سے این آئی ٹی پلوامہ کیمپس کیلئے 4,834 کنال اراضی حاصل کرنے کے منصوبے کو شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا، بہت سے لوگوں نے اسے غیر ضروری اور غیر منصفانہ قرار دیا ہے۔ مقامی لوگوں کو خدشہ ہے کہ یہ زمینوں پر قبضے کا ایک اور بہانہ ہے جسے ترقیاتی منصوبے کا نام دیا گیا ہے۔ اس منصوبے نے ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے، ناقدین تعلیمی ادارے کے قیام کیلئے اتنے بڑے پیمانے پر زمین پر قبضے پر سوال اٹھا رہے ہیں اس فیصلے سے شہریوں اور مقامی کمیونٹیز میں علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے اور سیاسی منظر نامے پر طویل مدتی اثرات کے بارے میں شدید تشویش پیدا ہوئی ہے۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

حکمران ابوبکر صدیقؓ کے طرز حکمرانی سے رہنمائی لیں، سنی علماء کونسل

سیدنا ابوبکرؓ نے امانت، دیانت، صداقت اور ایثار کی لازوال مثالیں قائم کیں، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکمران ابوبکر صدیقؓ کے طرز حکمرانی سے رہنمائی لیں، سیدنا ابوبکر صدیقؓ رسول اکرمؐ سے والہانہ محبت رکھتے تھے اور اپنا تن من دھن آپؐ پر قربان کر دیا تھا، سیدنا ابوبکرؓ نے امانت، دیانت، صداقت اور ایثار کی لازوال مثالیں قائم کیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ غزوہ تبوک میں آپؓ نے جو اطاعت رسول ﷺ،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کو چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ (سی 5) کی تعمیر کا لائسنس جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کو چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ یونٹ (سی 5) کی تعمیر کا لائسنس جاری کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی نے نیوکلیئر ذرائع سے 1200 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے والے سب سے بڑے پلانٹ سی 5 کی تعمیر کا لائسنس جاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

ڈنگی کارٹ مالکان کی رجسٹریشن کے فیصلے کا خیر مقدم، سندھ ڈنگی کارٹ ریس ایسوسی ایشن

کراچی (این این آئی) سندھ ڈنگی کارٹ ریس ایسوسی ایشن کے صدر سید ذوالفقار شاہ اور جنرل سیکرٹری مشتاق حسین نے صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر کی ہدایت پر ڈنگی کارٹ مالکان کی رجسٹریشن کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈنگی کارٹ ایسوسی ایشن کا شروع سے ہی یہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

واٹر اینڈ سینیٹیشن کمپنی پشاور WSSP کے ملازمین کی نمائندہ یونین کے دو سال کیلئے انتخاب 7 جنوری کو ہوں گے

کراچی، پشاور (این این آئی) واٹر اینڈ سینیٹیشن کمپنی پشاور WSSP کے ملازمین کی نمائندہ یونین کے دو سال کیلئے انتخاب کیلئے ریفرنڈم 7 جنوری کو دو یونینز یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین (شیر) اور آل میونسپل ورکرز یونین (عقاب) کے درمیان ہوگا۔ یونائیٹڈ میونسپل ورکرز یونین (شیر) کی قیادت ملک نوید اعوان، بلال احمد، رضوان اللہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

اسلام آباد، رکن قومی اسمبلی انجم عقیل ہینڈی کرافٹس نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

منشی پریمیئر لیگ سیزن فور کا شاندار انعقاد خوش آئند اقدام ہے، قاضی مصطفی

قاضی مصطفی، سید محمد حسین منشی، ایاز منشی نے جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی اور کھلاڑیوں میں میڈلز، ایوارڈ تقسیم کیے

کراچی (این این آئی) پاک جونا گڑھ منشی جماعت کے زیر اہتمام منشی پریمیئر لیگ سیزن فور کا شاندار انعقاد اصغر علی شاہ اسٹیڈیم میں منعقد ہوا جس کا افتتاح پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان جناب یونس خان نے کیا جبکہ اختتامی تقریب میں جونا گڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل قاضی مصطفی نے اعزازی گیسٹ کی حیثیت سے منشی جماعت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

دنیاوی فکروں کو چھوڑ کر فکر آخرت کی تیاری کریں، حاجی اطہر عطاری

نیکیاں قبر و آخرت بلکہ دنیا میں بھی کام آئیں گی، رکن شوریٰ کا نورانی مسجد ملیر میں بیان

کراچی (این این آئی) دعوت اسلامی کے تحت نورانی مسجد ملیر میں سنتوں بھرے اجتماع کا انعقاد ہوا جس میں قرب و جوار سے کثیر تعداد میں عاشقان رسول شریک ہوئے، اختتام پر ذکر اللہ ہوا اور خصوصی دعا بھی کی گئی، اجتماع سے حاجی محمد اطہر عطاری نے سنتوں بھرا بیان کرتے ہوئے کہا کہ جس نے اپنی تمام فکروں کو صرف ایک فکر یعنی فکر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے، ہم کام کر رہے ہیں، کام کا سفر جاری رہیگا، میئر کراچی

ہم تفریق کی سیاست پر نہیں کام کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، ہم نے ہمیشہ سے عوام کی خدمت کی ہے، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے، ہم کام کر رہے ہیں، کام کا سفر جاری رہے گا۔ ہم تفریق کی سیاست پر نہیں کام کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں۔ کراچی کے علاقے میوہ شاہ اور اس کی ملحقہ شاہراہوں کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ پہلی بار میوہ شاہ کے علاقے میں پیپلز پارٹی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

اسلام آباد، استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری چوہدری عبدالرؤف سابق صدر فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن سہیل ملک و دیگر کا گروپ فوٹو

بھارت، ہریانہ میں مسلمان میتیں گھروں میں دفن کرنے پر مجبور

گذانہ میں 50 سے زائد مسلمان خاندانوں کو قبرستان نہ ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا

چرخی دادری (این این آئی) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاست ہریانہ میں مسلمان قبرستان نہ ہونے کی وجہ سے میتیں اپنے گھروں میں دفن کرنے پر مجبور ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ضلع چرخی دادری کے علاقے گذانہ میں 50 سے زائد مسلمان خاندانوں کو قبرستان نہ ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صورتحال تیزی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کو فوجی چھاؤنی میں تبدیل کر دیا ہے، حریت کانفرنس

ہندوتوا کی حامی بھارتی اسٹیبلشمنٹ نے اپنے مظالم میں تیزی لائی ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ بھارت نے علاقے کو عملی طور پر ایک فوجی چھاؤنی میں تبدیل کر دیا ہے جہاں لوگوں کے تمام بنیادی سیاسی اور قانونی حقوق سلب کر لیے گئے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

راولپنڈی، شکریال میں گیس پائپ لائن میں لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا

گلی میں نالے کے اندر پائپ لائن سے گیس لیک تھی جس کے باعث آگ لگی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے شکریال میں گیس پائپ لائن میں لگنے والی آگ پر بروقت قابو پا لیا گیا۔ حکام کے مطابق آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکار اس مقام پر پہنچے اور علاقے کو کارڈن آف کر کے عوام کی نقل و حرکت محدود کر دی۔ انہوں نے بتایا کہ گلی میں نالے کے اندر پائپ لائن سے گیس لیک تھی جس کے باعث

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

موٹر سائیکل پر بیوی کے ساتھ سوار تھا کہ اچانک بیوی نے گردن پر بلیڈ چلا دیا

شوہر کی مدعیت میں اقدام قتل کی دفعات کے تحت درج، خاتون کو گرفتار کر کے ویمن تھانے منتقل کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) بلوچ کالونی میں گھریلو ناچاکی پر بیوی نے اپنے شوہر کی گردن پر چھری پھیر دی، پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا۔ گزشتہ روز بلوچ کالونی میں بیوی نے شوہر کی گردن پر تیز دھار آلہ پھیر دیا تھا، جس کا مقدمہ بلوچ کالونی تھانے میں شوہر کی مدعیت میں اقدام قتل کی دفعات کے تحت درج کر لیا گیا۔ ایف آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

نئے سال میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ متوقع

وزیراعظم کی منظوری کے بعد نئی قیمتوں کا اطلاق یکم جنوری 2025 سے ہوگا

کراچی (این این آئی) مہنگائی سے متاثرہ عوام کیلئے ایک اور دھچکا، نئے سال کے آغاز پر ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ متوقع ہے، ڈیزل کی قیمتوں میں 4 روپے فی لیٹر سے زائد اضافے کا امکان ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن کے ذرائع نے ہفتے کے روز انکشاف کیا کہ پیٹرول کی قیمتیں برقرار رہنے کے باوجود مٹی کے تیل کی قیمت میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

پنوں عاقل، نامعلوم افراد کی فائرنگ، 2 افراد جاں بحق، ایک زخمی

پنوں عاقل (این این آئی) پنوں عاقل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ ذرائع کیمطابق نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے گھات لگا کر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 2 افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق جاں بحق افراد کی شناخت سلمان چاچڑ اور کریم بخش کے نام سے ہوئی ہے، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
نیوز ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار احمد شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 الحسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

سعودی عرب کے شہر جدہ میں چینی فلمی میلہ شروع ہو گیا

مقامی ناظرین کو 6 چینی فلمیں دکھائی جائیں گی

جدہ (شنہوا) سعودی عرب کے شہر جدہ میں چینی فلمی میلہ شروع ہو گیا ہے جس کے دوران مقامی ناظرین کو 6 چینی فلمیں دکھائی جائیں گی۔ جدہ میں چینی قونصل جنرل وانگ چھی من نے سعودی عرب میں چینی فلموں کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ زبان کی رکاوٹیں دور کرتے ہوئے سینما ثقافت اور عوامی تبادلوں میں ایک اہم پل کا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس تقریب سے چینی اور سعودی فلم سازوں کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

پشاور سے کوکی آڑ میں ساڑھے 10 کلو چرس کی دوحہ اسمگلنگ ناکام

پشاور (این این آئی) پشاور سے کوکی آڑ میں ساڑھے 10 کلوگرام چرس کی دوحہ اسمگلنگ ناکام بنا دی گئی۔ ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کے عملے نے پشاور ایئرپورٹ سے کوکی آڑ میں ساڑھے دس کلو گرام سے زائد چرس کی دوحہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ ایئرپورٹ سکیورٹی فورس حکام کے مطابق مسافر حسن ابراہیم دوحہ کی پرواز پر سفر کیلئے پشاور ایئرپورٹ پہنچا تھا۔

اسلام آباد، اسٹیٹ ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر سردار طاہر محمود ویلفیئر کمیٹی کے چیئرمین کا نوٹیفکیشن اختر عباس کو دے رہے ہیں

گوانگ ڈونگ میں تیز رفتار ریلوے سے 60 کروڑ مسافر دوروں کا ریکارڈ بن گیا

گوانگ ژو (شنہوا) چین کے اقتصادی مرکز گوانگ ڈونگ صوبے سے 2024 کے دوران 60 کروڑ مسافر دورے ریکارڈ ہوئے جس میں ہانگ کانگ سے آمدورفت میں اضافہ بھی شامل ہے۔ گوانگ ژو ریلوے گروپ کے مطابق ہفتے تک 2024 میں مسافروں نے گوانگ ژو۔شین ژین۔ہانگ کانگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

چین نے قمری نمونوں پر تحقیق کے لئے نئی درخواستوں کی منظوری دیدی

16 تحقیقی اداروں کے 18 محققین کو چاند کے 8,550.4 ملی گرام نمونے دیئے جائیں گے

بیجنگ (شنہوا) چین کے خلائی ادارے نے قمری نمونوں کے حوالے سے تحقیقاتی درخواستوں کے آٹھویں گروپ کی منظور شدہ فہرست جاری کر دی ہے۔ اس میں شامل درخواست دہندگان چھانگ ای 5 اور چھانگ ای 6 مشن کے ذریعے زمین پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

چین نے زچگی میں دیکھ بھال کرنے والی اور خادمہ کی خدمات کے لیے معیار کو بہتر کر دیا

بیجنگ (شنہوا) چین نے 2 نئے نظر ثانی شدہ قومی معیار متعارف کرائے ہیں جس کا مقصد زچگی میں دیکھ بھال کرنے والی اور خادمہ کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانا ہے تاکہ بدلتی ہوئی آبادی کی صورتحال کے تناظر میں بچوں کی پیدائش کی حمایت کی جا سکے۔ وزارت تجارت کے مطابق یہ معیار یکم مارچ 2025 سے نافذ ہوں گے اور یہ معیار گھریلو زچگی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چین سے خریدی جانے والی 36 نئی فلیٹ ویگنز کمبوڈیا پہنچ گئیں

مملکت میں پہنچنے والی فلیٹ ویگنز کی مجموعی تعداد 96 ہو گئی ہے

نوم پن (شنہوا) چین سے خریدی جانے والی 36 نئی فلیٹ ویگنز کی دوسری کھیپ کمبوڈیا پہنچ گئی ہے جس سے مملکت میں پہنچنے والی فلیٹ ویگنز کی مجموعی تعداد 96 ہو گئی ہے۔ رائل گروپ کے ذیلی ادارے کمبوڈیا کی ریلوے آپریٹر کمپنی رائل ریلوے پی ایل سی نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ یہ جدید ویگنز جمعہ کو سیہانوک ویل خود مختار بندرگاہ پر پہنچی تھیں اور ہفتہ کی صبح کامیابی سے اتاری گئیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ یہ ویگنز چین کی ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

افغانستان کو بے گھر اور واپس آنے والوں کے لئے تقریباً ایک کروڑ ڈالر کی امداد ملے گی

گزشتہ 8 ماہ کے دوران تقریباً 10 لاکھ افغان مہاجرین پاکستان، ایران اور ترکیہ سے وطن واپس لوٹ چکے ہیں

کابل (شنہوا) افغانستان کی نگران حکومت کی وزارت برائے مہاجرین اور واپسی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک میں ہزاروں بے گھر افراد اور وطن واپس آنے والوں کے لئے سرگرم امدادی ادارے 94 لاکھ امریکی ڈالر سے زائد کی امداد دیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

اسلام آباد، کرائم جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے اعزاز میں سردار یاسر الیاس و دیگر کرسمس کیک کاٹ رہے ہیں